جانشینِ حضور مفتی اعظم تاج الشریعہ، فقیہ اسلام حضرت علامہ
مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری دامت برکاتہم العالیہ کے ہاتھوں لکھی ہوئی دستاویز



نوادراتِ تاج الشریعہ

آثار و تبرکات

مولانا محمد شہاب الدین رضوی

ناشر
اسلامک ریسرچ سینٹر
۵۸ کسگران، سوداگران، بریلی شریف (یوپی)

جانشین حضور مفتی اعظم تاج الشریعہ فقیہ اسلام

حضرت علامہ مفتی حافظ قاری محمد اختر رضا خاں قادری ازہری دامت برکاتہم العالیہ

کی علمی، دینی وفقہی خدمات اور قلمی دستاویز پر مشتمل

میثم قادری

نوادرات تاج الشریعہ

(آثار وتبرکات)

مرتبہ

ڈاکٹر مولانا محمد شہاب الدین رضوی بریلوی

ناشر

اسلامک ریسرچ سینٹر

۵۸۔ کسگران، سوداگران بریلی شریف

سلسلۂ اشاعت نمبر ۱۰

نام کتاب: نوادرات تاج الشریعہ۔ آثار و تبرکات
نام مرتب: ڈاکٹر مولانا محمد شہاب الدین رضوی بریلوی
تصحیح کردہ: مولانا ارشد رضوی مصباحی، مولانا ریحان رضا رضوی
کمپوزنگ: مولانا محمد شفیق الحق رضوی (09997662550)
صفحات: ۲۴۰
سال اشاعت: صفر المظفر ۱۴۳۶ھ / دسمبر ۲۰۱۴ء
باہتمام: عبد الحفیظ نوری بہرائچی، حافظ عامر رضا قادری گونڈوی
تعداد: ۲۰۰۰ (دو ہزار)

ملنے کے پتے:

رضوی کتاب گھر مٹیا محل جامع مسجد دہلی
مکتبہ رحمانیہ درگاہ اعلیٰ حضرت بریلی شریف
قادری کتاب گھر نو محلہ مسجد بریلی شریف
مکتبہ المصطفیٰ نو محلہ مسجد بریلی شریف
اسلامک کتب خانہ بالو گنج، کرنیل گنج ضلع گونڈہ
کتب خانہ امجدیہ مٹیا محل جامع مسجد دہلی
مکتبہ فیضان رضا محلہ سوداگران بریلی شریف
رضوی کتاب گھر جامع مسجد باسنی ضلع ناگور

رابطہ

Islamic Research Center

58.Kasgaran.Saudagran Bareilly Shareef.(U.P) India

M:9837549282,09897385339,08533059674

E-mail:mrazvi.razvi@gmail.com

web site: www.alahazratbooks.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف آغاز

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے ٹھیک ہو نام رضا تم پر کروڑوں درود

ریاست روہیل کھنڈ کی دار السلطنت بریلی شریف عہد قدیم اور دور جدید میں فضل وکمال کی برگزیدہ ہستیاں، علم و دانش کی آماجگاہیں، مجاہدات ومکاشفات کی حامل روحانی خانقاہیں، زہد وتقویٰ سے سرشار علماء وفضلاء شریعت وطریقت کا بہترین سنگم، اور مسند رشد وہدایت پر فائز المرام مہتمم بالشان فرشتہ صفت شخصیات سے بھرپور رہا ہے۔ اس انقلابی شہر کی موسس ذات بابرکات حضرت شاہ دانا ولی بریلوی (۱۵۸۲ء/۹۹۰ھ) کے فیض نے مرجع خلائق بنا دیا۔ اس کی مذہبی، سیاسی، سماجی، ادبی، اور تاریخی حیثیت مسلم الثبوت کی طرح ہے۔

تاریخ روہیل کھنڈ کا مطالعہ کرنے اور اس پر گہری نظر رکھنے والے جانتے ہیں کہ ریاست کے عنوان شباب نواب محمد علی خاں افغانی کے دور ۱۷۱۵ء سے لیکر والی ریاست حافظ الملک نواب حافظ رحمت خاں علیہ الرحمۃ کی شہادت ۱۷۷۴ء تک مدارس عربیہ، مکاتب دینیہ اور خانقاہیں خوب آباد تھیں۔ ۱۸۱۶ء میں مفتی عیوض عثمانی بریلوی کے فتویٰ جہاد نے ایک زبردست معرکہ آرائی کر کے شہر میں انقلاب برپا کر دیا تھا۔ مغلیہ سلطنت دہلی کے آخری فرماں روا بہادر شاہ ظفر اور حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی کے بلاوے پر جنرل محمد بخت خاں بریلوی نے دہلی کا سفر کر کے فوج کی پوری کمان سنبھال کر انگریزوں کے چھکے چھڑا دیئے تھے۔ اور ۱۰/مئی ۱۸۵۷ء کو جنگ آزادی کی میرٹھ سے شروعات کی۔ علامہ فضل حق خیرآبادی کے ذریعہ شاہی جامع مسجد دہلی سے جاری ہونے والے فتوے جہاد کی کاپیاں روہیل کھنڈ کے اضلاع مرادآباد، سنبھل، رامپور، آنولہ، بدایوں اور بریلی میں مفتی کفایت علی کافی مرادآبادی، مولانا مفتی رضا علی خاں نقشبندی بریلوی، مولانا سرفراز علی بریلوی اور مولانا سید ہدایت علی فاروقی کے پاس پہنچیں۔ جس کے نتیجہ میں مسجد سادات نومحلہ بریلی سے مفتی رضا علی خاں بریلوی نے جمعہ کے دن پڑھکر سنایا، اور انگریزوں سے جہاد کا اعلان کیا۔ اس ولولہ انگیز انقلاب آفریں تحریک نے اسلامیان روہیل کھنڈ کے درمیان جذبات حریت بھر دیئے تھے۔ جہاد آزادی سے سرشار حریت کے متوالوں کی اس تحریک کی قیادت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری فاضل بریلوی کے جد امجد مولانا مفتی رضا علی خاں بریلوی کر رہے تھے۔

بریلی کی تاریخ میں ۱۶۰۱ء سے لیکر ۱۸۹۰ء تک خدمت دین اسلام انجام دینے والوں میں حضرت شاہ نیاز احمد چشتی بریلوی، حضرت پہلوان شاہ واصل برکاتی بریلوی، حکیم سعادت علی خاں آنولوی، مولانا ابوالمعانی عثمانی، شاہ سید مجد دالدین مدن میاں، حضرت بشیر الدین مجذوب، مولانا سید اکبر حسین قبائی، شاہ آخوند زیارت خاں، مولانا عبدالعزیز آسی، قاضی عبد الجلیل جنون، شاہ سید مرتضی آنند، مفتی محمد درویش عثمانی، مفتی ابوالحسن قادری، حافظ سید فضل غوث ساقی، مولانا منور حسین

انصاری، مولانا محمد یٰسین پنجابی، شاہ سید میرن میاں احمدی، نواب نیاز احمد خاں ہوش، حافظ محمد بخش آنولوی، ملا عنایت حسین افغانی، صوفی عین الدین مشہدی، مفتی سلطان حسن خاں، مولانا شیخ برکات احمد، مفتی عنایت احمد کاکوروی، مولانا علی احمد اسیر، مولانا محمد حسن چشتی اور حضرت شاہ بشیر میاں نقشبندی وغیرہ کے نام روشن وتابناک کی طرح چمک دمک رہے ہیں۔ ان علماء وفضلاء اور اولیاء کے ادوار کے بعد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کے دور ۱۹۲۱ء تک آپ کے خاندان، خلفاء، تلامذہ اور مریدین ومتوسلین نے اسلام وسنیت کی آبیاری اور قرآن وحدیث کی خدمت میں زندگیاں صرف کیں۔ ان میں خاص طور پر حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں، حضور مفتی اعظم مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خاں نوری، مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی، مفتی عبدالرحمٰن عرف محمد رضا خاں، مولانا حسنین رضا خاں، مفتی نواب مرزا بریلوی، مفتی عزیز غوث ساقی، حافظ سید عبدالکریم قادری، مولانا سید ایوب علی رضوی، حکیم محمد علی خاں رضوی، نواب وزیر احمد خاں، حکیم مولانا مومن سجاد چشتی فخری، مولانا محمود حنفی، مولانا ریاض الدین صدیقی، مولانا حشمت علی بریلوی، مفتی نواب سلطان احمد رضوی، حافظ یقین الدین رضوی، مولانا شاہ شرافت میاں بشیری، حاجی کفایت اللہ، مولانا محمد شاہ تھن میاں، حافظ علی بخش نابینا، مولانا امجد رضا خاں، مفسر اعظم مولانا ابراہیم رضا جیلانی میاں کے نام سر فہرست ہیں۔

تاجدار اہل سنت حضور مفتی اعظم مولانا الشاہ مصطفیٰ رضا خاں نوری بریلوی کے وصال ۱۹۸۱ء سے لیکر موجودہ عہد میں اسلام وسنیت کی خدمت کرنے والوں میں آپ کے جانشین عارف باللہ تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری کے علاوہ امین شریعت علامہ سبطین رضا خاں بریلوی۔ صدر العلماء علامہ تحسین رضا خاں محدث بریلوی، محبوب العلما علامہ مولانا حبیب رضا خاں قادری، ریحان ملت مولانا ریحان رضا خاں رحمانی میاں، مولانا قمر رضا خاں بریلوی، مجاہد سنیت مولانا منان رضا خاں منانی میاں، علامہ مفتی قاضی عبد الرحیم بستوی، مولانا عبد الوحید رضوی، مفتی محمد فاروق رضوی، حاجی محمد غوث خاں حامدی، مولانا سید سخاوت حسین، علامہ مفتی محمد اعظم نوری، مولانا مفتی محمد انور علی رضوی ناناپاروی، مولانا مفتی عبید الرحمٰن رضوی، مفتی ناظم علی قادری مولانا محمد حنیف خاں رضوی اور مفتی قاضی شہید عالم رضوی کے اسمائے گرامی جلی حروف میں لکھنے کے لائق ہیں۔

بریلی کے ماضی قریب کی علمی وتاریخی حیثیت پر نظر ڈالیں تو اٹھارہویں اور انیسویں صدی میں شعروشاعری کے غیر معمولی فروغ کے ساتھ لٹریری سوسائٹی، مطابع اور اخبارات وگلدستوں کا خوب زوروشور ملے گا۔ اور مدارس اسلامیہ میں مدرسہ شریعت، مدرسہ اکبری، مدرسہ جہان خاں، مدرسہ مصباح التہذیب، مدرسہ انگلش گنج، مدرسہ آخوندزادہ وغیرہ کے نام ونشانات ملتے ہیں۔ ریاست کے وزیر اعظم خان بہادر خاں، صدر الصدور مفتی عنایت احمد، اور مولانا مرزا غلام قادر بیگ بریلوی جیسے اہل علم کی سرپرستی نے علم وادب اور تہذیب وثقافت کے بہترین اثرات چھوڑے تھے۔ انگریزوں کے مذہبی اثرات سے ماحول کو محفوظ رکھنے کے لئے رؤسائے بریلی نے اساتذہ سخن کی مہربانی اور سخن پروری کے لئے اخبارات ورسائل کا سلسلہ شروع کیا جس میں خاص طور پر کرم الٰہی کلیم کا ہفت وار روزنامہ اخبار بریلی ۱۹۱۷ء میں جاری ہوکر ۱۹۴۹ء تک شائع ہوتا رہا۔ رئیس الدین رئیس بریلوی نے "ہفتہ وار عرش" ۱۹۳۶ء میں جاری کیا اور ۱۹۴۳ء میں بند ہوا۔ اختر بسولوی نے ۱۹۴۳ء

میں ''ماہنامہ العرش'' جاری کیا۔ ''روہیل کھنڈ اخبار'' کے نام سے ۱۸۷۰ء میں تیج بہادر سنہا نے شروع کیا۔ ہفت وار روہیل کھنڈ'' ۱۹۶۳ء میں جاری ہوا، اور ۱۹۷۷ء میں بند ہوگیا۔ سید ابراہیم رسا بریلوی نے ''ندرت'' کے نام سے ۱۹۴۸ء میں اخبار جاری کیا۔ منشی لچھمن پرساد کی ادارت میں ''عمدۃ الاخبار'' ۱۸۴۶ء سے ۱۸۶۳ء تک چلتا رہا۔ ''ماہنامہ مخزن العلوم'' کو منشی گنگا پرساد نے ۱۸۷۲ء میں شروع کیا۔ ۱۸۹۰ء سے ۱۹۳۰ء تک مرزا اثر چغتائی کی ادارت میں ''روہیل کھنڈ گزٹ'' کی گونج سنائی دیتی رہی۔

قلب شہر میں ''کتب خانہ'' کے نام سے منسوب علاقہ اپنی علمی وفکری اور ادبی ہونے کی شہادت دیتا ہے۔ اس جگہ پر ایک عظیم الشان عمارت میں لائبریری تھی، جس کی بنیاد اہل بریلی نے ۱۸۵۵ء میں ڈالی تھی۔ ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ خیز خونچکاں دور کی نذر ہوگیا۔ تقسیم ملک کے بعد جو حالات رونما ہوئے ان کے زیر اثر کافی علمی وادبی سرمایہ نذر آتش ہوا، یا ردی کے مول فروخت ہوگیا، یا پھر انتقال مکانی کی وجہ سے دسترس سے باہر ہوگیا۔ راقم نے ۲۰۰۷ء میں سفر پاکستان کے دوران اسی جستجو کے تحت مشہور مورخ سید الطاف علی بریلوی کا کراچی میں کتب خانہ دیکھا، ان کے جانشین سید مصطفٰے علی بریلوی (عمر ۹۵ سال) سے ملاقات بھی کی تھی۔ مشہور تذکرہ نویس ڈاکٹر ایوب قادری بریلوی کا کتب خانہ باوجود کوشش کے نہ دیکھ پانے کا ابھی تک احساس ہے۔ مذکورہ کتب خانوں میں تاریخ بریلی کے حوالے سے وافر مقدار میں ذخیرہ موجود ہے۔ کاش کوئی صاحب قلم اس طرف توجہ کریں تو بہت بڑا علمی سرمایہ اہل ذوق کی علمی تسکین فراہم کرسکتا ہے۔ اور بریلی کے مردان خدا و کاملان باصفا پر دبیز پڑی چادر ہٹ سکتی ہے۔

علم ودانش کا یہ ایک طویل سفر نامہ ہے، اگر تاریخ لکھی جائے تو ہزاروں صفحات پر مشتمل ہوگی مگر راقم نے چند لفظوں میں سمیٹنے کی کوشش کی ہے، راقم السطور نے اپنے زمانہ طالب علمی (۱۹۸۹ء۔۱۹۹۰ء) میں اسی بریلی شہر کی نہیں بلکہ عالم اسلامی کی عبقری شخصیت تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا قادری ازہری دامت برکاتہم العالیہ سے حالات معلوم کئے تھے، اسی معلومات کو ترتیب دیکر ''مفتی اعظم اور ان کے خلفاء'' میں شائع کیا، ۲۰۰۷ء میں اسی معلومات کو مزید اضافہ کر کے ''حیات تاج الشریعہ'' کے نام سے ایک مختصر سا رسالہ طبع کرایا۔ بعدہ ۱۹۹۲ء سے حضرت تاج الشریعہ کے ساتھ سفر وحضر میں ایک طویل عرصہ تک رہنے کا خوش نصیب موقع میسر آیا، حضرت کے خادم اور رفیق سفر کی حیثیت سے راقم نے گنگ وجمن کے دوآبے سے لیکر کشمیر کی گل پوش وادیوں تک، کنیا کماری سے لیکر سوراشٹر کے ساحل تک، بنگال کی کھاڑیوں سے لیکر ہمالیہ کے دامن کوہ تک تمام صوبہ جات کے پیر ہوئے وسیع وعریض ہندوستان کے نہ جانے کتنے شہروں وقصبوں اور گاؤں کے سفر کئے ہیں۔ جو مشاہدات سامنے آئے ان کو مزید قلم بند کر کے ۲۰۱۳ء کے عرس رضوی کے موقع پر سوا دوسو صفحات پر مشتمل ''حیات تاج الشریعہ جدید اضافہ'' اردو، ہندی میں شائع کرادیا۔ بحمدہ اللہ تعالیٰ صرف ایک سال کی مختصر مدت میں کتاب کی دس ہزار کاپیاں باذوق حضرات کے ہاتھوں تک پہنچی۔ اس دوران چند سرقہ کرنے والے اہل دانش نے میری تحریرات کو من وعن اپنے علیحدہ علیحدہ ناموں سے شائع کیا، جو اہل قرطاس وقلم کے درمیان نہایت ہی ناشائستہ ونازیبا عمل سمجھا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو دیانت داری کی ہدایت عطا فرمائے (امین)

راقم السطور ۱۹۸۹ء سے حضور مفتی اعظم قدس سرہ ورضویات اور حضرت تاج الشریعہ پر مسلسل لکھ رہا ہے، اس وقت حضرت کی جملہ قلمی ومطبوعہ تصانیف کو جدید ٹائپنگ کر کے منظر عام پر لانے میں مصروف عمل ہے، اور ساتھ ہی حضرت کی علمی ودینی اور فقہی خدمات وکارناموں کو بھی مربوط انداز میں مرتب کرنے میں لگا ہوا ہوں۔ کوشش ہے کہ اللہ تعالیٰ جلد از جلد یہ عظیم خدمت راقم سے لیلے تاکہ بارگاہ مرشد میں یہ حقیر سا نذرانہ عقیدت ومحبت قبولیت سے سرفراز ہو کر میرے لئے سامان آخرت بن جائے۔ (آمین)

زیر نظر کتاب ''نوادرات تاج الشریعہ۔ آثار وتبرکات'' میں وہ بیش بہا انمول جواہرات ملیں گے جس سے قلب کو سکون، اور آنکھوں کو ٹھنڈک ملے گی، حضرت مرشد برحق کے دست مقدس سے لکھے ہوئے یہ جواہر پارے راقم السطور کے پاس محفوظ ہیں۔ میں نے سوچا کہ یہ عظیم شاہ پاروں کا خزانہ صرف میری جاگیر یا وراثت نہ رہے بلکہ یہ پوری امت مسلمہ اور خاص طور پر متوسلین سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ کے ہر ایک فرد کے لئے امانت ہیں، اس لئے میں نے ان خوش خط اور خوبصورت شاہ پاروں وانمول موتیوں کو ہر ایک شخص تک پہنچانے کے لئے طبع کرنے کا ارادہ ظاہر کر دیا، جس کی احباب نے تائید کی تاکہ ہر مرید اپنے مرشد برحق کے آثار وتبرکات کے نقوش سینے میں موزن کر سکے۔ ساتھ ہی مزید تاریخی دستاویزات کو بھی ترتیب دیکر شامل کر دیا کہ ان سے اہل علم بھرپور استفادہ کر سکیں۔

قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب ''نوادرات تاج الشریعہ'' کے تمام مشمولات کو تاریخی وسوانحی منظر نامہ میں دیکھیں، اس کے پس منظر کو راقم نے مثبت انداز میں حتی المقدور سمجھانے کی کوشش کی ہے، تاہم اس کے کسی بھی پہلو سے غلط یا منفی نتیجہ اخذ کرنے کا ارادۂ زحمت نہ کریں۔ میرا مقصد اس عظیم شاہکار دستاویز کو محفوظ ومامون کرنا ہے، اس لئے کہ قوموں کے عروج وزوال کی تاریخ انہی دستاویزات پر منحصر ہوتی ہے۔ اگر کہیں کسی عبارت سے کسی کی دل شکنی ہوئی ہے تو میں اس کے لئے پہلے سے ہی معذرت خواہ ہوں

شہاب مجھے کہتے ہیں، شہرت ہے بہت میری
اس دور کشاکش میں، خدمت ہے بہت میری

سگ در آستانہ عالیہ رضویہ
احقر محمد شہاب الدین رضوی غفرلہ
(۱۵ر نومبر ۲۰۱۴ء/ ۱۴۳ھ بروز ہفتہ)

دعائیہ کلمات

از: محقق عصر استاذ العلماء حضرت علامہ مفتی سید شاہد علی حسنی حسینی رضوی محدث رامپوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

میرے مرشد برحق شہزادۂ اعلیٰ حضرت تاجدار اہل سنت حضرت مفتی اعظم نور اللہ مرقدہ کے وارث وجانشین فقیہ اسلام تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی شاہ محمد اختر رضا خاں قادری ازہری مدظلہ النورانی کی ذات بابرکات وستودہ صفات عالم اسلام کے لئے منبع علم وعرفان اور مرجع خلائق ہے۔

حضرت تاج الشریعہ کی سیرت وسوانح اور خدمات وکارناموں پر میرے فرزند روحانی عزیزم مولانا محمد شہاب الدین رضوی سلمہ نے گزشتہ سال ''حیات تاج الشریعہ'' تصنیف کی، اور اب ''نوادرات تاج الشریعہ۔آثار وتبرکات'' لکھ کر جملہ وابستگان سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کو بیش بہا انمول تحفہ پیش کیا ہے۔ میں نے اپنی علالت اور مصروفیات کی وجہ سے جستہ جستہ دیکھا، ایک نئی جہت کے ساتھ سوانح وسیرت پڑھنے کا لطف ملیگا۔ مولانا تاریخ وتذکرہ اور رضویات کے موضوع پر مسلسل تصنیف وتالیف میں مصروف ہیں۔

فقیر غفرلہ القدیر بارگاہ رب العزت میں مورخ بریلی مولانا محمد شہاب الدین رضوی سلمہ کے لئے دعا گو ہے کہ ان کو مزید خدمت دین اسلام واہل سنت وجماعت کی توفیق دے اور بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں قبولیت سے سرفراز کرے اور آفات دنیاوی وسماوی سے محفوظ ومامون رکھے۔ آمین

بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ و بارك و سلم.

دعا گو

فقیر نوری سید شاہد علی رضوی غفرلہ

قاضی شرع ومفتی ضلع رامپور

شیخ الحدیث الجامعۃ اسلامیہ گنج قدیم مصطفےٰ آباد عرف رام پور

(۲۸/نومبر ۲۰۱۴ء/۱۴۳۶ھ)

باب اول

نوادرات تاج الشریعہ

☆ ـــــــــ ایک نظر میں

☆ ـــــــــ سلسلہ اسناد طریقت

☆ ـــــــــ سلسلہ اسناد حدیث

قصيدة في الحمد ومدح النبي صلى الله تعالى عليه وسلم

من فضيلة الشيخ العلامة المفتي محمد اختر رضا القادري الازهري

بسم الله الرحمن الرحيم

اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو		
يفنى الكلُّ ويبقى هو	ليس الباقي الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
من كان دعاه ان يا هو	ذاك حميدٌ عقباه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
من كان لربّي دنياه	عاش سعيدًا اخراه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
من كنت الٰهي مولاه	كلُّ النّاس تولّاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
من مات يقول اللّٰه	ذاك الخالد محياه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
رسل اللّٰه تلقّاه	ابشر عبدٌ بحسناه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
الرّضوان له نزلٌ	جنّة خلدٍ مأواه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
تخشى النّاس بلا جدوى	هلّا ربّك تخشاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
ابغ الامن لدى ربّي	انّ الامن بتقواه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
تنسى ربّك يا فاني	دم ان شئت بذكراه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
ترجو النّاس لجدواهم	انّ الجدوى جدواه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
هل غيرك يخشى ربّي	غيرك ربّي يخشاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
ربّي ربٌّ الّا ربابٌ	ليس يضاهي حاشاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
فسواه ربٌّ بالاسم	واله الحقّ يرعاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
الواحد ليس بذي جزءٍ	لا واحد حقًّا الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
الخلق مرايا موجودٍ	لا موجود الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
والكلّ مظاهر مشهودٍ	لا مشهود الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
فرد حقّ الّا هته	لا معبود الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
وانهلّ صلاة اللّٰه على	من ليس شفيعًا الّا هو	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
من بالدّين احيانا	حيّ اللّٰه محيّاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
عمّ الكون برحمته	كلّ الرّحمى رحماه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
وازدان بلاد اللّٰه به	فالكلّ / فالكون ظلام لولاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
جاء جميل الرّحمان	فاشكر تزدد نعماه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
حلّ الفرح بمولده	فافرح حتّى تلقاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
قد نيط حيٰوة الكون به	فالكون عديمٌ لولاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
يا من يطلب رضوانا	ما الرّضوة الّا ايّاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
كن لنبيّ اللّٰه رضى	تحظ لديه برلقاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
انّ النّعمة احمدنا صلّى اللّٰه عليه وسلّم	يا طالب نعمة مولاه / اللّٰه الينا اهداه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
برسول اللّٰه فابتهجوا	فهو الفضل وبشراه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
باللّٰه تأيّد ناصرنا	لا يخذل من قد رجّاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
ادرك عبدك جيلاني	من غيرك يدفع بلواه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
ويزور سلام الرّحمٰن	خير نبيٍّ نبّاه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو
هذا اختر ادناكم	ربّي احسن مثواه	اللّٰه اللّٰه اللّٰه	مالي ربٌّ الّا هو

نذر عقیدت

از: بلبل ہند حضرت علامہ مفتی رجب علی قادری رضوی خلیفہ وتلمیذ حضور مفتی اعظم، نانپارہ ضلع بہرائچ شریف

مرحبا آئی ریاض دہر میں فصل سَمَن
لہلاتے ہیں بیاباں مسکراتے ہیں چمن

گلستان حامدی میں کس نئے گل کی ہے دید
تہنیت خوانی میں ہر سو بلبلیں ہیں نغمہ زن

اختر برج ہدایت تیری طلعت کی قسم
کس طرح سے دلنشیں صورت کا تیرا بانکپن

تیرے سر سہرا رہا تحصیل علم دین کا
منبع صد نور ہے جس کی ہر اک نوری کرن

جامع ازہر سے فارغ ہو کے آیا ہند میں
لیکے آیا اپنے دامن میں ہزاروں علم وفن

تیرے چہرے سے عیاں ہے کیا جلال قادری
تیری آنکھوں سے ٹپکتی ہے لئے جام کہن

ہوں نہ کیوں مسرور روح پاک جیلانی میاں
تو ہے ان کے باغ کا اک گل مجسم گلبدن

شاہ رحمانی میاں کی ہے دعا تیرے لئے
فیض تیرا ہو رساں از ہند تا روم وعدن

تیرے جد محترم کے در کا سائل ہے رجب
اس پہ بھی کیجئے خدارا چشم الطاف ومنن

نذر خلوص

نتیجہ فکر: فخر العلماء حضرت علامہ سید محمد عارف رضوی نانپاروی سابق شیخ الحدیث دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف

چمن کا یہ گل رنگیں بہت مسرور وخنداں ہے
ہر اک غنچہ ادائے سرخ میں عشرت بداماں ہے

فضائے بزم جیلانی میاں کیونکر نہ ہو شاداں
کہ ان کے نور دل سے ان کی محفل میں چراغاں ہے

جناب حضرت اختر رضا خاں آ گئے واپس
گلستانِ رضا میں آج پھر نوری چراغاں ہے

گھٹا رحمت کی چھائی ہے چلو اے میکدے والو
چمن میں حجۃ الاسلام کے جشن بہاراں ہے

پھلے پھولے ہمیشہ مفتی اعظم کا یہ گلشن
خداوندا دل عارف کا بس اب یہ ہی ارماں ہے

(مطبوعہ ماہنامہ اعلیٰ حضرت بریلی، مدیر مولانا ریحان رضا قادری بریلوی، ماہ جنوری ۱۹۶۷ء/۱۳۸۷ھ، ص ۲۳)

حضرت تاج الشریعہ ---------- ایک نظر میں

ولادت باسعادت	۲۵/فروری ۱۹۴۲ء/۱۳۶۱ھ
تقریب رسم بسم اللہ خوانی	۱۹۴۴ء/۱۳۶۴ھ
اسلامیہ انٹر کالج میں داخلہ	۱۹۵۲ء /۱۳۷۲ھ
داخلہ دار العلوم منظر اسلام بریلی	۱۹۵۶ء /۱۳۷۶ھ
آغاز شعر و شاعری	۱۹۶۰ء/۱۳۸۰ھ
سلاسل اربعہ کی اجازت وخلافت از حضور مفتی اعظم قطب عالم	۱۵/جنوری ۱۹۶۲ء/شعبان ۱۳۸۱ھ
والد ماجد مفسر اعظم ہند کا وصیت نامہ جانشینی وتولیت	دسمبر ۱۹۶۲ء/۱۳۸۲ھ
جامع ازہر قاہرہ مصر روانگی	۱۹۶۳ء/۱۳۸۳ھ
آل مصر امتحان میں اول پوزیشن پر ایوارڈ	۱۹۶۴ء/۱۳۸۴ھ
اول نمبر آنے پر مدیر ماہ نامہ اعلیٰ حضرت بریلی کی خوشی	۱۹۶۵ء/جماد الاولیٰ ۱۳۸۵ھ
دوران تعلیم والد ماجد کا انتقال پر ملال	۱۹۶۵ء/۱۱صفر المظفر ۱۳۸۵ھ
جامعہ الازہر مصر سے فراغت و دستار فضیلت	۱۹۶۶ء/۱۳۸۶ھ
وطن مالوف واپسی واستقبال	۱۷/نومبر ۱۹۶۶ء/۱۳۸۶ھ
سب سے پہلا فتویٰ	۱۹۶۶ء/۱۳۸۶ھ
آغاز درس وتدریس دار العلوم منظر اسلام بریلی	۱۹۶۷ء/۱۳۸۷ھ
علامہ حسنین رضا بریلوی کی صاحبزادی سے عقد مسنون	۳/نومبر ۱۹۶۸ء/شعبان ۱۳۸۸ھ
صاحبزاد مولانا عسجد رضا قادری کی ولادت	۱۹۷۰ء/۱۴شعبان المعظم ۱۳۹۰ھ
تحریک نسبندی کے خلاف فتویٰ	۱۹۷۵ء/۱۳۹۵ھ
دار العلوم منظر اسلام میں بحیثیت صدر مدرس تقرری	۱۹۷۸ء/۱۳۹۹ھ
آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء کے قومی صدر منتخب	۱۹۸۰ء/۱۴۰۱ھ
برہان ملت مفتی برہان الحق جبلپوری کی اجازت احادیث وطریقت	۱۹۸۱ء/۲۷ربیع الاول ۱۴۰۲ھ
راقم محمد شہاب الدین رضوی کی ارادت بیعت	۱۹۸۱ء/۲۵صفر المظفر ۱۴۰۲ھ
نانا حضور مفتی اعظم کا انتقال اور امامت نماز جنازہ	۱۹۸۱ء/۱۴محرم الحرام ۱۴۰۲ھ
بدست مولانا عبد الوحید بریلوی نقل فتاویٰ رجسٹر تعداد ۸۰	۱۹۸۳ء/۱۴۰۴ھ تا ۲۰۰۵ء/۱۴۲۶ھ
پہلا سفر حج وزیارت	۴ستمبر ۱۹۸۳ء/۱۴۰۳ھ
دینی تبلیغی سفر کا باضابطہ آغاز	۱۹۸۴ء /۱۴۰۴ھ

امیر شریعت گجرات کی طرف سے تاج الشریعہ کا لقب	۱۸ اگست ۱۹۸۴ء/۱۴۰۵ھ
فقیہ اسلام کا خطاب از محقق عصر مفتی سید شاہد علی حسنی حسینی محدث	۱۹۸۴ء/شعبان ۱۴۰۴ھ
حضرت احسن العلماء مارہروی کی اجازت وخلافت	۱۵/نومبر ۱۹۸۴ء/۱۴۰۵ھ
دوسرا سفر حج وزیارت	۱۹۸۵ء/۱۴۰۵ھ
مفتی برکات مولانا مظفر احمد بدایونی کی طرف سے شیخ المحدثین کا لقب	۱۹۸۵ء/۱۴/شوال ۱۴۰۵ھ
بی بی سی لندن سے حجاز کانفرنس کی تقریر نشر	۵/مئی ۱۹۸۵ء/۱۴۰۵ھ
تیسرے سفر حج میں سعودی حکومت کی گرفتاری	۳۱/اگست ۱۹۸۶ء/۱۴۰۷ھ
مکہ معظّمہ سے رہائی پر بمبئی میں استقبالیہ اجلاس میں خطاب	۱۳ستمبر ۱۹۸۶ء/۱۴۰۷ھ
ولڈ اسلامک مشن لندن کی شاہ عبداللہ سے احتجاجی ملاقات	۱۹۸۷ء/ربیع الاول ۱۴۰۸ھ
فواد صادق مفتی سفیر سعودی برائے ہند کی معافی خواہی	۲۱ مئی ۱۹۸۷ء/۱۴۰۸ھ
گرفتاری کے بعد مکہ معظّمہ ومدینہ منور میں گیارہ دن قیام	مئی ۱۹۸۷ء/۱۴۰۸ء
حکومت اتر پردیش کی عہدہ کے لئے پیش کش	۱۹۸۹ء/۱۴۱۰ھ
تاریخی کتاب مفتی اعظم اور ان کے خلفاء پر تقریظ جلیل	۱۹۸۹ء/۱۴۱۰ھ
غیر مقلدین وہابیہ کا سد باب	مئی ۱۹۹۳ء/۱۴۱۴ھ
سکریٹری وزیر اعظم ہند کی ملاقات	جنوری/۱۹۹۵ء/۱۴۱۵ھ
وزیر اعظم حکومت ہند سے ملاقات سے انکار	۲۶/جولائی ۱۹۹۵ء/۱۴۱۶ھ
صرف شناختی کارڈ کے لئے فوٹو کھنچانے کے فیصل نامہ پر دستخط	فروری ۱۹۹۵ء/۱۴۱۵ھ
عالمی مسائل پر بموقع عرس رضوی ہنگامی میٹنگ کا انعقاد	۲۲/جولائی ۱۹۹۵ء/۱۴۱۵ھ
مخالفین کی طرف سے مرادآباد میں مقدمہ	۲۰/نومبر ۱۹۹۵ء/۱۴۱۵ھ
مقدمہ مرادآباد میں فتح وکامرانی اور جج کا تاریخی فیصلہ	۲۲/فروری ۱۹۹۹ء/۱۴۲۰ھ
جامعۃ الرضا متھرا پور بریلی کے قیام کے لئے زمین کی خریداری	۱۹۹۹ء/۱۴۲۰ھ
اجمیر مقدس میں ایک ہندو کا قبول اسلام	۱۹۹۹ء/۱۴۲۰ھ
جامعۃ الرضا بریلی کا تعمیری آغاز	۲۰۰۰ء/۱۴۲۱ھ
قاضی القضاۃ فی الہند کے عہدے پر تفویض	نومبر ۲۰۰۵ء/۱۴۲۶ھ
قطب وقت علامہ تحسین رضا بریلوی کا انتقال وامامت نماز جنازہ	۸/اگست ۲۰۰۷ء/۱۴۲۸ھ
شیخ الجامعہ الازہر مصر کی جانب سے فخر ازہر ایوارڈ واستقبالیہ تقریب	۲۰۰۹ء/۱۴۳۱ھ
غسل کعبۃ اللہ شریف میں شرکت واندرون کعبہ ادائیگی نماز	۲۰۱۲ء/۱۴۳۴ھ
مفتی صوفی حبیب رضا بریلوی کا انتقال وامامت نماز جنازہ	۲۸ مارچ ۲۰۱۴ء/۱۴۳۵ھ
سفر ترکی، جرمنی، پرتگال اور مکہ معظّمہ ومدینہ منورہ	۲۰۱۴ء/۱۴۳۶ھ

عالی سند سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ نوریہ

رحمۃ العالمین احمد مصطفےٰ محمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۱۲ر ربیع الاول شریف ۱۱ھ، مدینہ منورہ)

امیر المؤمنین حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ (۲۱ر رمضان المبارک ۴۰ھ، نجف اشرف)

سید الشہدا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۰ر محرم الحرام ۶۱ھ، کربلا معلیٰ)

حضرت امام سید علی بن الحسین زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۸ر محرم الحرام ۹۴ھ مدینہ منورہ)

حضرت امام سید محمد بن علی الباقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۷ر ذی الحجہ ۱۱۴ھ، مدینہ منورہ)

حضرت امام سید جعفر بن محمد صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۵ر رجب المرجب ۱۴۸ھ، مدینہ منورہ)

حضرت امام سید موسیٰ بن جعفر کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۵ رجب المرجب ۱۸۳ھ، بغداد شریف)

حضرت امام سید علی بن موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۱ر رمضان المبارک ۲۰۳ء مشہد مقدس)

حضرت الشیخ معروف کرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲ محرم الحرام ۲۰۰ھ بغداد شریف)

حضرت الشیخ سید سری سقطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۳ر مضان المبارک ۲۵۳ھ، بغداد شریف)

حضرت الشیخ جنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۷ر رجب المرجب ۲۹۷ھ یا ۲۹۸ھ بغداد شریف)

حضرت شیخ ابوبکر شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۷ ذی الحجہ ۳۳۴ھ بغداد شریف)

حضرت شیخ ابوالفضل عبدالواحد تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۷ جمادالاخریٰ ۴۲۵ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ ابوالفرح طرطوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۳ر شعبان المعظم ۴۴۷ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ ابوالحسن علی القرشی بھکاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (یکم محرم ۴۸۶ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ ابوسعید مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۷ر شوال المکرّم ۵۱۳ھ، بغداد شریف)

غوث الثقلین حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی حسن حسینی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۱یا ۱۷ر ربیع الاخر ۵۶۱ھ بغداد)

حضرت شیخ سید ابوبکر تاج الدین عبدالرزاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۶ شوال المکرّم ۶۲۱ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ سید ابوصالح نصر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۷ رجب المرجب ۶۳۲ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ سید محی الدین ابونصر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۷ر ربیع الاول ۶۵۶ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ سید علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۳ شوال المکرّم ۷۳۹ھ بغداد شریف)

حضرت شیخ سید موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۳ر جب المرجب ۷۶۳ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ سید حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۶ر صفر المظفر ۷۸۱ھ، بغداد شریف)

حضرت شیخ سید احمد الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۹ر محرم الحرام ۸۵۲ھ بغداد شریف)

حضرت شیخ بہاء الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۱ر ذی الحجہ ۹۲۱ھ دولت آباد ضلع اورنگ باد)
حضرت شیخ سید ابراہیم ایرجی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۵ ربیع الآخر ۹۵۳ھ آستانہ محبوب الٰہی دہلی)
حضرت شیخ محمد بھکاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۹ر ذی قعدہ ۹۸۱ھ، کاکوری ضلع لکھنؤ)
حضرت شیخ قاضی ضیاء الدین المعروف شیخ جیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۱ر رجب ۹۸۹ھ نیوتنی ضلع لکھنؤ)
حضرت شیخ جمال الاولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شب عید الفطر ۱۰۴۷ھ، کوڑا جہان آباد ضلع فتحپور)
حضرت شیخ سید محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۶ر شعبان المعظم ۱۰۷۱ھ، کالپی شریف ضلع جالون)
حضرت شیخ سید احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۹ر صفر المظفر ۱۰۸۴ھ، کالپی شریف ضلع جالون)
حضرت شیخ سید فضل اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۴ر ذی قعدہ ۱۱۱۱ھ، کالپی شریف ضلع جالون)
خاتم الاکابر حضرت شیخ سید شاہ برکت اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۰ر محرم الحرام ۱۱۴۲ھ، مارہرہ شریف)
حضرت شیخ سید شاہ آل محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۶ر رمضان المبارک ۱۱۶۴ھ، مارہرہ شریف ضلع ایٹہ)
حضرت شیخ سید شاہ حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۴ر رمضان المبارک ۱۱۹۸ھ، مارہرہ شریف ضلع ایٹہ)
حضرت شیخ سید شاہ ابوالفضل شمس الدین آل احمد اچھے میاں (۱۷ر بیع الاول ۱۲۳۵ھ مارہرہ شریف)
نور العارفین حضرت شیخ سید شاہ آل رسول احمدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۸ر ذی الحجہ ۱۲۹۶ھ، مارہرہ شریف)
شیخ المشائخ حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد نوری (۱۱ر رجب المرجب ۱۳۲۴ھ، مارہرہ شریف)
مجدد اعظم اعلیٰ حضرت شیخ امام احمد رضا قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲۵ر صفر المظفر ۱۳۴۰ھ، بریلی شریف)
حجۃ الاسلام حضرت شیخ مولانا حامد رضا خاں قادری (۱۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۶۲ھ بریلی شریف)
مفتی اعظم مولانا الشاہ آل الرحمٰن ابوالبرکات محی الدین محمد مصطفےٰ رضا قادری (۱۴ر محرم الحرام ۱۴۰۲ھ بریلی شریف)
مفسر اعظم ہند حضرت شیخ مولانا ابراہیم رضا خاں الجیلانی القادری (۱۱ر صفر المظفر ۱۳۸۵ھ، بریلی شریف)
تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی شیخ محمد اسماعیل رضا المعروف محمد اختر رضا خاں قادری ازہری دامت برکاتہم العالیہ
حضرت علامہ مولانا شیخ محمد منور رضا محامد عرف عسجد رضا خاں قادری مدظلہ العالی

سند حدیث مسلسل بالاولیت

حضور نبی اکرم نور مجسم شفیع اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضرت ابوقابوس مولیٰ عبداللہ عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سفیان بن عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سفیان بن عینیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن بشیر بن الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوحامد احمد بن محمد بن یحییٰ بن بلال البزار رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوطاہر محمد بن محمد محمش الزیادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوصالح احمد بن عبدالملک المؤذن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوسعید اسمٰعیل بن ابوالصالح احمد بن عبدالملک نیشاپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت حافظ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی الجوزی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوالفرج عبداللطیف بن عبدالمنعم الحرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوالفتح محمد بن محمد بن ابراہیم الکبریٰ المیدومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد التدمیری

شیخ الفضل عبدالرحیم بن حسین العراقی

شیخ الشہاب ابوالفضل احمد بن علی العسقلانی (ابن حجر)

شیخ شمس الدین سخادی القاہری

شیخ وجیہ الدین عبدالرحمٰن ابراہیم علوی

شیخ محمد افلح الیمنی

شیخ زین الدین عبدالرحیم بن الحسین العراقی

شیخ ابوالفتح محمد بن ابوبکر بن الحسین المراغی

شیخ سید ابراہیم التازی

شیخ احمد حجی الوہرانی

شیخ سعید بن محمد المقری

شیخ سعید بن ابراہیم الجزائری المعروف قدورہ

شیخ عبدالوہاب بن فتح اللہ بروجی
(یکے از فقرائے سید عبدالوہاب المتقی)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی

شیخ ابوالرضا بن اسمٰعیل دہلوی (نواسہ شیخ عبدالحق)

سید مبارک فخرالدین بلگرامی

سید طفیل محمد اترولوی

سید شاہ حمزہ بن سید آل محمد بلگرامی حسنی الواسطی

سید آل احمد اچھے میاں مارہروی

سید آل رسول احمدی مارہروی

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

حضرت مفتی اعظم مولانا مصطفٰے رضا نوری

شیخ یحییٰ بن محمد شادی

شیخ عبداللہ بن سالم البصری۔ شیخ سید عمر

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی

حضرت سید آل رسول احمدی مارہروی

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

برہان ملت مفتی عبدالباقی برہان الحق جبل پوری

تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری بریلوی

سند حدیث مسلسل بالاولیت

حضور اکرم نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لے کر شیخ الشہاب ابوالفضل احمد بن حجر العسقلانی تک وہی سند ہے جو گزری، اس کے بعد سند یوں ہے:

حضرت شیخ ابوالفضل احمد بن حجر العسقلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ الاسلام اشرف زکریا بن محمد انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ ابوالخیر بن عموس الرشیدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ محمد بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ احمد بن محمد الدمیاطی المعروف ابن عبدالغنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مولانا احمد حسن الصوفی مرادآبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد النوری مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مفتی اعظم مولانا مصطفےٰ رضا نوری قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت عبدالباقی برہان الحق جبل پوری

تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا قادری ازہری بریلوی مدظلہ العالی

سند فقہ حنفی

اس سند کی خوبی یہ ہے کہ اس سند کے تمام اساتذہ ومشائخ اور فقہا حنفی ہیں۔

النبی الکریم الامین علیہ الصلوۃ والتسلیم

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ — حضرت الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت حماد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوعبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ احمد بن حفص (الشہیر ابوحفص الکبیر)

شیخ عبداللہ بن ابی حفص البخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام ابوعبداللہ السبندمونی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ ابوبکر محمد بن الفضل النجاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ القاضی بوعلی النسفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام شمس الائمہ الحلوانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام فخر الاسلام البزودی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام برہان الدین (صاحب الہدایہ) رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام عبدالستار بین محمد الکردری رضی اللہ تعالیٰ عنہ


شیخ حلال الدین الکبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ عبدالعزیز البخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ


شیخ سید جلال الدین الخبازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ علاء الدین السیرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شیخ السراج قاری الهدایہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
شیخ الکمال بن الہمام (صاحب فتح القدیر) رضی اللہ تعالیٰ عنہ
شیخ سری الدین عبدالبر بن الشخنۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
شیخ احمد بن یونس الشلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ



شیخ اسمٰعیل بن عبدالغنی النابلسی (صاحب شرح الدرر والغرر)
شیخ عبدالغنی بن اسمٰعیل بن عبدالغنی النابلسی (صاحب الحدیقۃ الندیہ)
شیخ اسمٰعیل بن عبداللہ الشہیر علی زادہ البخاری
شیخ عبدالقادر بن خلیل
شیخ یوسف بن محمد بن علاء الدین المزجاجی
شیخ محمد عابد الانصاری المدنی
شیخ جمال بن عبداللہ بن عمر مفتی مکہ
شیخ عبدالرحمٰن السراج بن شیخ عبداللہ السراج مفتی مکہ
اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی



تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا قادری ازہری بریلوی دامت برکاتہم العالیہ
(زیب مسند رشد وہدایت آستانہ عالیہ رضویہ بریلی شریف)

باب دوم

نوادرات تاج الشریعہ

- ☆ ـــــــــ جامع ازہر قاہرہ مصر سے سند فضیلت
- ☆ ـــــــــ اسناد اجازت وخلافت
- ☆ ـــــــــ معتمد خصوصی کا تقرری نامہ مبارکہ
- ☆ ـــــــــ ماہنامہ اعلیٰ حضرت بریلی کی شہادتیں
- ☆ ـــــــــ والد ماجد کا وصیت نامہ
- ☆ ـــــــــ علماء وشعرا کا اظہار تہنیت

حضرت تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری نے دار العلوم منظر اسلام میں اور اسلامیہ انٹر کالج بریلی سے تعلیم حاصل کر کے ۱۹۶۳ھ میں جامعہ ازہر یونیورسٹی قاہرہ مصر تشریف لے گئے، کامل طور پر تین سال رہ کر ۱۹۶۶ء/ ۱۳۸۶ھ میں جملہ علوم و فنون میں فراغت پائی، اور سند سے نوازے گئے۔ ۱۷/نومبر ۱۹۶۶ء/ ۱۳۸۶ھ کو اپنے شہر بریلی شریف میں بہار افز اگلشن ہوئے۔

تاجدار اہل سنت حضور مفتی اعظم قدس سرہ نے حضرت تاج الشریعہ کو خلافت و اجازت دینے کے لئے محفل میلاد پاک کی تقریب منعقد کرنے کا حکم دیا، اور جید علماء کرام، عوام الناس اور طلبہ مدارس کی موجودگی میں ۸/شعبان المعظم ۱۳۸۱ھ/۱۵/جنوری ۱۹۶۲ء کو جمیع سلاسل طریقت سلسلہ عالیہ قادریہ، سہروردیہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور جمیع احادیث مبارکہ مسلسل بالاولیت کی اجازت وخلافت سے سرفراز فرمایا۔

نقاہت و کمزوری کے ایام میں اپنا قائم مقام و جانشین اور ''معتمد خصوصی'' مقرر فرمایا۔ اور تقرری نامہ کی تحریر لکھ کر شائع کرائی، جس پر صدر العلماء علامہ مفتی تحسین رضا خاں محدث بریلوی، احسن العلماء حضرت سید حسن میاں برکاتی مارہروی، مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن عباسی اڑیسوی، شمس العلماء مفتی شمس الدین احمد جعفری وغیرہ کی تصدیقات موجود ہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کے روحانی فرزند، اور تلمیذ وخلیفہ برہان ملت علامہ مفتی عبد الباقی محمد برہان الحق رضوی سلامی جبل پوری نے حضرت کو ۲۷/ربیع الاول ۱۴۰۲ھ/کو تمام سلاسل طریقت و جملہ احادیث مبارکہ کی اجازت و خلافت سے نوازا۔

والد ماجد مفسر اعظم ہند مولانا ابراہیم رضا خاں جیلانی میاں نے عرس جامدی و جلسہ دستار بندی دار العلوم منظر اسلام کے موقع پر حضرت کو اپنا قائم مقام اور ''جانشین اعلیٰ حضرت'' کا اعلان کیا، اور جانشینی کا عمامہ باندھا اور عبا پہنائی۔ یہ ''اعلان ماہنامہ اعلیٰ حضرت'' کے دسمبر ۱۹۶۲ء/۱۳۸۲ھ کے شمارہ میں چھپا ہے۔ اس کے بعد مفسر اعظم ہند نے علیحدہ ایک وصیت نامہ لکھا جس میں حضرت کو دار العلوم منظر اسلام کا سرپرست، ماہنامہ اعلیٰ حضرت کا مالک اور خانقاہ عالیہ رضویہ کا متولی و جانشین بھی مقرر کیا۔ یہ وصیت نامہ ماہنامہ اعلیٰ حضرت کے ص ۲۸ و ۲۹ بابت اکتوبر ۱۹۶۵ء میں شائع ہوا ہے۔

والد ماجد کے انتقال پر حضرت کے دل کی عجیب کیفیت ہوگئی تھی جس کی عکاسی اور رنج و غم عربی و اردو نظم کے ذریعہ کیا جو ماہنامہ اعلیٰ حضرت بابت مئی ۱۹۶۳ء کے شمارہ میں طبع ہوئی تھی۔

بلبل ہند مفتی رجب علی قادری بانی مدرسہ عزیز العلوم نانپارہ ضلع بہرائچ، حضرت علامہ مفتی سید محمد عارف رضوی نانپاروی شیخ الحدیث دار العلوم منظر اسلام کے علاوہ مولانا نظام الدین زاہد القادری یار علوی، جناب ریاض الدین اشہر پیلی بھیتی، اور محمد رضا بنگش بریلوی نے حضرت کے جامعہ ازہر قاہرہ سے واپسی پر شعر و سخن کے ذریعہ استقبالیہ تہنیت پیش کی، اس کے عکوس بھی شامل اشاعت ہیں۔

(نموذج رقم ٣٠٧)



بسم الله الرحمن الرحيم

جامعة الأزهر

كلية أصول الدين. شعبة التفسير والحديث (باكستان)



شهادة

تشهد الكلية ان السيد / أختر رضا خان حصل على درجة

الاجازة العالية بتقدير جيد في دور مايو سنة ١٩٦٦

ومجموعه ٦٦٥ ستمائة وخمسة وستون من ٩٠٠ تسعمائة درجة

وتحررت هذه الشهادة بناء على طلبه لتقديمها الى

حررت بدون مسئولية الحكومة لدى أي انسان فيما يتعلق بما ورد بها وبحقوق الغير .

تحريرا في ــــ ١٣٨ هـ

٤/٦/١٩٦٦ م

عميد الكلية

١٩٦٦



(٨٤٩١-١٩٦٣-٥٠٠٠)



سند الاجازة

الله رب محمد صلى عليه وسلما ، وعلى ذويه الدائب الدهور وكرما

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلي على رسوله الكريم ـ الحمد لله العلي الاعلى ، وكفى ، والصلوة الابهى ، والسلام الاسنى الاوفى ، على عباده الذين اصطفى ، خصوصا على حبيبه سيدنا محمد ن المصطفى ، نبيه المجتبى ، رسوله المرتضى ، وعلى اله ومحبيه اولى بصدق والصفاء ، لاسيما الاربعة الحنفاء ، وعلى جميع التابعين وجميع ائمة الدين ، والاولياء العرفاء ، لاسيما الامام الاعظم ، والهمام الافخم ، ابى حنيفة ، كاشف الغمة ، امام ائمة الشريعة الغراء ، والغوث الاعظم ، الغياث الاكرم ، سيدنا ابى محمد محي الدين والملة البيضاء ، سيدنا الشيخ عبد القادر الجيلاني رضوان الله تعالى عليه ، وعلى جميع الصلحاء ، اهالى الوفاء ، ثم علينا الى يوم الجزاء ، اما بعد فقد التمس مني عزيزي المولوي [illegible] اجازة السلسلة العلية العالية القادرية البركاتية الرضوية المباركة واجازة الاوفاق والاعمال والاذكار والاشغال فاجزته على بركة الله تعالى ذي الجلال ، ثم على بركة رسوله الاعلى صاحب الجمال ، جل جلاله وعم نواله عليه الصلوة والتحية والثناء ، كما اجازني شيخي وسندي ، وكنزي وذخري ، ليومي وغدي ، حضرة نور العارفين ، قدوة الواصلين ، خاتم الكبراء ، مولنا الشاه ابو الحسين احمد نوري ميان صاحب ، شيخ الاسلام والمسلمين ، راس المحققين ، مجدد الملة والدين ، امام اهل السنة ، قامع الفتنة ، سيدي وسندي جناب الوالد الماجد الشيخ مولنا الشاه اعلحضرت احمد رضا خان رضي الله تعالى عنهما وامطر شآبيب الرحمة والرضوان عليهما ، واوصيته بحماية السنن السنية ، ونكاية الفتن الدنية ، واكتساب الحسنات واجتناب البدعات الغير المرضية ، بارك الله لنا وله ، وحقق املى وامله ، واصلح عملي وعمله امين امين ، برحمتك يا ارحم الراحمين ، قاله بفمه ، وامر برقمه ،

استانہ عالیہ رضویہ
سوداگران بریلی شریف

باہتمام ساجد جانی مہتمم دار العلوم منظر اسلام بریلی
مطبوعہ ناظم پریس رامپور

۷۸۶

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء وجمیع الانبیاء والمرسلین
وعلیٰ آلہ الطیبین وصحبہ الطاہرین اجمعین [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

الحمد لولیہ ثم الصلوٰۃ والسلام
علی نبیہ و علی آلہ وصحبہ التابعین
باداب اما بعد۔ عزیزم مولوی محمد اختر رضا خاں
قادری رضوی زید مجدہ السامی [illegible]
کو حضور مفتی اعظم ہند [illegible]
ہیں [illegible]
کہ [illegible]
دین وعلم [illegible]
وعلیٰ [illegible] فقیر [illegible]

[illegible]

۷۸۶

هو

الحمد لله رب العلمین والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء و اکرم الانبیاء والمرسلین

وعلی آله الطیبین و صحبه الطاهرین اجمعین وبارک وسلم امین برحمتک یا ارحم الراحمین

یہ احقر عباد [illegible] کو ختم [illegible] کر کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] سنہ ۱۲۹۶

بسم الله الرحمن الرحيم

الله رب محمد صلى عليه وسلما

الحمد لله ربي الرحمن؛ في كل حين وآن؛ خالق الانس والجان؛ وسائر العالم؛ على ما انعم وعلم؛ والصلاة والسلام؛ على سيدنا محمد؛ النبي الامي؛ محبوب الرب ذي الجلال والاكرام؛ اما بعد فيسألني الشيخ العالم العامل؛ ذو الفضائل والفواضل؛ العزيز المفتي؛ محمد اختر رضا خان؛ ابن مفسر اعظم؛ علامه ابراهيم رضا خان؛ المعروف بجيلاني ميان عليه الرحمة والرضوان؛ زينه الله تعالى بعلمه وفضله المعنوي والصوري؛ اجازة ما وصل الي روايته عن مشايخي الكرام؛ وجدته على بركة الله تعالى؛ ثم على بركة رسوله الاعلى؛ جل جلاله؛ وصلى الله تعالى عليه وآله وصحبه اجمعين وبارك وسلم؛ بكل ما اجازني به سيدي وسندي؛ شيخي وكنزي وذخري؛ ليومي وغدي؛ حضرة مجدد المائة الحاضرة؛ مؤيد الملة الطاهرة؛ صاحب حجة القاهرة؛ والحجة الزاهرة؛ شيخ الاسلام والمسلمين؛ مولانا المولوي الشاه محمد احمد رضا خان رضي الله تعالى عنه وارضاه عنا من العلوم والكتب الدينية؛ والاحاديث النبوية؛ والفقهية؛ واصول الشرعية؛ واكرم الله على بنيابة العلوم؛ عن المحترم المقام؛ حضرة والدي الماجد؛ ذي الفضل والاكرام؛ مولانا المفتي عين الاسلام؛ الشاه محمد عبد السلام؛ القادري البركاتي الرضوي الجبلفوري عليه الرحمة والرضوان والسلاسل العلية؛ والاذكار؛ والاشغال؛ والاوفاق والاعمال؛ واوصيته بحماية السنن السنية ونكاية الفتن الدنية؛ واكتساب الحسنات؛ واجتناب البدعات الغير المرضية؛ بارك الله تعالى لي وله؛ وحقق املي وامله؛ واصلح عملي وعمله؛ بجاه حبيبه المصطفى المجتبى المرتضى المرتجى؛ صلى الله تعالى عليه وآله وصحبه وبارك وسلم.



الفقير ... الحق
كتبه
[illegible]
٢٧ ربيع [illegible]

اپیل شہزادہ اعلیٰ حضرت حضور مفتی اعظم ہند

برادران اہلسنت وجماعت سلام مسنون

الحمد للہ جان کر انتہائی خوشی ہوئی کہ اختر رضا سلمہٗ اور تحسین رضا سلمہٗ اس کام کے لیے اپنی تمام تر خدمات انجام دینے کو تیار ہیں واقعی مکتب اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے تحفظ کے لیے ایسے ہی ذی علم معاملہ فہم حضرات کی ضرورت تھی وہ بفضلہ تعالیٰ پوری ہوگئی۔ امید واثق ہے کہ آپ حضرات کے تعاون سے یہ کام ان شاء اللہ تعالیٰ عرس اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ سے قبل ہو جائے گا تاکہ مہمانانِ عرس رضا کو آرام و راحت ملے گی۔ اللہ تعالیٰ اہل تعاون کو جزائے خیر دے۔ مجھے بہت مسرت ہوئی مولیٰ تعالیٰ ان سب اپنے دینی بھائیوں کو جزائے خیر عطا فرمائے اور کامیاب فرمائے۔ آمین۔ میں اجازت دیتا ہوں۔ باقی عبارت سمجھ میں نہیں آتی۔

دستخط حضرت قبلہ مصطفےٰ رضا قادری غفرلہٗ

ترسیل زر و خط و کتابت کا پتہ

اختر رضا خاں ازہری غفرلہٗ

کاخ رضا محلہ خواجہ قطب بریلی

فقیر اسکی تکمیل کے لیے چند احباب کی ایک کمیٹی مقرر کرتا ہے حضرت مولانا احسن میاں مارہرہ مقدسہ صدر، مولانا برہان الحق خلیفہ اعلیحضرت جبلپور صدر، محمد ریحان رضا سلمہٗ نائب صدر، حضرت مجاہد ملت نائب صدر، تحسین رضا سلمہٗ نائب صدر، اختر رضا ازہری سلمہٗ ناظم اعلیٰ، محمد منان رضا سلمہٗ نائب ناظم اعلیٰ، حبیب رضا سلمہٗ خازن، الو بھائی صفا کے بوٹ والے عاسب، مولانا سید محمد عارف نانپاروی نگراں، صوفی محمد اقبال نوری ناظم نشر و اشاعت، محمد افروز سلمہٗ نائب ناظم نشر و اشاعت، ممبر معاون انجم رضا سلمہٗ نعیم عزیزی عبد الہادی، عبد الحمید، حافظ احمد خلیل، مولانا احمد مقدم، رئیس میاں مٹھائی والے، ماسٹر شفیق احمد خاں، معتمد حضرت مفتی اعظم ہند مدظلہ العالی

میری اہلیہ و عزیز و اقربا نے مجھ سے کہا آپ کی علالت و کمزوری کے باعث لوگ اپنے مقصد برآوری و مطالب کے پیش نظر کیا کیا لکھواتے ہیں اور دستخط کراتے ہیں۔ اسلیے آپ دو معتمد مقرر فرمادیں۔ لہٰذا فقیر بمشورہ اہلیہ و عزیز و اقربا اپنا معتمد نواسہ حقیقی اختر رضا سلمہٗ ساکن خواجہ قطب بریلی و تحسین رضا سلمہٗ کو نامزد کرتا ہے اور فقیر اپنے یہ امور ان دونوں کے سپرد کرتا ہے۔ مجھے [illegible] دونوں پر یکجا یکہ یہ دونوں عالم دین و معاملہ فہم [illegible] ان دونوں کی [illegible]

رجسٹرڈ نمبر اے ۱۶۴۷ - ہر انگریزی ماہ کی ۱۸ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ تمام سنی جرائد سے زیادہ مقبول و کثیر الاشاعت

تار کا پتہ اعلیٰحضرت بریلی

ٹیلیفون نمبر ۶۱۲

۷۸۶ ۹۲

نحن عباد محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما

دار العلوم منظر اسلام کا مذہبی اصلاحی اور معاشرتی

ماہنامہ

اعلیٰحضرت

دسمبر ۱۹۶۲ء

رجب المرجب ۱۳۸۲ھ

طلوع ۱۳

قسم ۲





زیر سرپرستی حضرت مولانا محمد ابراہیم رضا خاں صاحب مفتی اعظم ہند مدظلہ



چندہ سالانہ (صہ ر)
فی کاپی — (۷ ر)

اڈیٹر :- ریحان رضا خاں

بیرونی ممالک کے لیے سالانہ چندہ — چھ روپے (۶ ر) - فی کاپی دس آنے (۱۰ ر)

ترسیل زر و خط و کتابت کا پتہ :- دفتر ماہنامہ اعلیٰحضرت - محلہ سوداگران - بریلی شریف

پاکستانی حضرات سالانہ چندہ مندرجہ ذیل پتہ پر جمع کر کے رسید دفتر ماہنامہ "اعلیٰحضرت" محلہ سوداگران بریلی روانہ فرمائیں۔
رسالہ اُن کے نام جاری کر دیا جائے گا۔ محمد شفیع صاحب سلطان منزل مقابل حبیب بینک رامپارٹ رو - کراچی
(۲) ماہنامہ "سالک" سیٹلائٹ ٹاؤن B/59 راولپنڈی - پاکستان۔

مولوی محمد ابراہیم رضا خاں پرنٹر و پبلشر و ریحان رضا خاں اڈیٹر نے ... پریس ... میں چھپوا کر دفتر اعلیٰحضرت محلہ سوداگران بریلی سے شائع کیا۔

کارجسٹرڈ عالم ہے۔ اور بھی ہیں جن کا ذکر موقعہ موقعہ سے آئیگا۔ غلام محمد سفیر مدرسہ ساتھ میں آئے تھے۔

عرس پوکھریرا میں شاندار مجمع ہوا تھا۔ مدرسہ رحمانیہ میں ۱۰۰ لڑکے ہیں جس میں ۳۵ کھانا کھاتے ہیں۔ خانقاہ رحمانیہ مدرسہ رحمانیہ شروع ہی سے خانقاہ رضوی اعلیٰ حضرت سے وابستہ ہیں۔ اس عرس کی برکت سے اس علاقہ میں شیخ نجدی کی کالی دال گلنے والی نہیں۔ یہاں پر حضرت حجۃ الاسلام سے لیکر محدث اعظم، شیر بیشہ سنت حضرت صدر الافاضل۔ بڑے بڑے علمائے اہل سنت آچکے ہیں۔ بڑی خوشی یہ دیکھکر ہوئی چمپارن میں اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما نحن عباد محمد صلی علیہ وسلما پہنچ گیا۔ چمپارن والے آئے تھے وہ خانقاہ رحمانیہ کے عقیدتمند ہیں وہ یہ درود اسم اعظم بڑی خوش الحانی سے پڑھ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ اہل سنت کا بول بالا کرے۔

نبیرۂ اعلیٰ حضرت کی علالت کی وجہ سے تبلیغ تقریر و جلسہ بند ہے جس سے بہت دینی نقصان ہو رہا ہے۔ اہل سنت کو مژدہ ہو کہ جامعہ اعلیٰ حضرت سے دو مبلغوں کی خدمات پیش کیجارہی ہیں یہ ہندوستان میں ہر جگہ دورہ کرینگے اور تقریریں کرینگے۔ غرباء اہل سنت مقرروں کے گرانقدر نذرانوں کی وجہ سے جلسہ کرانے سے معذور ہیں۔ اب نذرانہ کی کچھ ضرورت نہیں یہ مبلغ حاضر ہے دار العلوم کے خرچہ سے جائیگا۔ مگر دعوت کی ضرورت ہے اور اس بات کی ضرورت ہے آپ دار العلوم کو اس قابل بنا دیں کہ مبلغوں کا خرچہ تنخواہ الاؤنس کا بار اٹھا سکے اور ایسے سو مبلغوں کو ہر طرف تبلیغ کرنے کیلئے روانہ کرے۔ خصوصاً مدراس آسام، کشمیر، بنگلور، تو دین کا بڑا فائدہ ہو۔ اللہ رب محمد خوب راضی ہو۔ شیخ نجدی بہت روئے۔ پوکھریرا کے بعد باتھ میں بھی جلسہ ہوا۔ وہی تحریر لکھی گئی اور پڑھکر سنائی گئی۔ اور ملاقات کرنیوالوں کو اکثر وقت اسی تحریری تقریر تبلیغ سے واسطہ پڑتا تھا۔ الحمد للہ بہت اچھا اثر پڑا۔

اس نواح میں اور جلسے بھی ہوئے۔ یہاں بھی نبیرۂ اعلیٰ حضرت پہنچا جلسہ ہوا تحریری تقریر بھی ہوئی۔ مولوی عبد الواجد صاحب منظری بڑے خوش آواز مقرر ہیں۔ انکی تقریر بہت پسند آئی۔ اہل سنت اپنے عالموں مقرروں کو خوب پہچان لیں۔ ادارہ کیطرف سے اپیل کیجاتی ہے کہ اہلسنت اپنے جلسوں میں مولوی عبد الواجد کو دعوت دیں اور انکی تقریر سنیں۔ اُن کا پتہ یہ ہے۔ مولوی عبد الواجد صاحب موضع ایہاری مدرسہ علیم آباد پوسٹ اسٹیشن مکتول ضلع دربھنگہ۔

مولوی عبد الواجد بنارس میں دیوبندیوں کے مدرسہ میں پڑھتے تھے۔ بنارس میں مدرسہ حمیدیہ رضویہ کی طرف سے جلسہ ہوا تھا۔ اُس جلسہ میں نبیرۂ اعلیٰ حضرت سُنکر یہ اثر ہوا کہ بریلی آکر نبیرۂ اعلیٰ حضرت سے حدیث پڑھی۔ دیوبندیت پر تین حرف بھیجکر سنیت کا مبلغ بنگیا۔ بنارس کے اُس جلسہ میں جو وہابیوں کے مدرسہ کے نہایت متصل تھا حدیث کی کتابیں کھولکر حدیثیں پڑھکر سنائی گئیں۔ اس کا اثر ہوا جنتی پر۔ کہ راہ جنت پر جنتیوں کے ہمراہ ہو گیا وہ بھی اپنے مدرسہ میں بیٹھے ہوئے تھے سُن سُنکر مبہوت ہو رہے تھے کسی سُنی نے ان سے پوچھا۔ اب کہو کیا کہتے ہو؟ تو مرکز وہابیت کے مولویوں نے یہ جواب دیا۔ اب کچھ گنجائش نہیں۔

باتھ میں بھی جلسہ ہوا۔ کرٹہر میں بھی دو جلسے ہوئے یہاں سے کنگٹی دس میل جانا ہوا۔ وہاں پر بعد جلسہ ذکر بعد مغرب ہوا۔ اس جلسہ میں وہ تقریر مولوی عبد الواجد نے پڑھکر سنائی جو اس رسالہ میں شائع بھی ہو رہی ہے جس کا عنوان ہے "ذکر اللہ" مولوی عبد الواجد نے تقریر سنا کر موقعہ موقعہ سے ذکر کرایا۔ ذکر کا ذکر تقریر کی تقریر۔ نہایت لطف آیا۔ آپ بھی اس تقریر کو سنا کر ذکر کرائیں۔ بعد عشاء پھر جلسہ ہوا جسمیں مولوی برکت اللہ نے تقریر کی۔ ۹۔ اکتوبر کو بھی جلسہ ہونیوالا ہے۔ یہاں سے کھلہ ڈیہہ دیہ سیتامڑھی جانا ہوا وہاں بھی جلسہ ہوا۔ واپسی پر مظفر پور طبیعت خراب ہو گئی۔ قلب فترہ کرنے لگا۔ مظفر پور میں آتے جاتے ڈاکٹری معائنہ ہوا۔ بریلی پہنچنے پر بھی طبیعت خراب رہی خطرہ بہت زیادہ تھا علاج سے تدارک ہو گیا۔

عرس حامدی رضوی اپنی تاریخ مقررہ پر ہوا نہایت کامیاب۔ اشتہار عرس غلطی سے چھپ گیا تھا ۲۴ طلباء درجہ

حدیث کی دستار بندی۔ ۲۸ طلباء کی دستار بندی ہوئی۔ دو حفاظ کی بھی۔ یہ نام شائع ہو رہے ہیں۔

بوجہ علالت یہ توقع نہیں کہ اب زیادہ زندگی ہو۔ بنا بریں ضرورت تھی کہ دوسرا قائمقام ہو۔ لہذا اختر رضا سلمہ کو قائم مقام وجانشین اعلیٰحضرت بنادیا گیا۔ جانشینی کا عمامہ باندھا گیا اور عبا پہنائی گئی۔ یہ دستار اور عبا اور طلباء کی دستار وعبا اہل بنارس کیطرف سے ہوئی جس کیلئے ہم بھائی نذیر الدین صاحب حامدی کے ممنون ہیں۔ عرس اور جلسہ دستار فضیلت بخیر وخوبی انجام پذیر ہوا۔ کلکتہ، بنارس، کانپور، ہردوئی، بھیلواڑہ وغیرہ کے مقامات سے مخلصین نے شرکت کی۔ بہت بڑا اجتماع ہوا۔ اختر رضا سلمہ کی دستار بندی پر عوام نے مخلصانہ خیر مقدم کیا اور نعرے لگائے۔ اس موقعہ پر نبیرۂ اعلیٰحضرت کی تحریری تقریر مولوی رجب علی صاحب نانپاروی نے سنائی۔ یہ شائع بھی ہو رہی ہے۔ مولوی سلیمان صاحب صدر مدرس مدرسہ حمیدیہ رضویہ نے امتحان لیا اور مختصر وقت میں تقریر بھی کی۔ مفتی محمد حسین صاحب سنبھلی بھی شریک ہوئے۔ اس عرس کی خصوصیت یہ تھی کہ جنس کم تھی مگر برکت زیادہ تھی اعلیٰحضرت کا لنگر دو دن لگا رہا مگر کمی نہیں ہوئی۔ مخلصین ومحبین نے زیادہ تعاون کیا۔ اگر اسی طرح سے تعاون کریں تو سب کام ہوتے چلے جائیں گے۔ اب تعاون کرنا ہے مدرسہ کے ایک نئے سرپرست سے، رسالہ کے نئے نگراں سے، خانقاہ کے ایک نئے متولی سے۔ میں نے سید اعجاز حسین صاحب اور سید حمایت رسول صاحب کو اس کا مشیر مقرر کردیا ہے۔ یہ کام یوں ہوا کہ اگر رب تعالیٰ کی مشیت میرے متعلق کچھ اور ہے تو کاموں میں کوئی ابتری نہ پڑے کام یوں ہی جاری رہے۔ دیوکو اور دیو کے بندوں کو کوئی خوشی نہ ہو۔ جیسا کہ حضرت حشمت علی خان رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تو اُن کے جانشین نے اُن کی جگہ پوری کردی۔ اور دیوبندیوں کا زخم ہرا رہا۔ بھرنے نہ پایا۔ اسی طرح سے نبیرۂ اعلیٰحضرت نے اُس غار کو جو لنگڑے دلوں میں تھا جسے اعلیٰحضرت فرماتے ہیں کہ

دو دھاری نیزے کی مار ہے کہ عدو کے سینہ میں غار سے ہے

کسے چارہ جوئی کا وار ہے کہ یہ وار وار سے پار ہے

اور بھی چوڑا کردیا بھرنے نہیں دیا اسی طرح سے اختر رضا اسکو خوب چوڑا کرے۔ نمک پاشی کرتا رہے اور نبیرۂ اعلیٰحضرت قبر میں بھی اس پر مسکراتا رہے۔

اس موقعہ پر معاونین ومخلصین کا شکریہ مکرر ادا کیا جاتا ہے۔ خصوصًا ایک صاحب خیر کا۔ یہ ترقی غیر متوقع ہے جبکہ علالت کی وجہ سے توقع تھی کام کے برہم ہونے کی۔ تو رب تعالیٰ یہ دکھاتا ہے کہ گاڑی کتے کے بل پر نہیں چلتی تھی۔ اس ادارہ کا رسالہ کا خانقاہ رضویہ کا مربی رب محمد ہے (صلی اللہ علیہ وسلم) کسی کو یہ خیال نہ ہو کہ یہ کام درہم برہم ہو جائے گا۔ نہیں ہرگز نہیں۔ مرنے والا آدام سے مرے کوئی فکر نہ کرے۔

رسالہ کی سرپرستی اور زیادہ کرنی چاہئے۔ اس کے مضامین علماء سنا رہے ہیں۔ طلباء مدارس عربی سنائیں۔ ناظرین ذرا جوش سے توسیع اشاعت میں کوشش فرمائیں۔ اپنی برادری اور تعلق کی جگہوں پر جاری کرائیں جیسا مولوی حمید الرحمٰن صاحب نے پوکھریرا میں کیا۔ ۳۰ اڈریس دئے۔ ایجنٹ حضرات اور زیادہ منگائیں۔ ۲۵ رسالہ کے ایجنٹ کو محصولڈاک معاف۔ اور طلباء مدارس عربی کو نصف قیمت پر چاہے وہ دیوبند کے ہوں۔ اور طلباء جو مساجد میں رسالہ سنائیں اُن کو وظیفہ دیا جائے گا۔ پانچ روپے ماہانہ تک۔ طلباء مدرسہ بریلی درخواست کریں۔ فارغ طلباء کو رسالہ مفت سال بھر کیلئے جاری کیا جاتا ہے۔

دعاء رجب ستائیسویں شب میں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمُشَاهَدَةِ اَسْرَارِ الْمُحِبِّیْنَ وَبِالْخَلْوَةِ الَّتِیْ حَقَّقْتَ بِهَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ حِیْنَ اَسْرَیْتَ بِهٖ لَیْلَةَ السَّابِعِ وَعِشْرِیْنَ اَنْ تَرْحَمَ قَلْبِیَ الْحَزِیْنَ وَتُجِیْبَ دَعْوَتِیْ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ۔ بعد دو رکعت نماز بعد فاتحہ قل ہو اللہ۔ گیارہ بار۔ بعد نماز گیارہ مرتبہ درود شریف اسکے بعد گیارہ مرتبہ دعاء مذکورہ بالا۔ بعدہ دعا مراد۔ یا یہ دعا:۔

یَارَبِّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ وَكِفَایَةَ

وصیت

حضرت مولانا مفسر اعظم ہند علیہ الرحمۃ

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

بعد حمد الٰہی اور صلوٰۃ وسلام رسولی کے گزارش ہے کہ میں علیل ہوں بہت زیادہ۔ اور باوجود علالت مسلسل کے میرا کام جاری ہے۔ زبان سے اب نہیں تو قلم سے — میری علالت روزافزوں ہے زندگی کا کوئی سہارا نہیں۔ کوئی حسرت دنیوی دل میں نہیں ہے۔ صرف یہی حسرت اگر جیتا رہتا تو نعت نبی کریم کرتا۔ اسرار نعت کے پردے اور اٹھاتا۔ بھیڑیوں کو اور للکارتا۔ یہاں تک کہ یہ بلوں میں جا گھستے۔ تو اے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھولی بھیڑو! بھیڑیے تمہاری تاک میں ہیں۔ راعی کی آواز پر کان دھرو۔ راعی سے اُنس پکڑو جماعت میں رہو۔ جو جماعت کا عقیدہ وعمل ہے وہی تمہارا بھی ہو۔ الگ تھلگ نہ رہو ورنہ شیطان شیخ نجدی۔ دیو اُسے پکڑ لیگا جو جماعت بلکہ عقیدہ وعمل میں نہ رہا دور کو بھاگا حدیث کے الفاظ ہیں ایاکم ——— بچو بہت سی راہوں سے ایک راہ پر۔ صراط مستقیم پر جماعت کی راہ پر رہو۔ اسکا ترجمہ شیخ عبدالحق دہلوی نے لکھا ہے۔ راہ سلوک۔ راستہ چلا ہوا۔ راستہ چلا ہوا وہ ہوتا ہے جس پر چلا جا رہا ہے جس پر چلتے آئے ہیں۔ تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ راہ سلوک سے باہر نہ جاؤ۔ بس اسی کو سمجھ لیجئے کہ راہ سلوک کیا ہے۔ کون ہے جو سالک راہ سلوک ہے کون ہے غیر سالک راہ سلوک۔

اللہ بھی قرآن میں فرماتا ہے مَنْ یَّتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّہٖ مَا تَوَلّٰی۔ جو اپنا اتباع کرے مسلمانوں کے راستے سے الگ راستہ کا ہم پھیر دینگے اُسی طرف جدھر وہ پھر گیا۔ یعنی توفیق توبہ نہیں دینگے۔ سبیل مومنین مسلمانوں کا راستہ جس پر وہ چلتے رہے ہیں چلتے آئے ہیں۔ وہ عقیدہ وہ عمل جس پر اجماع امت ہو چکا ہے دین حق ہے اور اُسکے حق ہونے کی یہی دلیل ہے یہ آیت بتلاتی ہے وہ راہ سلوک ہے سبیل مومنین ہے وہ صراط مستقیم ہے وہی سنت ہے۔ سنت معنی طریقہ۔ راہ راستہ۔ تو جماعت جماعت جس سنت پر قائم ہے وہ ہوتی ہے سنت جماعت جماعت کی سنت مثلاً تراویح کی بیس رکعت کو صحابہ سے لیکر آجتک سنت مومنین ہے

اس کا مخالف، اس سنت سے اس راہ سے گم راہ ہے۔ تو فاتحہ عرس زیارت قبور، ندائے یا رسول اللہ، میلاد شریف، تعظیم کے لئے قیام، اولیاء اللہ سے مدد مانگنا راہ سلوک سلف ہے سبیل مومنین ہے، سنت جماعت ہے۔ جو اس راہ سے گم ہے وہ ہے گمراہ۔ تو زندگی کا کوئی اعتبار نہیں، خصوصاً علیل کی، خصوصاً میری، روزانہ ایسی صورت پیدا ہو جاتی ہے کہ اب نہیں۔ میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ اعلیٰ حضرت کی وراثت کا وہ عصا اور کرسی اسکے سپرد کر دوں جو اس کا اہل ہو من حیث العلم والعمل۔ اور خود کو دیدار مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتظار میں مہمات سے فارغ کر دوں۔ تو میں نے اس کیلئے اختر رضا کا انتخاب کر لیا ہے اور جو رہا ہے کاشانہ اور عصا اُنکے حوالے کر دیا ہے۔ ویسے مجھے مرنے کی آرزو نہیں ہے۔ آرزو ہے کہ اور رد وہابیت اور دیوبندیت کروں اور نعت نبی کریم کے جام کوثر پلاؤں اور خود پیوں۔ مگر مرنا برحق ہے۔ مجھے مرنے کا کوئی غم بھی نہیں کیونکہ مجھے امید واثق ہے کہ جب فرشتے قبر میں سوال کرینگے ما کنت تقول فی ھذا الرجل۔ تو کیا کہتا تھا اس مرد کے بارے میں (نبی کریم کے بارے میں) تو میری عید ہوگی۔ میری کیا ہر مومن کی عید ع کہ یہاں مرنے پہ ٹھہرا ہے نظارا تیرا۔ تو میں کھڑا ہو کر حسب عادت تعظیم کرونگا اور کہونگا۔ ؂

یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک — صلوٰۃ اللہ علیک

مومن کا مرنے میں آرام ہے جینے میں تکلیف ہے۔ میرا کوئی حال نہیں زندگی اور موت۔ مدرسہ، رسالہ، خدمت دین میں رکاوٹ نہ پڑے اور نہ اسے غیر معمولی سمجھا جائے۔ آنا جانا مرنا جینا لگا رہتا ہے یہ معمولی بات ہے۔ آج سے سمجھنا چاہیئے وہ علیل گوشہ نشین ہو گیا کام وہی جوش وخروش سے جاری رہنا چاہیئے۔ مدرسہ کی قربانگاہ پر میں ذبح ہوا۔ اب اپنی اولاد میں سے اول دوسرا قربانی کیلئے حاضر ہے۔ اللہ اسے قبول فرمائے۔ مدرسہ کا سرپرست اور اس..

الجواب صحیح۔ فقیر نے بارہا حضور مفتی اعظم ہند علیہ الرحمۃ والرضوان سے
ٹائی نصاری کا شعار مذہبی ہے فرماتے سنا کہ یہ [illegible] ہے
اور [illegible] کی سخت تاکید فرماتے تھے مولی تعالی مسلمانوں کو
اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے آمین واللہ تعالی اعلم

کتبہ محمد حبیب رضا خاں القادری غفرلہ
مرکزی دارالافتاء ۸۲ سوداگران بریلی شریف
۱۳ جمادی الاخری ۱۴۱۲ھ

الجواب صحیح۔ ٹائی کے بارے میں حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمۃ والرضوان
کا یہ فرمان کہ یہ رد قرآن ہے۔ صلیب کی نقل ہے۔ نصاری کا
شعار مذہبی ہے، نہایت مشہور و معروف ہے، خود راقم الحروف
نے متعدد بار ٹائی باندھنے والوں پر حضرت کو غصہ کرتے دیکھا ہے
اور سخت تہدید فرماتے سنا ہے۔ لہذا مسلمانوں کو اس سے
احتراز لازم و ضروری ہے۔ واللہ تعالی اعلم کتبہ فقیر محمد [illegible]

(۳)

گستاخی سے صاحبزادے سکندر نے روایت ہی دروغ گوئی کا دروازہ کھولا اور صحابہ کی اہانت کے

بھی میاں خود مرتکب ہوئے اور صحابہ پر یہ الزام رکھ دیا کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم تو [illegible] گناہ [illegible]

اور سب سے بڑھ کر یہی بات [illegible] سارے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی عصمت کا [illegible]

کہ لوں کیا کہ تمام [illegible] کے اندر [illegible] جواب [illegible] ہمارے گناہ [illegible] معاف کر دئے

اور گستاخی سے محفوظ [illegible] فرما دیجئے پھر کیا لکھا [illegible] کہ یہ بات خدا کی طرف منسوب کر دی

ومن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا ۔ ظاہر ہے [illegible] باندھتے ہوئے ننھے میاں کو شرم نہ آئی [illegible]

ہو رہی تھی

اب ہے میاں صاحبزادے سے پوچھئے کہ آپ نے خود [illegible] یہ درست لگائی ہے کہ اعلیحضرت علیہ الرحمہ

کا ترجمہ حدیث کے خلاف ہے کیا یہ آپ کا [illegible] حدیث لفظا [illegible] مجہول ہے

اور اعلیحضرت کے ترجمہ کو حدیث کے خلاف بتا دیا تھی ۔ اگر ایسا ہے [illegible]

تو [illegible] الزام کیوں دیتے ہیں [illegible] مخالفت کا الزام [illegible]

آپ سے الزام [illegible] کے کلام سے یہ الزام آیا [illegible]

معنی [illegible] ۔ اور آیا کہ حدیث میں غفر اللہ ما تقدم من ذنبک ایسی آیت کی [illegible]

محبت میں یکسا جذب [illegible] ہم الزام ان کو دیتے [illegible]

اور جب ننھے میاں صاحبزادے کے نزدیک حدیث [illegible] ظاہری معنی [illegible]

کے طور پر [illegible] حقیقی معنی ہیں ۔ اب ننھے میاں صاحبزادے کا یہ عذر [illegible]

[illegible] ہے ۔ پھر اس عذر سے نہیں کیا فائدہ ۔ یہ تو وہی بات ہے کہ عذر گناہ بدتر از گناہ

اعلیحضرت علیہ الرحمہ والرضوان پر تو خلاف حدیث کا الزام اٹھایا اور یوں حدیث کو ظاہری معنی [illegible] مانا مگر

اس کی [illegible] نہیں کیا تو کوئی فرق [illegible] کہ اس الزام سے انکار عصمت نبی علیہ السلام کا [illegible] الزام

آپ دونوں کے سر پر رکھا جس سے عہدہ برآ ہونے کی کوئی صورت نہیں ہے اور عصمت نبی علیہ السلام [illegible]

نہیں [illegible] ۔ چلئے [illegible] کہ آپ کی مراد حقیقت [illegible] ننھے میاں [illegible]

حدیث [illegible] ۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

اب جبکہ حدیث آپ کے نزدیک بھی مؤول ہے بلا [illegible] کہ ایسے کی تاویل جبکہ حقیقت گناہ ممکن نہیں

تو نتیجہ یہ نکلا ہے اگر معنی گناہ نہیں ارتکاب مجاز و تاویل کی تو کیا آپ کا مطلب ہے کہ آپ [illegible]

منہ ہو گیا لہٰذا کوئی تاویل نہیں ہو سکتی۔ [illegible] د بایہ تماشی کی عجب بگاڑ اکبر کہ اجتماع گناہ

میں اگر کوئی ارتکاب مجاز کر کے اور یہ کہے کہ لہٰذا (ذنبک) میں اضافت ذنب (گناہ) سرکار علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف

نہیں بلا مجاز یا حذف کے طور پر یا ادنیٰ ملابست کیوجہ گناہ امت کو سرکار علیہ السلام کی طرف منسوب کر دیا گیا اسلئے کہ امت کے

گناہوں سے سرکار علیہ الصلاۃ والسلام کو رنج ہوتا ہے اور سرکار علیہ الصلاۃ والسلام منجانب اللہ امت کے وکیل و کارساز و شفیع ہیں

تو یہ ایسا ہی ہے جیسے [illegible] موکل کے مقدمہ کو وکیل اپنا مقدمہ کہتا ہے۔ یا تنہا تم خود سمجھ لو [illegible]

تاویل میں کیا مانع ہے۔ حدیث کی سند اب [illegible] تو خود حدیث جو مؤول ہو اچھا

اور جب کوئی مانع نہیں تو [illegible] اپنی بات ہی کو سمجھنا اور دوسرے کی بات بلا دلیل رد کرنا [illegible]

[illegible] کیا تھا یا ہو سکتے ہیں کہ ان کے لکھنا تھا [illegible] خیال ہے کہ کوئی اور بھی سلف ہے یا یہ صرف آپ ہی

کا خیال ہے کہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کا ترجمہ صحیح نہیں اور عقل محمدی [illegible] حدیث ہے اور [illegible]

نہیں [illegible] اختلاف [illegible] نتیجہ یہ ہے کہ آپ کا خیال ہے آپ [illegible] کوئی [illegible]

اور آیت کی جو تاویل اعلیٰحضرت نے کی ہے [illegible] تفسیر کی کتب میں موجود ہے یا کسی کا قول ہے۔ صاوی علی الجلالین

میں اسی کو [illegible] کر کیا چنانچہ [illegible] ہے

معالم التنزیل، روح البیان، قرطبی، خازن میں [illegible] شہاب الدین خفاجی نے ذکر کیا اور [illegible]

لہٰذا امام فخر الدین رازی نے اس کے مثل توجیہ کو بیان کیا [illegible] یہ ہے کہ آیت میں [illegible] کے گناہ مراد ہیں [illegible]

شفا و نسیم الریاض سے [illegible] توجیہ آیت کریمہ [illegible] (فما احتج به

لتجويز الصغائر عليهم ليغفر لك الله ما تقدم [illegible] فقد اختلف المفسرون فيه فقيل المراد بما تقدم (ما كان قبل النبوة

وما تأخر (ما بعدها) أي بعد النبوة وهو عبارة [illegible] كناية عن أنه لو لم يصدر منه ذنب [illegible] لأنه لا تكليف قبل البعثة

[illegible] والعقل لا يستقل بذلك وقوله ما بعدها ذكر للتعميم كقولك [illegible] من لقيت ومن لم تلقه وقيل معنى ما

تقدم ما وقع لك من ذنب [illegible] ومعنى ما تأخر [illegible] مغفور له غير مؤاخذ به

لو وقع منه لكنه لم يقع منه ذنب كبيرة وانما يصدر عنه نادرا خلاف الاولى (وقيل المتقدم) بمعنى ما تقدم

(ما كان قبل النبوة) فما لم يؤاخذ به لأنه لا شريعة يلتزم احكامها (والمراد بالمتأخر عصمتك بعدها)

مغفرته تحقق بمعنى العصمة (حكاه أحمد بن نصر الخزاعي تلميذ) [illegible] وقيل المراد بذلك امته [illegible] لكى يغفر الله

لأجمتك ما صدر [redacted] ولصدر منها فالمراد بخطابه خطاب امته فاضافة الذنب له صلى الله تعالى عليه وسلم لأدنى ملابسة لأنه يسوءه ما يسوءهم وهو شفيع لهم (وقيل المراد بما تقدم ما وقع عن سهو وغفلة) بما تقدم (ما وقع) منه صلى الله تعالى عليه وسلم (عن سهو وغفلة و) المراد بما تأخر ما كان صادرا عن (تأويل) أي بيان لمعنى محتمله الظن فيحمل عليه باجتهاده ثم تبين له أن الصواب أو الأولى غيره لأن التأويل بيان ما يؤول إليه (حكاه الطبري محمد بن جرير) (واختاره القشيري) عبدالكريم شيخ الصوفية وغيره (وقيل) المراد بما تقدم (ما تقدم لأبيك آدم) عليه الصلاة والسلام (و [redacted]) المراد (بما تأخر من ذنوب امتك) فاللام للتعليل أي غفر لأجلك ذنوب أبيك آدم لما توسل بك إلى الله وليغفر لامتك لأنك رحمة لهم (حكاه السمرقندي [redacted] والسلمي) وهو الإمام [redacted] أبو عبدالرحمن الصوفي (عن ابن عطاء) شيخ الطريقة وهو مما لا يقال بالرأي وقد قاله مثله هؤلاء وان كان خلاف الظاهر (وبمثله) أي بمثل هذا التأويل (والطبري قبله يتأول [redacted]) تعالى خطابا لنبينا صلى الله تعالى عليه وسلم (واستغفر لذنبك وللمؤمنين والمؤمنات) فيقال المراد استغفر لذنب أهل بيتك الكرام ولذنوب امتك أو استغفر عما [redacted] صدر منك سهوا أو غفلة أو تأويلا منك [redacted]

أقوال على مخاطبة النبي) أي خطاب الله للنبي صلى الله عليه وسلم فيما هي مخاطبة الأمة

[redacted] کہ [redacted] انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے صغیرہ گناہوں کا صدور ممکن تھا اور ان کی آیت کریمہ لیغفر لک اللہ تاکہ اللہ بخشدے الخ سے استدلال کیا ہے اسکے مفسرین کرام نے مختلف جواب دیے ہیں تو ایک قول یہ ہے کہ اگلے سے مراد وہ ہے جو نبوت سے پہلے ہوا اور پچھلے سے مراد وہ ہے جو بعد نبوت صادر ہوا اور اس کی تعبیر ممکن یہ ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے کوئی گناہ صادر نہ ہوا اسلئے کہ نبوت سے پہلے اللہ کا کوئی حکم نہیں اور عقل سے کوئی شئی ثابت نہیں ... اور ما بعد نبوت کہ گناہ سب گناہوں سے محفوظ تھا ثابت ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ جسے دیکھو اس کو دو اور جسے نہ دیکھو اس کو بھی دو ... ایک قول یہ ہے کہ اللہ نے آپ کی سب لغزشیں بخشدیں جو پہلے ہو چکیں اور جو ابھی نہ ہوئیں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو بتا دیا کہ ان کے ... ہوگئی ... گناہوں سے محجوب رکھی گئی ہے ان سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا بالفرض ان سے گناہ سرزد ہو لیکن حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے کوئی گناہ صادر نہ ہوا کبھی خلاف اولیٰ ہی صادر ہوا اور ایک قول یہ ہے کہ گزشتہ سے مراد وہ ہے جو نبوت سے پہلے ہوا اور پچھلے سے مراد حضور علیہ ... والد ... سے مراد ... نبوت ... معصوم ... مجازاً عصمت مراد ... احمد بن نصر خزاعی ... [illegible]

٦

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان سے حضور کی امت مراد ہے یعنی اگلوں پچھلوں [illegible] آپ کی امت کے سب گناہ جو ان میں پہلے اور پچھلے گزر چکے

تو حضور سے خطاب سے مراد ان کی امت کو خطاب کرنا ہے اور ذنب (گناہ) کی نسبت حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف

ادنیٰ ملابست کی وجہ سے ہے اس لئے کہ امت کو جس سے ربط ہے ہر حضور کو تعلق ہے اور وہ حضور کے متبع ہیں اور ایک قول یہ کہ

گزشتہ سے وہ مراد ہے جو سہوا و غفلت سے ہوا اور آئندہ سے وہ مراد ہے جو تاویل سے ہو یعنی اجتہاد میں بعض کے

پہلو کو بیان [illegible] یا بعض کو اجتہاد سے محمول فرمایا جن پر حضور کو آگاہ کیا کہ صواب یا اولیٰ دوسرا معنی تھا

یہ اس لئے کہ تاویل کا احتمال کلام کے بیان کو کہتے ہیں اسے محمد بن جریر طبری اور قشیری عبد الکریم شیخ القرطبی وغیرہ نے حکایت کیا اور ایک

قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے جد امجد آدم علیہ السلام کی لغزش بخش دی جب انہوں نے آپ کا وسیلہ پکڑا اور الذنب کی امت کے گناہ

کو آپ کے سبب بخش دیا اس لئے کہ اب ان کے لئے رحمت ہے اور امام [illegible] یہ قول کو امام حنیفہ [illegible] ابو اللیث سمرقندی

اور امام ابو عبد الرحمن سلمی صوفی نے بھی [illegible] عطا شیخ طبری سے نقل کیا اور یہ بات عقل سے کہی جانے والی نہیں تو یہ قول انکا

مثل ان ائمہ کرام نے نقل فرمایا ہے اگرچہ یہ خلاف ظاہر ہے اور [illegible] جیسی ہی تاویل اور دوسرے

دیکھو اس تاویل کے الفاظ قرآن کریم واستغفر لذنبک وللمؤمنین والمؤمنات کی تفسیر کی تو کہا جاتا ہے کہ [illegible] کے لئے مغفرت کرو

اور اپنی امت کے گناہوں کی بخشش چاہو یا امت کے لئے استغفار کرو جو سہو و غفلت سے صادر ہوں اور جو تاویل اجتہادی سے ہوا

مکی کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نبی سے خطاب کرنا نبی کی امت سے خطاب فرمانا ہے

اب نہیں سے پوچھا جاتا ہے کہ اعلیحضرت علیہ الرحمۃ والرضوان کی پسندیدہ تاویل [illegible]

اس سے پہلے جو تاویلیں علماء نے ذکر فرمائیں ان میں سے کوئی [illegible] لائے اختیار کر لیتے

ان تاویلوں میں [illegible] احمد محمد بن جریر طبری کی تاویل پر عمل کیجئے، کس طرح سہو و غفلت اور تاویل و اجتہاد کی قید دونوں

سرکار ابد قرار علیہ الصلوٰۃ والسلام سے گناہ کی نفی فرما دی [illegible] نے یہ بھی نہ لیا آخر کوئی

وجہ دلیل سبیل نظر تھی

کیسی [illegible] اور کوئی بات ہے کہ [illegible] تاویل [illegible] گناہ کو [illegible] یہ تاویلیں

علماء [illegible] خلاف [illegible] علیہ الصلوٰۃ والسلام کے گناہ کی [illegible]

علماء کا طرز دیکھئے [illegible] تنزیل کا اتباع کر کے [illegible] گناہ اگر [illegible]

تاویل فرمادی جس نے مفہوم گناہ کو [illegible] آپ نے [illegible] ہرگز نہیں [illegible] بہت بعید

پر [illegible] کہ حقیقت گناہ مراد نہیں یہ اعتراف ہے کہ [illegible]

عقیدہ [illegible] حدیث [illegible]

امر [illegible] حقیقت گناہ مراد [illegible] اب [illegible]

(۱۱)

یہ شہنشاہی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں المسنت کا طرف کس (?)

اطمینان ہو کہ اس میں تغییر و تحریف نہ ہوئی - اسے بھی متصل الاتصال سند جانا اور وہ ایسا ہی ہے - تداول کا
یہ معنی کہ کتاب جب سے اب تک علماء کے درس و تدریس یا نقل و تمسک یا ان کی مطمح نظر رہا ہو جس سے روشن
ہو کہ اس کے مقامات و مقالات علماء کے زیر نظر آچکے اور وہ بحالت موجودہ اسے مصنف کا کلام
مانا کئے - زبان علماء میں صرف وجود کتاب کافی نہیں کہ وجود و تداول میں زمین و آسمان کا فرق ہے
رہا وجود نسخ - انصافاً متعدد بلکہ کثیر و وافر قلمی نسخے موجود ہونا بھی ثبوت تواتر کو بس نہیں - جب تک ثابت
نہ ہو کہ یہ سب نسخے جدا جدا اصل مصنف سے نقل کئے گئے یا ان نسخوں سے جو اصل سے نقل ہوئے و نقل در
نقل ہو کر کثیر ہو گئے جیسے انجیل کی طرف بائبل کے ہزار در ہزار نسخے، فتوحات مکیہ کے تمام مصری نسخے نسخہ محرفہ
سے منقول ہوئے اور اسی نقل مصر میں چھپیں اور اب وہ گھر گھر موجود ہیں حالانکہ تواتر درکنار ایک سلسلہ
صحیح آحاد سے بھی ثبوت نہیں - ہمارے نزدیک ہیں وہ کلمات جو اکابر اولیاء سے گذرے کہ اکابر علماء معتمدین مثل
امام ابن حجر مکی و ملا علی قاری وغیرہما کی کتب مطبوعہ میں پائے جاتے ہیں بعد یہ یقین کرتے ہیں وہ الحاقی ہیں
دیکھئے ملا علی قاری کی شرح فقہ اکبر ... ہے ما یسمی بہ الرب لنفسہ و یسمی بہ مخلوقاتہ مثل الحی والقیوم
والعلیم والمقتدر اس میں مخلوقات پر قیوم کے اطلاق کا جواز ہے حالانکہ ائمہ فرماتے ہیں کہ غیر خدا کو قیوم
کہنا کفر ہے مجمع الانہر میں ہے اذا اطلق علی المخلوق من الاسماء المختصۃ بالخالق نحو القدوس والقیوم والرحمن وغیرہا
یکفر اسی طرح اور کتابوں میں ہے حتی کہ خود اسی شرح فقہ اکبر میں ٢٩٩ص (?) ہے من قال لمخلوق یا قدوس او القیوم او الرحمن
کفر - جو کسی مخلوق کو قدوس یا قیوم یا رحمن کہے کافر ہو جائے
ظاہر الحاق اگرچہ کتاب احیاء الاشعر مشہور و معروف ہے - ثانیاً کسی کتاب کا ثابت ہونا اس پر عقیدے کا ثابت
ہونا نہیں - بہت اکابر کی کتابوں میں الحاقات ہیں جن کا مفصل بیان کتاب الیواقیت والجواہر میں امام عارف
باللہ سیدی عبد الوہاب شعرانی قدس سرہ ... شیخ اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کے کلام میں تو الحاقات کی گنتی نہیں
... ابو السعود سے زائل ... [illegible]
... قدس اللہ سرہ - سنجھے میاں یہ کلمات ... کا حسب دستور مذکور امام سیوطی سے ثبوت کافی ہم پہنچا ہے
... چلتے چلتے یہ بھی ناظرین کو بتا دیں کہ سنجھے میاں نے اپنے اس مضمون میں پہلے بھی شیخ عبد الحق محدث
دہلوی علیہ الرحمہ ... [illegible]

اپنا الزام دہرایا ہے جن کا جواب اوپر دیا جا چکا ... شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر معتبر شراح
حدیث نے ... ترجمہ فرمایا ہے ... کیوں سنجھے کیا سمجھا ... آپ کے ... ان کے ...
... یا فرق کا ... جا ... عقل و ... ہیں سنجھے میاں نے تو حدیث کو ظاہر
پر محمول کیا ... بلکہ شیخ سعدی نے بھی ... اور ان کی توجیہ کو خلاف عقل و حدیث
... [illegible] ... الزام ان کے
... اب ناظرین کرام ... شیخ سعدی ...

(۱۲)

آپ نے دیکھ لیا۔ اب یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ دونوں ہم مشرب ہیں شہرت کے بھوکے ہیں اور دونوں نے حضرت
اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کی شان میں سخت جرأت سے کام لیا ہے بلکہ دیگر مفسرین کرام کی بھی تغلیط اور ان کے ساتھ
بے ادبی کی ہے اور دونوں کے کلام سے احادیث کو استعارہ معنی پر محمول کرنا اور انکار عصمت انبیاء
ظاہر ہوتا ہے اور تفصیلی بحث ہم مقالہ میں آگے کر آئے ہیں۔ تو علماء پاکستان نے جو فتاوی صادر کیے وہ حق و صواب
ہیں اور دونوں پر توبہ و تجدید شرعیہ لازم ہے۔ جب تک توبہ و تجدید شرعیہ نہ کریں اہلسنت پر فرض ہے کہ ان سے دور
رہیں۔ انہیں اپنا مقتدا و پیشوا نہ جانیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ الاعلیٰ اعلم

وقد جعل بعضهم ذلك من انواع معجزات القرآن حيث كانت الكلمة الواحدة تنصرف الى عشرين وجها واكثر واقل، ولا يوجد ذلك فى كلام البشر - وذكر مقاتل فى صدر كتابه حديثا مرفوعا: لا يكون الرجل فقيها كل الفقه حتى يرى للقرآن وجوها كثيرة: قلت: هذا اخرجه ابن سعد وغيره عن ابى الدرداء موقوفا، ولفظه "لا يفقه الرجل كل الفقه" وقد فسره بعضهم بان المراد ان يرى اللفظ الواحد يحتمل معانى متعددة فيحمله عليها اذا كانت غير متضادة ولا يقتصر به على معنى واحد، واشار آخرون الى ان المراد به استعمال الاشارات الباطنة وعدم الاقتصار على التفسير الظاهر وقد اخرجه ابن عساكر فى تاريخه من طريق حماد بن زيد عن ايوب عن ابى قلابة عن ابى الدرداء قال: انك لن تفقه كل الفقه حتى ترى للقرآن وجوها. قال حماد: فقلت لايوب: أرأيت قوله حتى ترى للقرآن وجوها، اهو ان ترى له وجوها فتهاب الاقدام عليه؟ قال: نعم هو هذا. واخرج ابن سعد من طريق عكرمة عن ابن عباس ان على بن ابى طالب ارسله الى الخوارج فقال: اذهب اليهم فخاصمهم ولا تحاجهم بالقرآن فانه ذو وجوه، ولكن خاصمهم بالسنة. واخرج من وجه آخر ان ابن عباس قال له: يا امير المؤمنين فانا اعلم بكتاب الله منهم فى بيوتنا نزل قال: صدقت، ولكن القرآن حمال ذو وجوه، تقول ويقولون، ولكن خاصمهم بالسنن، فانهم لن يجدوا عنها محيصا فخرج اليهم فخاصمهم بالسنن فلم تبق بايديهم حجة. (الاتقان جلد اول. ص ١٨٥)

ننھے میاں آپ نے امام سیوطی کی بات جو کہی ہے اس کا منھ توڑ جواب یہ ہے کہ آپ نے سمجھا ہوتا۔ کوئی بات نہیں سمجھئے

اگر قرآن کا کلام صحیح ہے اور یقیناً صحیح ہے تو امام سیوطی نے بقول جناب کے اس کو جھگڑا و کر دیا۔ یہ بے ادبی ادب سے

محروموں کو مبارک ہو۔ امام ادب و علم ذی ہے یہ منصور نہیں

[illegible]

(۳) اصل مسئلہ گستاخیٔ رسول اور تکفیر کا تھا وہ الحمدللہ حل ہو گیا — اب ایک نیا مسئلہ
اس تحریر میں یہ اٹھایا گیا ہے کہ "گناہ" کا لفظ حضور کے تعلق سے بولا گیا ہے کہ حضور سے
ایسے گناہ سرزد ہو گئے ۔ اس سے رجوع کیا جائے — اور دلیل یہ دی جا رہی ہے کہ
حضور کی جانب وہ کلمات منسوب ہیں جو حضور سے سرزد نہیں ہوئے [1]
اسکے متعلق عرض یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یہ الفاظ ہم نے اپنی طرف سے
منسوب نہیں کئے بلکہ خود حدیث پاک کے اندر یہ الفاظ موجود ہیں اور خود حضور
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دئے گئے
ملاحظہ ہو صحیح مسلم شریف کی یہ حدیث مبارک —

فقد روى مسلم من حديث ابي هريرة رضي الله عنه مرفوعاً
فضلت على الانبياء بست اعطيت جوامع الكلم ونصرت بالرعب
وجعلت لي الارض مسجداً وطهوراً وارسلت الى الخلق كافة
وختم بي النبيون وفي رواية واعطيت خواتيم سورة البقرة
من كنز تحت العرش وفي رواية واعطيت مفاتيح الارض وجعلت
امتي خير الامم وغفر لي ما تقدم من ذنبي وما تاخر و
اعطيت الكوثر الخ

(السيرة النبوية والآثار المحمدية، لسيد احمد زيني دحلان،
مطبوعہ بیروت لبنان ۔ ج ۳ ۔ ص ۳۱۲ بحوالہ مسلم شریف)

اسکے علاوہ "حضور کے تعلق سے گناہ کا لفظ" ایک اور حدیث مبارک میں بھی آیا ہے —
ملاحظہ ہو صحیح بخاری شریف کی یہ حدیث مبارک —

عن ابن ابي موسى عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يدعوا
بهذا الدعاء رب اغفر لي خطيئتي وجهلي واسرافي في امري
كله وما انت اعلم به مني اللهم اغفر لي خطاياي وعمدي وجهلي
وهزلي وكل ذلك عندي اللهم اغفر لي ~~[illegible]~~ ما قدمت
وما اخرت وما اعلنت انت المقدم وانت المؤخر وانت على
كل شيء قدير —

(صحیح بخاری، کتاب الدعوات
باب قول النبي صلى الله عليه وسلم اللهم اغفر لي ما قدمت وما اخرت)

پاکستان میں اہل سنت کی ایک عظیم علمی شخصیت حضرت مولانا سردار احمد صاحب کے سجادہ نشین
شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول رضوی صاحب زید مجدہ نے اس حدیث پاک
کا جو ترجمہ فرمایا ہے اسمیں ایک ترجمہ بیان کرتے ہوئے حدیث بالا میں گناہ
کی نسبت جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف فرمائی ہے اسکی نسبت

[illegible]

اور تسلسل کر اپنے ترجمہ میں بھی اسی طرح برقرار رکھا ہے ان کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

ترجمہ:- ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے (برائے تعلیم امت) اے اللہ میری خطا، جہل اور تمام کاموں میں میرا اسراف اور جو چیز تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے بخش دے۔ اے اللہ میری خطائیں اور جو گناہ میں نے قصداً یا خطاءً اور ہنسی کے طور پر کئے ہیں اور جو میں نے کیا ہے سب بخش دے۔ اے اللہ! میرے گناہ بخش دے جو میں نے پہلے اور پیچھے کئے ہیں اور جو خفیہ اور علانیہ کئے ہیں تو ہی اول اور تو ہی آخر اور تو ہر شئی پر قادر ہے۔

(تفہیم البخاری، علامہ غلام رسول رضوی، مطبوعہ فیصل آباد ج ۹ ص ۶۷۶)

اب سوال یہ ہے کہ احادیث کا شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور دیگر محققین شارحین حدیث نے بھی ایسا ہی ترجمہ کیا ہے اور آج تک کسی نے ان پر کوئی اعتراض نہیں کیا اور نہ ہی کسی نے ان کو گستاخ قرار دیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ اگر ذنب اور گناہ کے حقیقی معنی مراد نہ لئے جائیں اور مسئلہ تاویل اور توجیہ کر کے ذنب اور گناہ کی نسبت حضور کی طرف کی جائے تو یہ قابل اعتراض نہیں ہوتا جبکہ فقیر بھی اسی بات کی طرف پہلے اشارہ کر چکا ہے کہ ذنب کے عام اور حقیقی معنی مراد نہیں بلکہ حسنات الابرار سیئات المقربین جیسے معنی مراد ہیں۔ لہٰذا ان توجیہات کی روشنی میں اگر میرے کلام میں گناہ کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کی طرف آ گئی تو یہ قابل اعتراض کیوں بن گئی؟ — اور اس سے مجھے رجوع کرنے کا کیوں حکم دیا جا رہا ہے —

② جہاں تک اس آیہ مبارکہ کے حوالہ سے اعلیٰحضرت فاضل بریلوی کے ترجمہ کی بات ہے تو کنز الایمان ترجمہ میں عصمت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص خیال رکھا گیا ہے اور آیۂ مبارکہ میں ذنب اور گناہ کی نسبت جو حضور کی طرف ہے جس سے عصمت انبیاء کے عقیدہ پر اعتراض ہوتا تھا اسکا اعلیٰحضرت نے اپنے ترجمہ کے ذریعہ وہی جواب دیا ہے جو بہت سے قدیم مفسرین کرام نے اپنی اپنی تفاسیر میں برسوں پہلے دیا تھا۔ لیکن فقیر کی نظر میں اسکا وہ جواب اور ترجمہ بہتر ہے جو حضرت غزالی زماں رازی دوراں احمد سعید شاہ کاظمی نے یا مناظر اہل سنت حضرت علامہ مولانا محمد اشرف سیالوی صاحب مدظلہ نے اختیار فرمایا ہے حضرت غزالی زماں نے اس آیہ مبارکہ کا یوں ترجمہ فرماتے ہوئے جواب دیا —

"تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے لئے معاف فرما دے آپ کے اگلے اور پچھلے (بظاہر) خلاف اولیٰ سب کام جو آپ کے کمال قرب کی وجہ سے محض صورتاً گناہ ہیں حقیقتاً حسنات الابرار سے افضل ہیں۔"

(البیان ترجمہ قرآن — علامہ احمد سعید کاظمی مطبوعہ ملتان ص ۶۶۲)

صحابہ و اولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اسمائے طیبہ کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جگہ رض لکھنے کو علماء کرام نے مکروہ و باعث محرومی بتایا ... امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں [illegible]

الحجة الفائحة لطیب التعیین والفاتحة لسید مجدد المائة

الحاضرة الملة الطاهرة علیه سحائب الرضا والرحمة

المتواترة ۔ بحمدہ تعالیٰ اس بیان تقریر پر تنویر سے اپنا مذہب مہذب بیان ہوا

اور ضمن میں خود امام الطائفہ کی دو عبارتیں فاتحہ وایصال ثواب کے جواز نیز و استحباب پر ذکر ہو گئیں

معترض بہادر اب جو تم پوچھو گے کہ "تفسیر نعیمی میں یہ عجیب حیرت میں ڈالنے والا جملہ کہا

گیا ہے کہ عوام میں رائج رسمیں (تیجہ و چالیسواں و گیارہویں) وغیرہ قرآن مجید

سے ثابت کی گئی ہیں الخ اس کا بے شک جواب لیتے چلو کہ تیجہ و چالیسواں و گیارہویں

وغیرہ یہ سب ایصال ثواب کا ذریعہ ہیں اور ایصال ثواب کا جواز مسئلہ

اجماعیہ ہے اور اجماع طریق مسلمین ہے جو قرآن میں محمود ہے اور اس سے ہٹنے

والا جہنم کو جانے والا ہے چنانچہ قرآن فرماتا ہے ومن یشاقق اللہ

والرسول من بعد ما تبین له الهدیٰ ویتبع غیر سبیل

المؤمنین نوله ما تولی ونصله جهنم وساءت مصیرا

تو اس مسئلہ کا اجماعی ہونا ہی قرآن عظیم سے ثابت ہونے کے لئے کافی ہے ۔ [illegible] قرآن عظیم [illegible] کی کسی آیت سے ثابت

[illegible] مسلمانوں کی ان رسوم کو [illegible] اعتراض [illegible] بلا طرفہ ہے

کر سکیں چنداں ضرورت نہیں صدر الافاضل کی اصل [illegible] علیہ الرحمۃ نے تبرعاً [illegible] قرآن عظیم سے اس کی سند جواز

کہ خود اپنے امام سے [illegible] مستقیم من علی العموم [illegible]

ذکر فرما دی ہے جس پر حیرت کی کوئی وجہ نہیں ہاں مگر یہ کہ آپ کی چشم بصیرت پر تعصب و عناد

ثواب کے جواز و استحسان و قبول کا معترض بہادر [illegible] امام [illegible]

کی پٹی بندھی ہے تو آپ کو یہ بھی نہیں دکھیں گے [illegible] کہ ان رسوم کا استحباب و جواز خود آپ کے امام

[illegible] یہ لب احتیاط [illegible] علی العموم ایصال ثواب

الطائفہ کی صراط مستقیم سے ثابت ہے ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم

[illegible] مستحسن [illegible] اس سے تو تیجہ و چالیسواں [illegible]

سب جائز [illegible] آخر یہ سب ایصال ثواب ہی کا تو ذریعہ ہیں [illegible]

اب ہم [illegible] تو ان معتمدین طائفہ کے کچھ اور اقوال نقل کریں معترض بہادر لیاقت علمی تو یہ تھی کہ

کہ صدر الافاضل نے ان رسوم کو قرآن عظیم سے ثابت کیا تھا ۔ آپ کے نزدیک قرآن عظیم سے ثابت نہیں آپ ثابت کر دکھاتے

[illegible] مگر آپ [illegible] کیا اس کا صرف مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ کی نظر [illegible]

معترض بہادر نے آخر میں - تیجہ - چالیسواں - گیارہویں - سوا نجار لنگالاہی - [illegible] پہلے ہم اس بارے میں
مذہب اہلسنت کثرہم اللہ تعالیٰ ذکر کریں اور اس کی تائید میں امام الطائفہ اور بزرگان طائفہ کے اقوال نقل کریں گے
تاکہ وہ سب معترض کی دو ورقہ واہیات کا کافی جواب ہوں فأقول وباللہ التوفیق - [illegible]
تفصیل اس امر میں یہ ہے کہ اموات مسلمین کو ثواب پہنچانا اور اجر کا ہدیہ کرنا تمام اہلسنت وجماعت کے نزدیک محبوب
اور شرع میں مستحسن ومندوب ہے - اس امر کی ترغیب وتعلیم میں حضور سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی
احادیث کریمہ وارد ہیں - امام علامہ محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں اور امام علامہ فخر الدین زیلعی نے نصب
الرایہ میں اور امام علامہ جلال الدین سیوطی نے شرح الصدور میں اور فاضل علامہ علی قاری نے مسلک متقسط میں اور
ائمہ دیگر نے کتب دیگر میں ان احادیث میں سے کچھ کو ذکر فرمایا ہے - موجودہ طائفہ جس کی رگ رگ میں معتزلی خون جوش مار رہا ہے
[illegible] ان معتزلہ کی نیابت میں ایصال ثواب کا انکار کرتا ہے اور اجماع اہلسنت کا اختلاف کرتا ہے
ثانیاً احادیث کثیرہ اور جمہور ائمہ کی تصحیح سے ثابت کہ ایصال ثواب عبادات مالیہ سے خاص نہیں ہے بلکہ مالیہ وبدنیہ دونوں
کو عام ہے یہی مذہب حنفیہ ہے اور اسی پر شافعیہ کے محققین ہیں اور جمہور ہیں اور یہی صحیح و رجیح ومنصور ہے ثالثاً ان
دونوں کا اجتماع کہ قرآن بھی پڑھتے ہیں اور صدقہ بھی کرتے ہیں اور دونوں کا ثواب مسلمانوں کو پہنچاتے ہیں نہیں ہے مگر حسن کا
اجتماع حسن کے ساتھ اور مندوب کا شامل ہونا مندوب کے ساتھ ہرگز ایک دوسرے کے منافی نہ شریعت میں اس اجتماع پر انکار وارد
تو اسے محذور کہنا عقل کے دائرہ سے باہر ہونا ہے امام حجۃ الاسلام غزالی قدس سرہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں اذا لم یحرم الآحاد
فمن أین یحرم المجموع اسی میں ہے ان افراد الآحاد اذا اجتمعت کان ذلک المجموع مباحاً - خود
مسلم طائفہ والعین مولوی اسمعیل دہلوی کو اس قرآن خوانی وطعام کے اجتماع کی خوبی مسلم ہے - صراط مستقیم میں اس طرح راہ اعتراف چلے ہیں
"ہر گاہ ایصال نفع بمیت منظور دارد موقوف بر اطعام نہ گزارند اگر میسر باشد بہتر است والا صرف ثواب فاتحہ واخلاص بہترین
ثواب ہا است" اور ظاہر ہے کہ ایصال ثواب کا طریقہ رب العالمین کی جناب میں دعا کرنا ہے - امام الطائفہ صراط مستقیم میں کہتا ہے "ہر عبادتیکہ
از مسلمان اداشود و ثواب آن بروح کسے از گزشتگان برسانند و طریق رسانیدن آن دعا بجناب الٰہی است پس این خود بہتر
و مستحسن است - اور ہاتھ اٹھانا ہر دعا کے آداب میں سے ہے - حصن حصین میں فرمایا آداب الدعاء منھا بسط
الیدین خ ت مس ق د رفعهما یعنی دونوں ہاتھ اٹھانا صحاح ستہ کی حدیث کے بموجب دعا کے آداب سے ہے - خود معلم ثانی طوائف
منکرین نے مسائل اربعین میں لکھا "دست برداشتن برائے دعا وقت تعزیت ظاہرا جواز است زیرا کہ حدیث
شریف رفع یدین در دعا مطلق ثابت شدہ پس درین وقت ہم مضائقہ ندارد لیکن تخصیص آن برائے دعا وقت
[illegible] - [illegible] جزاء اللہ [illegible] جائز ہو - ھذا ترجمة ما فی.

۹۲-۷۸۶

کولمبو لنکا میں محمد اسمٰعیل نامی ایک شخص حضرت علامہ الحاج اختر رضا خان ازہری صاحب بریلوی ایاک نعبد وایاک نستعین کے متعلق سوال کرتے ہوئے قرآن مقدس کی آیتیں بھی لکھکر دیں اور یہ ثابت کرنیکی کوشش کی کہ وسیلہ و استمداد اور شفاعت کی قرآن نفی کرتا ہے اور کوئی کسی نبی یا ولی شفاعت کر سکتا ہے نہ ہی ان کی سفارشیں و شفاعت کام آسکتی اور نہ ہی انہیں وسیلہ بنانا جائز ہے۔ انہیں اور مددگار و شفیع سمجھنا شرک ہے سائل نے قرآن کریم کی وہ آیات پیش کی ہیں جو کفار و مشرکین کے حق میں اتری ہیں اور جنہیں آج نجدی اور وہابی معبودوں کی شفاعت و مدد کی نفی کی مفتی اعظم موصوف نے اسکا مدلل و مفصل جواب تحریر فرمایا جسے زبان انگریزی میں ترجمہ کرکے پیش کیا جا رہا ہے۔ عبد النعیم عزیزی بریلی شریف

الجواب:۔ تم نے آیت کریمہ ایاک نعبد وایاک نستعین سے متعلق سوال کیا ہے۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین کا معنی برحق ہے۔ بیشک عبادت کا حقدار اللہ وحدہ لا شریک ہے اور عبادت اسی کیلئے سزاوار ہے۔ عبادت میں کوئی اس کا شریک نہیں نہ کوئی مسلمان نبی یا ولی کو پوجتا ہے نہ اللہ کا شریک جانتا ہے اور بیشک حقیقی استعانت اللہ ہی کیساتھ خاص ہے اور وہ یہ کہ بندہ یہ سمجھکر استعانت کرے کہ مدد کرنے میں وہ کسی کا محتاج نہیں ہے بلکہ خود اپنی قدرت کاملہ سے مدد فرماتا ہے تو وہ مددگار حقیقی ہے اور حقیقتاً استمداد و استعانت اسی سے ہے اسطرح کی استعانت اللہ کے سوا کسی سے کرنا بیشک شرک ہے مگر کوئی مسلمان انبیاء و اولیاء سے اس طور پر استعانت نہیں کرتا کہ وہ خود مدد میں مستقل ہیں بلکہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ اللہ کی مدد کا وسیلہ ہیں اور حقیقتاً مددگار اللہ تبارک وتعالیٰ ہے اور اس اعتقاد پر غیر اللہ سے مدد چاہنا ہرگز شرک نہیں بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہے۔ اس کا ارشاد ہے۔ "وابتغوا الیہ الوسیلۃ"۔ اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈھو یعنی اللہ کیطرف جو اعمال و اشخاص پہنچاتے ہیں ان سے مدد لو۔ تفسیر روح البیان میں ہے (وابتغوا) أی اطلبوا لأنفسکم (الیہ) أی إلی ثوابہ والزلفی منہ (الوسیلۃ) أی القربۃ بالأعمال الصالحۃ إلی قولہ ھی فعیلۃ بمعنی ما یتوسل بہ ویتقرب إلی اللہ تعالیٰ۔ یعنی اللہ کے ثواب اور اس سے قربت کے لیے وسیلہ ڈھونڈھو یعنی اعمال صالحہ سے اللہ کا قرب چاہو۔ وسیلہ فعیلۃ کے وزن پر ہے اور اس سے مراد وہ چیز ہے جس کے ذریعہ اللہ کا قرب چاہا جائے اور اسکی طرف پہنچنے کا ذریعہ ہو۔ [ص ۳۸۲ جلد ۲ مطبع عثمانیہ ۱۳۳۰ھ

اسی طرح تفسیر کبیر وغیرہ دوسری تفاسیر میں بھی ہے نیز اسی روح البیان میں ہے "واعلم أن الآیۃ الکریمۃ صرحت بالعمل بابتغاء الوسیلۃ ولابد منہا البتۃ فان الوصول إلی اللہ تعالیٰ لا یحصل إلا بالوسیلۃ وھی علماء الحقیقۃ ومشائخ الطریقۃ۔ قطع این مرحلہ بے ہمرہی خضر مکن ظلمات است بترس از خطر گمراہی والعمل بالنفس یزید فی وجودھا وأما العمل وفق اشارۃ المرشد ودلالۃ الأنبیاء والأولیاء فیخلصہا من الوجود ویرفع الحجاب ویوصل الطالب إلی رب الأرباب وفی صحبۃ الأخیار والصلحاء شرف عظیم وسعادۃ عظمی [ص ۳۸۸ جلد ۲]

یعنی تم جانو کہ اس آیت کریمہ نے صاف حکم دیا کہ اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈا جائے اور وسیلہ لامحالہ ضروری ہے اسلیے کہ اللہ تک پہنچنا بغیر وسیلہ کے نہیں ہو سکتا اور وسیلہ جناب الٰہی کا علمائے حقیقت اور مشائخ طریقت ہیں۔ حافظ شیرازی نے فرمایا ؎ قطع این مرحلہ بے ہمرہی خضر مکن ۔۔۔ ظلمات است بترس از خطر گمراہی

یعنی اس مرحلہ کو بغیر رہنما کے طے نہ کرو اندھیریاں ہیں گمراہی کے خطرے سے ڈر اور نفس کے مطابق عمل کرنا ظلمتوں کو بڑھاتا ہے اور مرشد کے اشارے کے مطابق اور انبیاء و اولیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی ہدایت کے مطابق عمل نفس کو دنیا سے الگ کرتا ہے اور پردہ اٹھا دیتا ہے اور طالب کو رب الارباب تک پہنچاتا ہے تو اولیاء اور صالحین کی صحبت میں عظیم شرف اور بڑی سعادت ہے اور جب آیت کریمہ سے انبیاء و اولیاء کرام کا وسیلۂ جناب الٰہی ہونا ثابت تو حق کی طرف ہدایت اور حق پر استقامت میں انکی دستگیری بحکم الٰہی ظاہر اور بیشک واقع ہے۔ اسی روح البیان میں فرمایا۔ وحکی أن خادم الشیخ أبی یزید البسطامی کان رجلاً مغربیاً فجری الحدیث عندہ فی سؤال منکر ونکیر فقال المغربی واللہ لئن سألانی لأقولن لہما فقالوا لہ ومن این یعلم ذلک فقال اقعدوا علی قبری حتی تسمعونی فلما انتقل المغربی جلسوا علی قبرہ فسمعوا المسائلۃ وسمعوہ یقول أتسألاننی وقد حملت فروۃ أبی یزید علی عنقی فمضوا وترکوہ" ص ۳۸۸ ج ۲۔

حکایت ہے کہ شیخ ابو یزید بسطامی کا خادم مغرب کا باشندہ تھا۔ ایک دفعہ ان کے پاس منکر اور نکیر کے سوال کے بارے میں ذکر چھڑا تو ابو یزید بسطامی کے مغربی خادم نے کہا خدا کی قسم وہ مجھ سے اگر پوچھیں گے تو میں ان سے کہوں گا۔ لوگوں نے عرض کی آپ کو یہ کیسے معلوم ہوگا۔ انھوں نے فرمایا میری قبر پر بیٹھ جانا تاکہ میری آواز سنو جب مغربی کا انتقال ہوگیا لوگ ان کی قبر پر بیٹھ گئے۔۔ بر

بقایا صفحہ دو

مسئلہ توسل

مخبری کو یہ کہتے سنا گیا تم مجھ سے سوال کرتے ہو جبکہ میں نے ابو یزید کا حجرہ بن جو اپنے گرد کھچا رکھا ہے تو منکر نکیر مخبری کو چھوڑ کر چلے گئے۔ میزان الشریعۃ الکبریٰ میں امام عبدالوہاب شعرانی نے فرمایا کہ ائمہ اور اولیاء اپنے مقلدین اور مریدین کی نگہبانی نزع کے وقت اور قبر میں اور ان کے تمام احوال میں فرماتے ہیں

یہاں اولیائے کرام سے استعانت کا جواز اور ان کی مدد کا ثبوت واضح طور پر ہو گیا و للہ الحمد۔ اور انبیاء اور اولیاء سے جس طور پر استعانت کیجاتی ہے اسے شرک سمجھنا وہابیوں کی زیادتی ہے حالانکہ اس طور کی استعانت وہ بھی حکیموں، حاکموں، ڈاکٹروں بیوی بچوں اور نوکروں سے کرتے ہیں اور انکو کبھی یہ گمان نہیں ہوتا کہ وہ شرک کر رہے ہیں مگر زبردستی انبیاء و اولیاء سے اسی طور کی استعانت کو جو دن رات وہ دوسروں سے کرتے ہیں کو شرک بتاتے ہیں یہ ان کی اولیاء و انبیاء سے کھلی عداوت کی روشن دلیل ہے اور ان احمقوں کو اتنی بھی سمجھ نہیں ہے کہ توسل یعنی کسیکو وسیلہ بنانا اس معنی کر استعانت غیر اللہ کے ساتھ خاص ہے اور اللہ سے اگر کوئی اس معنی کر استعانت کرے یعنی اسکو وسیلہ بنائے تو یہ کفر ہوگا کہ اللہ سے اوپر کون ہے جسکی طرف وہ وسیلہ بنیگا ہم نے جو استعانت کی تفصیل کی اس تفصیل پر بحمدہ تعالیٰ "ایاک نعبد وایاک نستعین"۔ پر ایمان قائم رہتا ہے اور "وابتغوا الیہ الوسیلۃ"۔ "واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ" "تعاونوا علی البر والتقویٰ" وغیرہ آیات جنمیں غیر اللہ سے استعانت کا حکم ہے انپر بھی ایمان قائم رہتا ہے بخلاف وہابیہ کے کہ مطلقاً غیر اللہ سے استعانت کو شرک کہتے ہیں کہ وہ ظاہرا ان آیات کے جنمیں غیر اللہ سے مدد چاہنے کا حکم ہے منکر ہیں اور "أفتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض الآیۃ"۔ کیا بعض کتاب پر ایمان لاتے ہو اور بعض کو جھٹلاتے ہو کے مصداق ہیں۔ اور جو آیتیں سائل نے ذکر کی ہیں وہ سب مشرکین کے بارے میں ہیں اور یہ وہابیہ کی اپنے پیشرو خوارج کی طرح عادت ہے کہ وہ ان آیتوں کو جو کافروں کے حق میں اتریں زبردستی مسلمانان اہلسنت و جماعت پر ڈھالتے ہیں یہاں بھی سائل نے یہی کیا ہے مسلمانوں کا انبیاء اور اولیاء کو وسیلہ بنانا کافروں کی بت پرستی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ کوئی مسلمان انبیاء اور اولیاء کو نہ تو پوجتا ہے نہ نفع و ضرر میں مستقل سمجھتا ہے بلکہ اللہ کی مدد کا وسیلہ جانتا ہے اور اللہ کی عطا سے انہیں نافع اور بلاؤں کا دافع سمجھتا ہے اور یہ ہرگز شرک نہیں روز مرہ کا محاورہ ہے جسے وہابی بھی استعمال کرتے ہیں عام طور پر کہا جاتا ہے فلاں دوا نے نفع پہنچایا فلاں دوا نے نقصان دیا اور بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کو + دافع الفساد نافع العباد بنایا ہے۔ قرآن کا ارشاد ہے۔ "ولولا دفع اللہ الناس بعضهم ببعض لفسدت الارض ولکن اللہ ذو فضل علی العٰلمین" یعنی اگر اللہ لوگوں کو ایکدوسرے سے دفع نہ فرماتا تو زمین فاسد ہو جاتی۔ حدیث میں سرکار نے فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نیک آدمی کے سبب اسکے اہلبیت اور پڑوسیوں میں سو گھروں کی بلاؤں کو دور فرماتا ہے آیت کریمہ سے اور حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے صالحین کو صلاح عالم کا وسیلہ اور امور دنیا کا مدبر اور منتظم بنایا ہے۔ دوسری جگہ قرآن کریم کا ارشاد ہے۔ "فالمدبرات امرا" یعنی انکی قسم جو کاموں کی تدبیر کریں۔ علامہ امام بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس سے مراد فرشتے ہیں یا وہ ارواح طیبہ ہیں جو جسموں سے جدا ہو کر بارگاہ قدس میں پہنچیں اور اپنے شرف اور قوت کی وجہ سے مدبرات میں ہو جاتی ہیں۔ اس قول کی تائید میں امام الوہابیہ اسمٰعیل دہلوی کی گواہی سنئے جو وہ صراط مستقیم میں اپنے پیروں کے لئے لکھتا ہے "ایشاں ایں طریق والاہر ایں فریق در زمرہ ملائکہ مدبرات الامر محسوب اند نہ در تدبیر امور از جانب ملائکہ اعمال ملہم شدہ در اجرائے آن می کوشند پس احوال ایں گروہ بر احوال ملائکہ عظام قیاس باید کرد۔ یعنی اس طریقت کے امام اور اس جماعت کے اکابر ملائکہ مدبرات الامر میں شمار ہوتے ہیں اسلئے کہ وہ امور کی تدبیر میں بزم بالا سے الہام پاکر ان کو جاری کرنے کی کوشش کرتے ہیں لہٰذا ان بزرگوں کے احوال کو ملائکہ عظام کے احوال پر قیاس کرنا چاہئے۔

[illegible]

[illegible]

... ہیں ... اذن الہی پر اور حسب ... شفاعت بھی ... شفاعت کے لیے اسکی شفاعت پر موقوف ہے تو اگر ماذون ہیں ہے شفاعت اسکے لیے صادر ہو جو شفاعت کا اثر ظاہر کرے قبول ہوئی اور کافر اسکا مستحق نہیں ہے تو اسکے لیے شفاعت کی اجازت نہیں لہذا اسکے لیے حقیقتًا نہ شفاعت ہے اور نہ اسکے نفع اور اس آیت میں اسکی دلیل ہے کہ شفاعت ثابت ہے اور قیامت کے دن گنہگار مسلمانوں کو اسکا نفع ہوگا ورنہ کافروں کی تخصیص کی کوئی وجہ نہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہے ملائکہ اور نبی اور شہداء اور صالحین شفاعت فرمائیں گے تو دوزخ میں چار کے سوا کوئی نہ رہیگا پھر انھوں نے اللہ تبارک و تعالی کا قول لم نك من المصلين سے بيوم الدين تک پڑھا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا بیشک محمد علیہ الصلاۃ والسلام تین مرتبہ شفاعت فرمائیں گے پھر ملائکہ شفاعت کریں گے پھر انبیاء پھر آباء پھر ابناء شفاعت کریں گے پھر اللہ تبارک و تعالی فرمائیگا اب میری رحمت باقی رہ گئی اور دوزخ اسکو چھوڑونگا جس پر جنت حرام ہے (یعنی کافر کو) اور دوزخی جنتی سے کہیگا اے فلاں کیا تو مجھے نہیں جانتا میں وہی ہوں جس نے تجھے پانی پلایا تھا اور دوسرا کہیگا میں وہی ہوں جس نے تجھے وضو کا پانی دیا تھا اور کوئی کہیگا میں نے تجھے ایک لقمہ کھلایا تھا اور کوئی کہیگا میں نے تجھے کپڑا پہنایا تھا اسکے بعد جنتی جہنمی کیلیے شفاعت کریگا تو اسکو جنت میں داخل کرے گا یا جہنم میں جانے سے پہلے یا جہنم میں جانے کے بعد

[redacted]

واحتج أصحابنا على ثبوت الشفاعة للفساق الموحدين بمفهوم هذه الآية وقالوا ان تخصيص هؤلاء بأنهم لا تنفعهم شفاعة الشافعين يدل على أن غيرهم تنفعهم شفاعة الشافعين

یعنی ہمارے علماء اہلسنت نے اس آیت کے مفہوم سے گنہگار مسلمانوں کیلیے ثبوت شفاعت پر دلیل قائم کی اور انھوں نے فرمایا کہ کافروں کی تخصیص اسبات سے کہ انکو شفیعوں کی شفاعت نفع نہ دے گی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انکے غیر کو یعنی مسلمانوں کو شفیعوں کی شفاعت فائدہ دے گی۔

نیز تفسیر کبیر میں زیر آیت من ذا الذی یشفع عندہ إلا باذنہ فرمایا قولہ تعالی من ذا الذی استفهام معناه الانكار والنفي أي لا يشفع عنده أحد إلا بأمره وذلك أن المشركين كانوا يزعمون أن الأصنام تشفع لهم وقد أخبر الله تعالى عنهم بأنهم يقولون ما نعبدهم إلا ليقربونا إلى الله زلفى وقولهم هؤلاء شفعاؤنا عند الله ثم بين تعالى أنهم لا يجدون هذا المطلوب فقال ويعبدون من دون الله ما لا يضرهم ولا ينفعهم فأخبر [illegible] عنده أحد إلا من استثناه الله تعالى بقوله إلا باذنه ونظيره قوله تعالى يوم يقوم الروح والملائكة صفا لا يتكلمون إلا من أذن له الرحمن وقال صوابا

[تفسیر کبیر جلد ... امام فخر الدین رازی مطبوعہ ...]

یعنی اللہ تعالی کا فرمان من ذا الذی جملہ استفہامیہ ہے جس سے مراد نفی و انکار ہے اور یہ اسلیے کہ مشرکین گمان کرتے تھے کہ بت ان کیلیے شفاعت کا اختیار رکھتے ہیں اور اللہ تعالی نے ان کی خبر دی کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم تو بتوں کو اسی لیے پوجتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ سے قریب کردیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ بت اللہ کے نزدیک ہمارے سفارشی ہیں پھر اللہ تعالی نے بتایا کہ مشرکین یہ مقصد نہ پائینگے لہذا اللہ تعالی نے فرمایا کہ مشرکین اسے پوجتے ہیں جو ان کے نفع و ضرر کا مالک نہیں تو اللہ تعالی نے خبردار کیا کہ اللہ کے نزدیک کسی کو شفاعت کا اختیار نہیں مگر ان کیلیے جنکو اللہ تعالی نے الا باذنہ کہکر مستثنی فرمادیا (یعنی مسلمانوں کیلیے باذن الہی شفاعت ہوگی) اور اسکی نظیر اللہ تعالی کا قول ہے کہ اس دن جبریل اور فرشتے ... کوئی بات نہ کرسکیگا مگر جسکے لیے رحمن اذن دیگا اور ٹھیک بات کہی جسدن جبریل کھڑا ہوگا اور سب فرشتے پرا باندھے کوئی نہ بول سکیگا مگر جسے رحمن نے اذن دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی اور میں نے آیت کریمہ قل للہ الشفاعۃ نقل کی جو مقصد تھا ہمارا ایمان اس آیت پر بھی ہے اور اس آیت کا مفاد یہ ہے کہ شفیع بنانے کا اختیار اللہ کو ہے لہذا کوئی بغیر اسکی اجازت کے شفیع نہیں ہوسکتا اور اسنے انبیاء و اولیاء کو شفیع بنایا اور بتوں کو شفیع نہیں بنایا واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

آخر میں تبرکًا امام شافعی کے دو شعر اہل بیت کرام کی مدح میں سنتے چلیے

فقط
قادری غفرلہ
محمد اختر رضا خاں ازہری

وهم إليه وسيلتي ... آل النبي ذريعتي
أرجو بهم أعطى غدا ... بيدي اليمين صحيفتي

یعنی آل نبی علیہ السلام میرا ذریعہ (وہی علیہ السلام تک میرا وسیلہ ہیں) مجھے قیامت میں ان کے سبب امید ہے کہ میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا۔ ... مورخہ ...

مسلمانوں کے لیے اللہ کی عطا سے شفاعت پر بہت ساری آیتیں دلالت کرتی ہیں انہیں سے سائل نے پانچ آیتیں
اذن شفاعت پر لکھیں جنمیں باذن الٰہی شفاعت کا ثبوت ہے۔ ایک آیت ہم یہاں بر سبیل اختصار ذکر کرتے ہیں
سورہ مدثر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اللہ نے کافروں کا ذکر فرما کر فرمایا۔ فما تنفعهم شفاعة الشافعين
ترجمہ رضویہ۔ انہیں سفارشیوں کی سفارش کام نہ دیگی۔ (آیت ۴۸ ع ۲)
محمد یوسف علی نے انگریزی میں اس آیت کا جو ترجمہ کیا ہے اسکو سائل دیکھے اس آیت میں
صاف تصریح ہے کہ اللہ کے اذن سے اللہ کے بندے شفاعت کرنیوالے ہیں مگر ان کی شفاعت کافروں کو کام نہ آئیگی یعنی
وہ کافروں کیلیے اصلاً شفاعت نہیں کریں گے یہ مطلب نہیں کہ وہ کافروں کے لیے شفاعت کریں گے پھر کافروں کو ان کی شفاعت
کام نہ دیگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ بالفرض اگر کافروں کے لیے شفاعت کریں تو کافروں کو اس سے کچھ فائدہ نہ پہنچیگا اس سے
معلوم ہوا کہ اللہ کی عطا سے اللہ کے بندے مسلمانوں کے لیے شفاعت فرمائیں گے اور یہ اعتقاد بالکل قرآن کے مطابق ہے
اور جس شفاعت کی نفی قرآن کریم میں کیگئی ہے وہ شفاعت وہ ہے جسکا اعتقاد مشرکین اپنے معبودوں کے ساتھ رکھتے تھے
جن کا اللہ کیطرف سے انہیں اختیار نہ دیا گیا تو حاصل کلام یہ ہوا کہ شفاعت باذن اللہ ثابت اور مسلمانوں کا
عقیدہ ہے اور شفاعت بغیر اذن اللہ باطل اور کافروں کا عقیدہ ہے۔

روح البیان میں فما تنفعهم شفاعة الشافعين کے تحت ہے

من الانبياء والملائكة وغيرهم اى لو قدر اجتماعهم على شفاعتهم على سبيل الفرض
المحال لا تنفعهم تلك الشفاعة فليس المراد انهم يشفعون لهم ولا تنفعهم شفاعتهم
اذ الشفاعة يوم القيامة موقوفة على الاذن وقابلية المحل فلو وقعت من الماذون
للقابل قبلت والكافر ليس بقابل لها فلا اذن في الشفاعة له فلا شفاعة ولا نفع في الحقيقة
وفيه دليل على صحة الشفاعة ونفعها يومئذ لعصاة المومنين والا لما كان لتخصيصهم الخ
بعدم منفعة الشفاعة وجه. قال ابن مسعود رضي الله عنه تشفع الملائكة والنبيون
والشهداء والصالحون وجميع المومنين فلا يبقى في النار الا اربعة ثم تلا قالوا لم
نك من المصلين الى قوله بيوم الدين. وقال ابن عباس رضي الله عنهما ان نبيكم عليه السلام
يشفع ثلاث مرات ثم تشفع الملائكة ثم الانبياء ثم الآباء ثم الابناء ثم يقول الله بقيت
رحمتي ولا يدع في النار الا من حرمت عليه الجنة ويقول الرجل من اهل النار
لواحد من اهل الجنة يا فلان اما تعرفني انا الذي سقيتك شربة ويقول آخر انا الذي
وهبت لك وضوءا ويقول آخر اطعمتك لقمة واخر كسوتك خرقة وعلى هذا
يشفع له فيدخله الجنة اما قبل دخول النار او بعده۔ ص [illegible] تفسیر روح البیان مصنفہ
حضرت شیخ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۱۳۷ استنبول ~~[illegible]~~ عثمان بک مطبوعہ
ترجمہ یعنی کافروں کو انبیاء اور ملائکہ وغیرہم کی شفاعت کام نہ دیگی مطلب یہ ہے کہ
بالفرض سب انبیاء ملائکہ وغیرہم سب ملکر ان کی شفاعت کریں تو انہیں شفاعت سے کچھ نفع

دفاع کنزالایمان

بطل کرامت

تاجدارِ اہلِ سنّت

شہزادۂ اعلحضرت مفتی اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(از)

نبیرۂ اعلحضرت علامہ

مفتی محمد اختر رضا خاں صاحب

ازہری (بریلی شریف)

طابع و ناشر

رضا اکیڈمی بمبئی

۱۳۰ محمد علی روڈ اسٹریٹ بمبئی ۳

اشاعت نمبر ۱۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۱۳ر جنوری ۱۹۸۳ کے صفحہ ۲ پر ایک مضمون بعنوان "بریلوی ترجمہ قرآن کا علمی تجزیہ۔ علم واختیار کی بحث کی پانچویں قسط نظر سے گذری جس میں اعلیحضرت امام احمد رضا خانصاحب فاضل بریلوی کے ترجمہ قرآن کنز الایمان اور صدر الافاضل مولانا نعیم الدین صاحب مراد آبادی کی تفسیر پر اعتراض اور تنقید کیا گیا ہے اس قسط میں معترض نے کنز الایمان اور تفسیر نعیمی پر اس وجہ سے اپنا غصہ اتارا ہے کہ ترجمہ وتفسیر میں خدا کے علم وقدرت کو ذاتی اور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم و اختیار کو عطائی بتا کر اللہ ورسول کے علم واختیار میں امتیاز ظاہر کیا ہے جس کا مفاد یہی ہے کہ معترض صاحب ذاتی اور عطائی کی تقسیم نہیں مانتے اور اس طرح وہ خود توحید ورسالت کے حدود کو نہیں جانتے ہیں تو ان کا یہ لکھنا کہ۔

"قرآن کریم نے توحید ورسالت کے حدود اتنے مستحکم کر دیئے ہیں کہ ہزار تاویلات کی جائیں تو حدود کمزور نہیں پڑتے"۔ ان کے لئے بے سود ہے اور خود تناقض اور تعرض کا شکار ہوتا ہے۔ اس لئے کہ وہ اپنی پوری بحث میں ذاتی اور عطائی کی تقسیم وتفریق کے منکر ہیں چنانچہ انھیں سابقہ جملوں کے بعد متصلاً لکھتے ہیں۔

"چنانچہ رضا خانی جماعت علم واختیار کے مسئلہ میں ذاتی اور عطائی کی منطق سے کام لے کر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے علم غیب عطائی اور اختیار عطائی کا تصور پھیلاتی ہے۔ قرآن کریم نے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی

زبان اقدس سے اپنی ذات کے بارے میں علم واختیار کی صفت کو خدا تعالےٰ کے لئے ثابت کیا ہے وہاں یہ جماعت عطائی اور ذاتی کی تقسیم کر کے ان آیات قرآنی کا سارا زور ختم کر دیتی ہے۔ مولانا احمد رضا خانصاحب کا یہی سب سے بڑا کارنامہ ہے کہ انھوں نے قرآن کریم کے اندر عطائی اور ذاتی کی تقسیم داخل کر دی "۔ الاخ"

ان کلمات پر چند سوالات متوجہ ہوتے ہیں

۱۔ جناب معترض صاحب بتائیں کہ چنانچہ کا ان کی عبارت میں کیا محل ہے اور اگر محل نہیں تو یہ چنانچہ کیسے بے محل ٹپک پڑا۔ کیا ایسی اردو دانی پر انھیں اعلیٰحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی اور صدر الافاضل مولانا نعیم الدین صاحب مراد آبادی کے ترجمہ وتفسیر پر منہ کھولنے کی جرأت ہے؟

۵ ۲۔ جناب معترض نے اپنے ان کلمات میں یہ کہہ کر رضا خانی جماعت ذاتی اور عطائی کی منطق سے کام لے کر علم غیب عطائی اور اختیار عطائی کا تصور پھیلاتی ہے ہم اہل سنّت پر یہ الزام لگایا ہے کہ ذاتی اور عطائی کی تقسیم ہماری اور اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں رضی اللہ عنہ کی ایجاد کردہ ہے جیسا کہ ان کے آخری فقرے صاف صاف اس الزام کا پتہ دے رہے ہیں۔ ذرا قرآن کریم کی ان آیات کو پڑھ کر بتایئے جو درج ذیل ہیں ذرا قرآن کریم کی ان آیات کو پڑھکر بتایئے جو درج ذیل ہیں کہ سمع و بصر اور علم وتصرف اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کیلئے ثابت فرمایا ہے کہ نہیں؟

الرحمٰن علم القرآن۔ علم بالقلم۔ علم الانسان
مالم یعلم۔ علمك مالم تكن تعلم۔ علمه
شدید القوی۔ انّا خلقنا الانسان من
نطفۃ امشاج نبتلیه۔

اور اگر ثابت فرمایا ہے اور بے شک ثابت فرمایا ہے تو بندوں کے لئے علم و اختیار عطائی بحکم قرآن ثابت ہوا۔ اسی لیے ہم مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ بندے میں جو صفت ہے وہ اس کی ذات کی طرح اللہ تبارک و تعالیٰ کی پیدا کردہ اور اس کی دی ہوئی ہے۔ اور جو قرآن کریم بندوں میں اوصاف عطائی کا پتہ صاف صاف دے رہا رہا ہے وہی قرآن کریم متعدد آیتوں سے یہ بتا رہا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کو کسی نے پیدا نہیں کیا وہی سب کو پیدا فرمانیوالا اور ایک مدت تک باقی رکھنے والا۔ جلانے اور مارنے والا ہے اور اس کا وجود اور اس کی صفات کسی کا عطیہ نہیں ہے بلکہ اس کا وجود واجب اور اس کی صفات غیر حادث ہیں۔ اسی کو ہم ذاتی سے تعبیر کرتے ہیں تو معترض صاحب نے اہل سنت اور امام اہل سنت اعلحضرت کے سر ذاتی و عطائی کی تقسیم کے بابت جو الزام لگایا ہے وہ کھلا بہتان اور صریح افترا ہے کہ نہیں ؟

۳۔ یہ جو گذرا ہم اہل سنت کا عقیدہ اور ایمان تھا اب جناب اپنا عقیدہ بتائیں کہ آپ اور آپ کے جملہ ہم خیال مقتدا و مقتدی پیشوا و

پیرو اس ذاتی اور عطائی کی تقسیم کے منکر ہو کر ان آیات بیّنات کے منکر ہوئے کہ نہیں۔ ضرور ہوئے اور جب آپ سب ان آیات بیّنات کے منکر ہوئے تو یہ بھی بتا دیں کہ قرآن کی آیات بیّنات کا منکر کون ہوتا ہے ؟

۴۔ آپ سب لوگ ذاتی اور عطائی کی تقسیم پر تو اس قدر برافروختہ ہوتے ہیں مگر یہ نہیں سوچتے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ سمیع و بصیر، مرید و قادر، حیّ متکلم اور علیم و خبیر ہے اور آپ اور ہم سب اس کے بندے بھی اس کی عطا سے حیّ، سمیع و بصیر، مرید و قادر، متکلم اور علیم و خبیر ہیں اب اس تقسیم پر برافروختہ ہونے کا انجام اس کے سوا کیا ہے کہ آپ حضرات کے نزدیک بندے اور خدا میں کوئی امتیاز نہیں اس لئے کہ آپ حضرات کو ذاتی اور عطائی کی تفریق مسلم ہی نہیں یا آپ حضرات کے طور پر یہ لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بہ صفات بخشیں ہی نہیں اور یہ آیات بیّنات کے انکار اور قرآن کریم سے کفر کے علاوہ ہدایت اور مشاہدے کا بھی انکار ہے تو آپ کو ترجمہ تفسیر پر اعتراض کے بجائے اپنے وجود اور صفات کا انکار کرنا چاہیئے اور اس دنیائے ہستی سے الگ اپنی کوئی اور دنیا بسانی چاہیئے۔

۵۔ اور اگر ذاتی اور عطائی کی تقسیم غیر مسلم مانتے ہوئے اپنی ذات و صفات کا اقرار بھی کریں تو کیا اس تقسیم کے انکار سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ حضرات اپنی ذوات و صفات کو عطائی نہیں مانتے

جب عطائی نہیں مانتے تو ضرور آپ حضرات کی ذوات وصفات
ذاتی ہوں گی۔ کیا یہ اس بدیہی تقسیم سے انکار خدا اور بندے میں
امتیاز کو کھونا بلکہ معاذ اللہ خدا کا شریک وسہیم بننا ہے کہ نہیں؟

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

٦۔ اور جب ذاتی اور عطائی کا فرق کھو کر خدا بندہ کا امتیاز
رکھا تو توحید و رسالت کی وہ حدود کب قائم رکھیں تو د.
جو لکھا تھا کہ قرآن کریم نے توحید و رسالت کے حدود اتنے
متحکم کر دیئے ہیں۔ (الاخ)
اس اپنے لکھے ہی پر تمہارا ایمان کب ہے۔ کیا یہ اپنے لکھے
کو آپ جھٹلانا نہیں؟

٧۔ اور جب ذاتی وعطائی کے فرق کو کھونا خدا و بندے کی
تمیز کم کرنا ہے تو یہ تمیز کھو کر دیو بندی فرقہ ان آیات کا جو جناب
نے ذکر کیا مطلب خبط کرتا ہے کہ نہیں اور جماعت اہل سنت
ذاتی اور عطائی کا امتیاز قائم کر کے وہ حدود قائم رکھتی ہے۔ جن
کا جناب نے شروع مضمون میں ذکر کیا۔ تو یہ کہنا کہ یہ جماعت ان
آیات کا سارا زور ختم کر دیتی ہے اپنا الزام دوسروں کے سر رکھنا
ہے کہ نہیں۔ بولو ہے اور ضرور ہے؟

٨۔ ذاتی اور عطائی کے انکار میں آپ لوگ اتنے سرگرم ہیں

کہ عطائی کو بھی شرک بتاتے ہیں چنانچہ مولوی اسماعیل دہلوی
"تقویۃ الایمان" میں لکھتے ہیں۔

"پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت
ان کو خود بخود ہے خواہ یوں سمجھے اللہ نے ان کو
ایسی قدرت بخشی ہر طرح کفر ثابت ہوتا ہے۔"

ملتقطاً اور جناب نے بھی اس پر شرک کا حکم یہ کہہ
کر جڑا ہے کہ ذاتی اور عطائی کی تقسیم کا سراغ مشرکین مکہ کے اس
لبیک میں ملتا ہے جو وہ پڑھتے تھے مگر یہ تو بتایئے کہ شرک یہ
ہے کہ جو شے خدا کے ساتھ خاص ہو اسے غیر خدا کے لیے ثابت کیا
۱۵۹ جائے اور عطائی وہ ہے جو غیر نے دی ہو۔ تو خدا سے اوپر کون ہے
جس نے اسے صفات بخشیں کہ عطائی کو شرک کہنا خدا کے
اوپر خدا ماننا ہے کہ نہیں اور یہ آپ کا شرک ہے کہ نہیں؟

ذاتی اور عطائی کی تقسیم کی وجہ سے ہم اہل سنت پر اتنا
غصہ آپ کو کیوں ہے۔ آپ کے مقتدا مولوی اشرف علی تھانوی
بھی اپنے فتوے میں اس جرم کے مرتکب ہیں چنانچہ وہ رقم طراز
ہیں۔

جو استعانت و استمداد بالمخلوق بہ اعتقاد علم و قدرت
مستقل مستمد منہ ہو شرک ہے اور یہ اعتقاد علم و
قدرت غیر مستقل ہو مگر وہ علم و قدرت کسی دلیل

صحیح سے ثابت نہ ہو معصیت ہے اور یہ اعتقاد
علم و قدرت غیر مستقل ہو اور وہ علم و قدرت
کسی دلیل سے ثابت ہو جائز ہے خواہ وہ مستمد منہ
حی ہو یا میت ہو۔

فتاویٰ امدادیہ جلد چہارم ص ۹۷

سی فتوے میں چند سطروں کے بعد لکھا ہے۔ "کہ استمداد
ارواح مشائخ سے صاحب کشف الارواح کے لئے قسم ثالث ہے"۔
کھلے علم و اختیار عطائی کی کیسی کھلی تصریح ہے اور آپ خود
مضمون نگار صاحب اپنی کتاب "اہل اللہ کی عظمت علمائے دیوبند
کی نظر میں" جو خاص الجمعیۃ پریس دہلی میں چھپی ہے اور جمعیۃ
بک ڈپو دہلی سے شائع ہوئی ہے میں رقمطراز ہیں
مومن کی روح خاصکر اولیائے حق اور صلحائے
امت کی روحیں جسم سے جدائی کے بعد اس عالم مادی
میں تصرف کی قوت رکھتی ہیں اور ان ارواح کا
تصرف قانون الٰہی کے مطابق ہوتا ہے۔
اور جملہ وہابیہ کے امام و معتمد اسماعیل دہلوی کا یہ اعتراف
بھی ملاحظہ ہو۔
ایں مراتب عالیہ و ارباب ایں مناصب رفیع ماذون
مطلق در تصرف عالم مثال و شہادت می باشد۔ صراط مستقیم ۱۰۱

اس سلسلہ میں ایک واقعہ عبداللہ خاں نامی مسلم راجپوت کا
بھی سنتے چلیے جسے آپ ہی کے قاسم العلوم نانوتوی صاحب نے
ذکر کیا ہے اور جو ارواح ثلثہ میں موجود ہے وہ یہ ہے کہ انکی حالت
یہ تھی کہ اگر کسی کے گھر میں حمل ہوتا اور وہ تعویذ لینے آتا تو آپ
فرمایا کرتے تھے کہ تیرے گھر میں لڑکی ہوگی یا لڑکا اور جو آپ بتلا
دیتے تھے وہی ہوتا تھا۔
دوسری عبارت نیز مولوی رشید احمد گنگوہی کے متعلق عاشق
الٰہی میرٹھی کی یہ عبارت بھی ملاحظہ ہو۔ وہ لکھتے ہیں۔
"اس زمانے میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی
کو حق تعالےٰ نے وہ علم دیا ہے جب کوئی حاضر ہونے
والا السلام علیکم کہتا ہے تو آپ اس کے ارادے
سے واقف ہو جاتے ہیں نیز مولوی انوار الحسن ہاشمی
"مبشرات دار العلوم" کے مقدمہ میں تحریر کرتے ہیں۔
"بعض کامل الایمان بزرگوں کو جنکی عمر کا بیشتر حصہ
تزکیۂ نفس اور روحانی تربیت میں گذرتا ہے باطنی
اور روحانی حیثیت سے ان کو منجانب اللہ ایسا ملکہ
راسخہ حاصل ہو جاتا ہے کہ خواب یا بیداری میں
ان پر وہ امور خود بخود منکشف ہو جاتے ہیں جو دوسروں
سے پوشیدہ ہیں۔"
(مبشرات ص ۱۲)

۱۵۹

منصب امامت میں اولیاء
نیز مولوی اسمٰعیل دہلوی صاحب
لکھتے ہیں۔
اللہ کے عالم کے تصرفات کی تشریح کرتے ہوئے
یہاں ان کی عبارت کا اردو ترجمہ پیش ہے جو بریلوی
فتنہ کے مصنفین نے کیا ہے۔

"جیسے بارش کا نازل ہونا اور درختوں کا نشوونما پانا اور
حالات کا پلٹا کھانا۔ بادشاہوں کا اقبال (اچھے دن)
یا ادبار (برے دن) آنا۔ دولت مند و فقراء مساکین
کے احوال کا بدل جانا اور وباؤں کا ہٹ جانا اور ان
جیسے دوسرے تصرفات۔ (بریلوی فتنہ صـ ۱۴۲)

نیز دیوبندی خانوادہ کے ایک بزرگ شاہ عبدالرحیم رائے پوری کے
متعلق تھانوی صاحب کا یہ عقیدہ ملاحظہ فرمایئے۔
مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری کا قلب بڑا ہی نورانی
تھا میں ان کے پاس بیٹھنے سے ڈرتا تھا کہ کہیں میرے عیوب منکشف
ہو جائیں اور مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اپنی کتاب تذکرۃ الرشید
میں ایک طالب علم کی زبانی مولوی رشید احمد گنگوہی کا بھی یہی حال
نقل کیا ہے۔ کہ حضرت کے سامنے جاتے مجھے بہت ڈر معلوم ہوتا ہے
کیونکہ قلب کے وساوس (وسوسے) اختیار میں نہیں اور حضرت ان
پر مطلع ہو جاتے ہیں۔
یہ چند عبارتیں بطور نمونہ یہاں درج ہوئیں۔ اب انھیں دیکھ

کر یہ بتاتے چلئے کہ وہابی دھرم کے مطابق غیر خدا کے لئے علم و اختیار
مان کر تم اور تمھارا پورا طائفہ اسی جرم شرک کا جس کی تہمت سنیوں
کے سر دھرتے ہو مرتکب ہوا کہ نہیں۔ کہو ہوا اور ضرور ہوا تو پھر اعلیٰحضرت
علیہ الرحمہ و صدر الافاضل علیہ الرحمہ پر ہی اس قدر غصہ کیوں ہے۔
تھانوی جی اور دیگر بزرگان دیوبند بالخصوص امام الوہابیہ اسمٰعیل
دہلوی کو بھی وہی سنایئے جو صاحب کنز الایمان و تفسیر نعیمی کے متعلق
کہہ رہے ہیں۔ اور شرک کا وہ الزام پورے طائفہ وہابیہ کو دیجئے
جو اہل سنت کو دے رہے ہیں یا آپ حضرات وہابیہ کو خدائی سند ملی
ہے کہ شرک کریں پھر بھی مسلمان رہیں۔

١٥١ ۸۔ اور جناب نے جو یہ لکھا ہے کہ الاعراف میں قرآن کریم نے علم و
اختیار کے مسئلہ پر بھرپور روشنی ڈالی اور وہاں خانصاحب بریلوی
اور ان کے شاگرد رشید محشی دونوں چکر میں آگئے تو ہمیں بتایئے وہ چکر
کیا ہے اور آپ سب بھی اسی چکر میں پھنسے ہیں کہ نہیں۔ پھر اس چکر
سے نکل کر تو دکھایئے۔

۹۔ آگے ترجمہ و تفسیر کو نقل کر کے آپ رقم طراز ہیں مطلب یہ ہوا
کہ علم و اختیار ذاتی کی نفی کی گئی ہے عطائی کی نفی نہیں کی گئی بے شک
یہی مطلب ہے اور اسی سے وہ حدود قائم رہتے ہیں جن کا ذکر جناب
نے شروع مضمون میں کیا ہے اور یہ بھی جناب کے معتمد و مستند
حکیم الامت و امام الوہابیہ اور خود جناب کی اور آپ کے دیگر اصحاب

کی عبارتوں سے ظاہر ہے اور اس پر معترض ہونا اپنے آئمہ واصحاب بلکہ خود کو جھٹلانا اور خدا و بندہ کی تمیز کھو کر بے ایمان ہونا ہے

١٠۔ اور یہ جو لکھا کہ لیکن جب عطائی خواہ کلی ہو اور عطائی قدرت سے رسول پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو کوئی فائدہ نہیں پہونچا تو ایسے علم واختیار کی حیثیت کیا ہوئی۔ نیز چند سطور کے بعد لکھا کہ "لیکن جب یہ علم و اختیار آپ کو تکلیفوں سے محفوظ نہ رکھ سکا تو پھر اس کا حاصل کیا۔ جی یہ کون کہتا ہے کہ خدا کے سوا کسی کو نفع وضرر کی قدرت مستقل حاصل ہے۔ اور عطائے الٰہی سے انسان تو انسان نباتات وجمادات میں بھی نفع وضرر کا وصف موجود ہے۔ روزمرہ کا محاورہ ہے کہ کہتے ہیں کہ فلاں دوا یا غذا نے نفع دیا فلاں نے نقصان پہونچایا تو جسے خدا نے علم واختیار بخشا ہو کیا معتبر ہے کہ اس علم واختیار پر نفع وضرر کے ثمرات مرتب فرمائے اور صاحب علم واختیار سے وہی نفع وضرر ظاہر ہیں۔ جو اللہ چاہے۔ مگر آپ نے شاید یہ سمجھا ہے کہ اللہ نہ چاہے ثمرات اور نفع وضرر بندے سے ظاہر ہو تبھی اس کے علم واختیار کی حیثیت ظاہر ہوگی۔ والعیاذ باللہ۔

١١۔ اور اگر ایسے علم واختیار کی کوئی حیثیت نہیں تو یہی سوال جناب اپنے امام وحکیم الامت اور دیگر اصحاب سے بلکہ خود اپنے آپ سے کیجئے کہ ایسا علم واختیار آپ حضرات اپنے بزرگوں کے لئے کیوں ثابت کرتے ہیں؟

١٢۔ آگے یہ جو لکھا ہے کہ یہ قرآن کریم کا استدلالی معجزہ ہے کہ حاشیہ

نویس صاحب قبلہ اس میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ جی ہاں۔ کیوں اور کیسے؟ اور کہیں آپ بھی اس جال میں پھنسے ہیں کہ نہیں۔ بے شک پھنسے ہیں چنانچہ ظاہر ہے اور ہوگا۔

١٣۔ اور یہ جو لکھا ہے کہ قرآن کریم میں خانصاحب نے جگہ جگہ ذاتی اور عطائی کے جو الفاظ بڑھائے ہیں وہ سب بے معنی نظر آنے لگے۔ جی ہاں! اسی لئے نہ کی جناب کے نزدیک اللہ تعالٰے کا علم وتصرف ذاتی نہیں بلکہ معاذ اللہ عطائی ہے۔ والعیاذ باللہ تعالٰے۔ اور یہ اس لئے کہ ذاتی اور عطائی کے درمیان کوئی دوسری چیز واسطہ نہیں تو جب ذاتی وجود کے الفاظ آپ کو نامسلم تو ضرور اوصاف خداوندی جناب کے نزدیک عطائی ہوں گے اور اس کے برعکس آپ کے حضرات کے اوصاف ذاتی ہوں گے اور جب آپ کے اوصاف ذاتی" اور خدا کے عطائی ٹھہریں گے تو معاذ اللہ آپ خدا اور خداوند قدوس معاذ اللہ بندہ ٹھہرے گا۔ اب کہیئے کہ وہ شرک کا جال جو سنیوں کے لئے پھیلایا آپ لوگ کیسے خود اس میں پھنس کر رہ گئے؟ ١٥

١٤۔ اور جناب نے یہ جو لکھا کہ حقیقت ہے کہ خداوند عالم نے اپنی صفات علم۔ قدرت۔ اختیار۔ رحم وکرم۔ رزاقی وکارسازی میں کسی مخلوق کو شریک نہیں کیا۔ جی یہی صفات کیا اللہ تعالٰے کا کسی صفت میں کوئی شریک نہیں۔ ایک صفت وجود ہی کو لے لیجئے۔ اس میں کون اللہ تعالٰے کا شریک ہے کہ وہ واجب الوجود ازلی ابدی اور ہم حادث

فانی مگر اس کا مطلب کیا یہ ہے کہ اللہ تعالے نے کسی کو کوئی صفت عطا ہی نہ کی تو ہم پہلے بھی کہہ چکے اور اب بھی کہتے ہیں کہ آپ حضرات اپنے وجود ہی کا انکار کر ڈالئے۔

۱۵۔ اور اگر یہی ٹھہرائی ہے کہ اللہ تعالے نے کسی کو کوئی صفت نہیں بخشی تو ان آیات کا جن میں اللہ تعالے نے انسان اور سید الانس و جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے علم وسمع وبصر ثابت کیا۔ جن میں سے کچھ ذکر ہوئیں ان کا جناب کے نزدیک کیا جواب ہے؟ اگر ان آیات پر ایمان ہے تو ان کا محل بتایئے اور اگر ایمان نہیں اور عطائی کے انکار کا بے شک یہی انجام ہے تو ہم اہل سنت کو شرک بنانے کے بجائے اپنے ایمان کی فکر کیجئے۔

۱۶۔ اور یہ بھی بتاتے چلئے کہ آپ نے کیونکر اولیا روصلی بلکہ ہر مومن کے لئے بعد وفات۔ عالم میں تصرف کی قوت مان لی اور آپ کے مقتدایان دہلوی و تھانوی نے کیونکر بندوں کے لئے علم و قدرت اور تصرفات کو اپنی مان لئے حالانکہ یہ آپ کے دھرم میں شرک ہے جیسا کہ آپ کی یہ عبارت ذخیرہ صاف بول رہی ہے اور امام الطائفہ پہلے کہہ چکا کہ" پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی۔ الاخ" اب بولئے کہ ان دوہری بولیوں میں کون سی بولی ایمانی ہے اور کون سی کفری اور آپ حضرات کا ایمان کس پہ ہے۔

۱۷۔ اور اگر علم و اختیار عطائی پر ایمان لائیں تو اس کے سوا کیا ہے

کہ اللہ تعالے کا علم و تصرف ذاتی ہے اور مخلوق کا عطائی اسی لئے سیدنا اعلحضرت علیہ الرحمہ نے آیت مذکورہ کا ترجمہ فرمایا۔ " کہ تم فرماؤ کہ میں اپنی جان کے بھلے برے کا خود مختار نہیں مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب جان لیا کرتا تو یوں ہوتا کہ میں نے بہت سی بھلائی جمع کر لی اور مجھے کوئی برائی نہ پہونچی۔ میں تو یہی ڈر اور خوشی سنانے والا ہوں انہیں جو ایمان رکھتے ہیں"۔

اور ترجمہ کے لفظ مگر جو اللہ چاہے پر غور کیجئے تو خود اسی آیت میں بندے سے ذاتی کی نفی اور اس کے لئے عطائی کا اثبات موجود ہے اور لا املک الا آخرہ کا ترجمہ میں اپنے بھلے برے کا خود مختار نہیں بعینہ اس لفظی ترجمہ ہے۔ جو بامحاورہ بھی ہے کہ آیت کریمہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صرف نفع وضرر پر قابو یا نیکی اسناد حقیقی ہونے کی نفی ہے۔ اور اسناد مجازی کی نفی نہیں بلکہ وہ الا ما شاء اللہ مگر جو اللہ چاہے سے ثابت ہے تو مطلب یہی ہوا کہ میں خود نفع وضرر پر قابو نہیں رکھتا بلکہ مشیت الٰہی و عطائے الٰہی سے قابو رکھتا ہوں تو سیدنا اعلحضرت علیہ الرحمہ کا خود مختار فرمانا اپنی جانب سے کوئی بڑھانا ہے یا آیت کریمہ کی توضیح اور دوسری آیات جن میں صاف صاف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے علم و تصرف ثابت کیا گیا ہے ان سے وہم معارضہ کو دور کرتا ہے

۵

ہاں بیشک عکسی تصویر کھینچنا یا کھچوانا جائز ہے

ماہنامہ "المیزان" کے استفتاء کا محقق جواب

(قسط ۳)

(حضرت علامہ اختر رضا خاں صاحب ازہری شیخ الحدیث دار العلوم منظر اسلام بریلی)

اور اس صورت میں یہ پہلی روایت دوسری روایت سے متاخرہ ہوگی تو اب اگر یہ مان بھی لیں کہ اس حدیث سے جس میں کپڑا پھاڑنے کا ذکر ہے جواز و رخصت تصویر ذی روح کی مفہوم ہوتی ہے تو یہ رخصت حضرت عائشہ کی اس روایت متاخرہ سے منسوخ ہو جائے گی جس میں وارد ہوا کہ اس گھر میں فرشتے نہیں آتے جس میں کتا یا تصویر ہو اور اس طور پر بھی جمہور علماء کا دعوی ہے کہ تحریم متاخر و ناسخ ہے اور رخصت منسوخ ہے ثابت ہے اور استفتاء کا دعوی کہ احادیث رخصت عموم حرمت کی مخصص یا ناسخ ہیں بے دلیل ہے وللہ الحمد اور یہ جو استفتاء کو شبہہ گذرا کہ یہ روایت کہ تصاویر کی رخصت کا واقعہ آغاز اسلام میں تھا حرمت کی احادیث رخصت کی ناسخ ہے یہ محدث داؤدی کی رائے ہے لیکن علامہ محدثین ابن حجر اور ابن التین نے اس کی تردید کی ہے [illegible] واقعہ سے یا بایں معنے کہ ابن حجر اور ابن التین نے صحت نسخ سے مطلقاً انکار نہیں کیا ہے بلکہ بات یہ ہے کہ صحیح بخاری میں دو حدیثیں حضرت عائشہ سے مروی ہیں جو بظاہر متعارض ہیں۔ ایک

حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہ کے حجرے میں مصور پردہ تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا تو آپ نے اس کو پھاڑ کر تکیہ یا دو تکیے کر لیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تکیوں کو استعمال فرمایا اور دوسری حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے تشریف لائے اور حضرت عائشہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھنے اور ٹیک لگانے کے لئے ایک تکیہ خریدا تھا تو جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو دروازے پر کھڑے رہے اندر داخل نہ ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور نے اس تکیہ کو استعمال نہ فرمایا اس تعارض کو دفع کرنے کے لیے حافظ ابن حجر نے چند وجوہ تطبیق ذکر فرمائیں منجملہ ایک یہ ہے جس کی طرف مصنف یعنی بخاری نے اشارہ فرمایا کہ پامال تصویر کے جواز سے لازم نہیں کہ تصویر پر بیٹھنا بھی جائز ہو تو ممکن ہے کہ وہ تکیہ استعمال فرمایا ہو جس میں صورت نہ تھی اور یہ کہ بیٹھنے اور ٹیک لگانے میں حکم کا تفاوت ہے اسے فرمایا کہ یہ بعید ہے اور تیسری وجہ یہ بیان فرمائی کہ

★ تماشا — آئینہ میں فرنٹ ویو (سامنے کا منظر) یکبارگی پورا ابھرتا
ہے اور ٹی وی کے شیشہ پر ایسا نہیں ہوتا بلکہ جب کسی شئے کو قریب کرکے
دکھاتے ہیں تو وہی شئے نظر آتی ہے دوسری نظر نہیں آتی اور جب
پورا منظر دکھاتے ہیں تو وہ دور سے نظر آتا ہے اور اسی لئے کیمرے کو
سمجھ کر پڑتا ہے اور قریب میں قریب لاتے ہیں اور قریب میں تصویر
قریب آتی اور دور میں دور ہو جاتی نظر آتی ہے اور قریب سے دور کرنے
کیلئے تین شاٹ درکار ہوتے ہیں (۱) لانگ شاٹ
(دور کا منظر لینا) (۲) میڈیم شاٹ (درمیانی منظر لینا)
(۳) کلوز شاٹ (قریب کا منظر لینا) اور سمجھنے والے
معلوم ہوا کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی شئے کی بیک وقت
دو تصویریں نظر آتی ہیں ایک شیشہ پر نظر آتی رہتی ہے دوسری بھی
نظر آتی ہے۔ ان تمام امور سے ظاہر ہے کہ ٹی وی کا شیشہ آئینہ نہیں ہے
اور اس پر جو نظر آتا ہے وہ عکس آئینہ نہیں بلکہ حقیقی تصویر ہے جو
مخصوص سطح پر کیمرے سے بنتی ہے اور ٹی وی کے شیشہ پر نمایاں کرکے
دکھائی جاتی ہے۔ تماشا اور جب ٹی وی کے شیشہ پر تصویر کو الٹا
دکھانا ممکن ہے کہ اسے قریب کرکے دکھائیں ہٹالیں اور دور کرکے
دکھائیں تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ ان تصویروں کی شیشہ پر نمائش
انسان کے بس میں ہے جب تک وہ چاہتا ہے تصویر شیشہ میں نظر آتی
ہے اور قائم رہتی ہے جب چاہتا ہے تو ان کو ہٹا دیتا ہے [illegible]
[illegible]

باب ششم

نوادرات تاج الشریعہ

☆ ـــــــــ سلمان رشدی کی بکواس وہفوات

☆ ـــــــــ امت مسلمہ کی بروقت رہنمائی

☆ ـــــــــ مسند افتاء بریلی کا آغاز اور پہلا فتوی۔

☆ ـــــــــ دعوت اسلامی و جماعت اہل حدیث پر حکم

اسلام اور بانی اسلام حضور اقدس نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف ایک زمانہ سے فرعونی طاغوتی طاقتیں سازشیں رچتی رہی ہیں۔ مگر حق نے ہمیشہ باطل طاقتوں پر فتح وکامرانی حاصل کی ہے۔ نام نہاد مسلمان اس طرح کے عزائم کی تکمیل کے لئے آلۂ کار بنتے رہے ہیں، انہیں میں ایک نام سلمان رشدی کا بھی ہے، سلمان رشدی کشمیری برہمن کی اولاد ہے۔ اس کی ماں زہرہ بٹ چنددنوں علی گڑھ رہ کر عیسائی سے معشوق کرتے ہوئے انگلینڈ میں جا بسی، وہیں عیسائی اسکولوں میں تعلیم و تربیت پائی، جس کے نتیجہ میں اس کا ذہن و دماغ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف زہر اگلنے کے علاوہ کچھ نہ کر سکا۔ ۱۹۸۸ء میں اس نے ''شیطانی آیات'' کے نام سے کتاب لکھی، جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما، اہل بیت اطہار، بالخصوص حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شان ارفع واعلی میں گستاخیاں کیں۔ کتاب کے منظر عام پر آتے ہی عالم اسلام خاص طور سے ہندوستان میں کہرام مچ گیا۔ ہمدرد ملت مولانا الحاج محمد سعید نوری سکریٹری وبانی رضا اکیڈمی نے حضرت تاج الشریعہ سے اس کا حکم شرعی دریافت کیا، حضرت ان دنوں بمبئی کے تبلیغی سفر پر تھے۔ اس کی شرعی وقانونی حیثیت متعین کر کے ذرائع ابلاغ میں حضرت کے تحریر کردہ فتوی کو جاری کر دیا گیا۔ اردو اخبارات نے خوب تشہیر کی اور پہلے صفحہ پر جگہ دی، حضرت تاج الشریعہ نے سلمان رشدی کو اسلام سے خارج، کافر ومرتد قرار دیا۔ حضرت کے فتوی کی اشاعت کے بعد تائید کرتے ہوئے ایرانی قائد آیت اللہ خمینی نے سلمان رشدی کو قتل کرنے والے شخص کو انعام دینے کا اعلان کیا۔ علماء اہل سنت کے ایک وفد نے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی سے ملاقات کر کے ہندوستان میں کتاب پر پابندی لگانے کا مطالباتی میمورنڈم دیا، جس کو مسٹر راجیو گاندھی نے عملی جامہ پہنایا، بعدہ مسٹر اٹل بہاری واجپئی کی وزارت عظمی نے اس عائد پابندی کو ختم کر دیا تھا۔

حضرت تاج الشریعہ کو فتوی نویسی خاندانی ورثہ میں ملی ہے، آپ کے جد امجد مجاہد جنگ آزادی مفتی رضا علی خاں بریلوی نے ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۱ء میں بریلی کی سرزمین پر ''مسند افتاء'' کی بنیاد ڈالی، وہ سلسلہ آپ تک پہنچا، آج بھی بحسن وخوبی، فتویٰ نویسی کی خدمت جلیلہ کو انجام دیتے ہوئے مسند افتاء کو رونق بخشتے ہوئے ہیں۔ حضرت نے سب سے پہلا فتوی ۱۳۸۶ھ ۱۹۶۶ء میں لکھا تھا، ابتداً حضرت کے فتاوی ''ماہنامہ اعلی حضرت'' و ''ماہنامہ نوری کرن'' میں شائع ہوئے تھے، حضرت مفتی اعظم قدس سرہ اور بحر العلوم مفتی سید افضل حسین مونگیری کی صحبت کیمیا اثر نے کہنہ مشق مفتی ومدرس بنا دیا۔ ماہنامہ اعلیٰ حضرت میں شائع شدہ ۱۹۷۹ء اور ۱۹۸۲ء کے فتوی کا عکس پیش کیا گیا ہے، بوندی (راجستھان) کا مشہور شہر ہے، جہاں مولانا عبد الغفور چمن قادری نے علمی ودینی خدمات انجام دی ہیں۔ چند شر پسند عناصر ان کے خلاف ہو گئے، ہائی کورٹ اور حکومت ہند کے وزراء تک مسئلہ پہنچا۔ قائدین اہل سنت اور ایک مرکزی وزیر حکومت ہند نے بھی حضرت کی طرف رجوع کرنے کے لئے کہا پھر قضیہ پیش کیا گیا، حضرت نے تمام اپیلیں وشکایات کو سنکر مولانا چمن قادری کے حق میں فیصلہ نامہ جاری کر دیا، جس سے اہل سنت والجماعت کو قوت وطاقت ملی اور حاسدین خائب وخاسر ہو گئے۔

۱۴۰۷ھ رکو ملک کے دانشوران کے درمیان علمی بحث کا موضوع سخن تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے؟ حضرت نے ایک تفصیلی مضمون لکھ کر بتا دیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام ''تارخ'' ہے نہ کہ ''آزر''۔ مولانا محمد الیاس قادری کی سربراہی میں چلنے والی ''دعوت اسلامی'' کے بارے میں حاجی محمد غوث خاں حامدی پرتاپوری کے سوال کا جواب بھی شامل ہے۔ ۱۹۹۳ء میں جماعت اہل حدیث (غیر مقلدین) نے ''مجلس واحد میں دی گئی تین طلاق ایک مانی جائینگی'' کا خوب شور وشرابہ مچایا۔ حضرت نے مسلمانوں کے درمیان مسئلہ شرعیہ کی نوعیت واضح کرنے کے لئے فوراً ایک اخباری بیان جاری کر کے شرعی حکم بیان کر دیا کہ ''مجلس واحد میں دی گئی تین طلاقیں تین ہی مانی جائیں گی، اس پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔'' اردو وہندی اخبارات نے پہلے صفحہ پر شائع کیا۔

ہندوستان آرزو بریم
HINDU
BOMB[AY]
[ہندوستان] بمبئی

۱۹۸۸ء مطابق یکم ربیع الآخر ۱۴۰۹ھ
مقامی: 88-11-17

سلمان رشدی اپنی کتاب "آیات شیطانی" کے سبب خارج از اسلام

(جانشین حضور مفتی اعظم علامہ اختر رضا خان بریلی شریف)

بمبئی ۱۱ نومبر رضا اکیڈمی بمبئی نے دنیائے سنیت کی عظیم مرکزی شخصیت جانشین حضور مفتی اعظم حضرت علامہ اختر رضا خان صاحب قبلہ ازہری (بریلی شریف) صدر آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء سے سلمان رشدی کی کتاب "آیات شیطانی" پر استفتاء کیا ہے۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ لندن کے ایک سلمان رشدی نامی شخص نے اپنی کتاب "شیطانی ورسس" میں حضور سید عالم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان والا میں توہین آمیز کلمات اور حضرات امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن و سیدالملائکہ سیدنا جبرئیل امین علیہ السلام کی شان میں اہانت آمیز جملے استعمال کئے اور بازاری تشبیہیں دی۔ قرآنی آیات کو شیطانی آیات کہا۔ لہٰذا اس کتاب اور اس کے مصنف و ناشر اور حمایت کرنے والوں کے بارے میں اسلامی احکام سے مطلع فرمائیں۔

(محمد سعید نوری۔ سکریٹری۔ رضا اکیڈمی بمبئی ۳)

الجواب:۔ کتاب کے مصنف کا حکم خود نام کتاب سے ظاہر ہے۔ قرآنی آیات کو شیطانی کہنے والا مسلمان نہیں ہو سکتا۔ اور سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والا اجماعاً کافر ہے۔ اور امہات المومنین کی شان میں گستاخی بھی سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کو مستلزم ہے۔ لہٰذا یہ بھی بحکم علماء کفر ہے۔ اور جبرئیل امین کی شان میں گستاخی کرنا بھی قطعاً کفر ہے۔ کتاب مذکور کا مصنف ان وجوہ سے بلاشبہہ کافر ہے۔ اور اس کتاب کے مضمون کو مقرر رکھنے والا بھی اسی طرح مسلمان نہیں۔ وہ ناشر ہو یا کوئی اور۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فقیر اختر رضا خان قادری ازہری)

سری لنکا میں ہندستانی [باشندوں کو] شہریت کے حقوق حاصل ہو گئے

کولمبو ۱۱ نومبر سری لنکا کی پارلیمنٹ نے ایک قانون منظور کر کے ان تمام بے وطن ہندستانی نژاد باشندوں کو لنکا کی شہریت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ جن کی شہریت کا مسئلہ ایک عرصہ سے کھٹائی میں پڑا ہوا تھا۔ اس قانون کا فائدہ تقریباً دو لاکھ ساٹھ ہزار ہندستانی نژاد باشندوں کو ملے گا۔ اور انہیں وہ تمام حقوق حاصل ہو جائیں گے، جو سری لنکا کے دوسرے شہریوں کو حاصل ہیں۔

عرفات کے دورہ امریکہ میں رخنہ اندازی کی کوشش

اقوام متحدہ ۔ ۱۱ نومبر ۔ امریکہ اس بات کی کوشش کرے گا کہ فلسطینی تنظیم آزادی کے سربراہ یاسر عرفات کے دورہ امریکہ میں رخنہ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کو خطاب نہ کر سکیں۔ اس بات کا اشارہ ... وزیر خارجہ جارج شلز نے ایک خط میں کیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ ... اس بات کی ہر ممکن کوشش ... کہ عرفات امریکہ کا دورہ نہ کر سکیں ... اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل ...

چرچ کے فیصلہ کی کوئی اہمیت نہیں

راجیو گاندھی ... کا افتتاح کریں گے

ریڈیو پر روحانی پیشوا کے جانشین کا غلط نام نشر کرنے پر ...

نائیجیریائی حکومت اور مسلمانوں میں تصادم ...

محبت کا حسرت ناک انجام

باب الاستفتاء

مولانا
اختر رضا خاں ازہری

۲۸۶
۹۴

مکرمی معظمی - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

استفسار :- کیا فرماتے علمائے دین شرعِ متین کہ خادم عالی جناب سیدنا ، مولانا و مرشدنا الحاج شاہ سید مصباح الحسن صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کا مرید ہے - خادم کے پیر و مرشد کی شان میں مندرجہ ذیل ان کا نعتیہ شعر سن کر ایک شخص نے گستاخی میں یہ کلمات ادا کئے " یہ کھلم کھلا شرک ہے " اگر بغیر توبہ کئے وصال ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ بہتر جانے کہ بخشش ہو کہ نہ ہو " اور خادم سے تجدید بیعت حاصل کرنے کے لئے کہا - اور مزید دوسرے موقعہ پر یہ بھی کہا کہ اس شعر کی بناء پر وہ انہیں سید زادہ نہیں مانتا حالانکہ یہ شخص " رسالہ ملفوظ مصابیح القلوب " کچھوچھہ شریف کا مہینوں پہلے ہی مطالعہ بھی کر چکا تھا جس میں میرے پیر اور دادا پیر مرشد حضرت سیدنا شاہ عبدالصمد مودودی - چشتی - نظامی - فخری سلیمانی - حافظی - ابدال قدس سرہٗ رحمۃ اللہ علیہ کے کل حالات معہ مادری پدری - اور طریقت کے شجرے مندرج ہیں شعر نمبر ①

جان و ایمان واصل ایمانم   سجدہ سوئے تو یا رسول اللہ - صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

خادم نے حضرت مولانا جامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مندرجہ ذیل شعر جو ماہنامہ نوری کرن بریلی شریف بابت ماہ نومبر ۱۹۶۹ء معہ ترجمہ ثانی جناب اقبال احمد نوری مدظلہ نے شائع ہوا اور اب " نمبر " استقامت میں ڈائجسٹ سے شائع ہوا ہے

پیش کیا ہے شعر نمبر ②

زہے جمال تو قبلۂ جان حریم کوئے تو کعبۂ دل
فان سجدنا الیک سجدہ وان سعینا الیک نسعی

(ترجمہ) یا حبیب اللہ آپ کا جمال انور قبلۂ جان ہے - آپ کا کوچہ حریم کعبۂ دل ہے - ہم اگر آقا سجدہ کرینگے تو آپکی طرف اور اگر سعی کریں گے تو آپ کی طرف

اعلیٰ حضرت بریلی

جون ۱۹۷۹ء

اُس شخص نے شعر نمبر (۲) کا ترجمہ کو بھی غلط بتلایا اور کیا لفظ کریگا کا استعمال دونوں جگہ اوپر والے ترجمہ میں غلط ہے بلکہ "کرتے" ترجمہ ہونا چاہیے۔

یہ صاحب پیش امام بھی ہیں۔ مرید بھی ہیں اور اپنے کو سنی حنفی بھی کہتے ہیں کیا خادم مندرجہ بالا حالات میں اس شخص کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے؟

اور کیا شعروں میں شرعی نقص ہے؟

کیا مندرجہ بالا کلمات اولیاء اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی ہیں یا نہیں؟

شعر نمبر (۲) کا ترجمہ جو "نوری کرن" اور استقامت نے شائع کیا زیادہ صحیح و درست ہے یا جو اعتراض اس شخص نے کیا ہے وہ ٹھیک ہے؟

خادم کو تجدید بیعت کرنی چاہیے یا یہ شخص تجدید ایمان۔ بیعت و نکاح کرے؟ جب کہ شان اولیاء اللہ تعالیٰ قرآن عظیم اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے:-

(۱) پارہ نمبر ۱۱ - یعتذرون۔ رکوع نمبر ۱۱ - سورۂ یونس

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ .... (الآیت)

(۲) مشکوٰۃ شریف ص ۱۹۷ اور صحیح البخاری شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آقائے دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کہ:-

جس نے میرے ولی سے عداوت کی اُس شخص کو میری طرف سے اعلان جنگ"۔ وغیرہ وغیرہ

استدعا ہے کہ جواب سے مطلع فرمادیں اور جملہ مسائل کو لے کے رسالہ اعلیٰ حضرت میں شائع فرماکر مشکور فرمائیں۔ عین نوازش ہوگی

والسلام وعلیکم

خادم

محمد ضمیر مصباحی

(Mohammad, Zamir Misbahi)

A. S. I. (Police), 4215,

15th Battalion, P. A. C Tajganj, Agra U.P

(8-10-78)

اعلیٰ حضرت بریلی   ۱۱۵   ۴۸۶/۹۲   ۲۶ ✓   جون ۱۹۷۹ء۔

مکرمی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین کہ زید ایک مسجد کا از خود متولی۔ امام۔ ہے۔ وہ اور اس کے کنبہ والے اپنے فعل سے مسجد کو اپنی میراث ہی سمجھتے ہیں۔ اور دوسروں کی غیبت کرتے ہیں۔ اس مسجد میں اکثر و بیشتر بعد نماز فجر ہونے والے دینی کام کو جس میں کلمہ۔ نماز۔ وضو۔ غسل۔ حج۔ زکوٰۃ۔ اخلاقیات وغیرہ وغیرہ کے جملہ مسائل و فضائل شامل ہیں کو یہ کہکر روک دیا ہے کہ یہ وعظ و تقریر ہے جو ہفتہ میں صرف دو دن ہونی چاہئے۔ امام کے کنبہ کے کچھ لوگ اور ایک لڑکا مسجد میں ہنسی۔ ٹھٹھا۔ شور اور دھکے بازی بھی کرتے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں مسائل کے بیان کرنے پر بھی امام نے دو دن کی بندش لگائی۔ جب ان سے کہا گیا کہ حدیث شریف کے مطابق تعلیم روز ہوسکتی ہے تو بھی وہ اس پر راضی نہیں ہوا۔ بلکہ غیبت کی۔ یہی امام مسجد اور مدرسہ کے لئے دیوبندیوں اور جماعت تبلیغی والوں سے چندہ بھی لیتا ہے اور کہتا ہے کہ سنیوں سے چندہ دینے میں وہ باطل جماعت ہی بہتر ہے۔ یہ امام صاحب خود کو مریض بھی بتاتے ہیں اور رمضان المبارک کے روزے بالکل نہیں رکھتے۔ ان کے گھر میں ریڈیو پر فلمی گانے سنے جاتے ہیں۔ جس کی آواز مسجد تک آتی ہے۔ اور اُن دعوت طعام میں بھی شریک ہوتے ہیں جن میں لاؤڈ اسپیکر پر فلمی گانے بھی بجتے ہیں

استدعا ہے کہ اس بارے میں مفصل جملہ مسائل کو اپنے رسالہ اعلیٰ میں شائع فرمائیں اور جواب سے سائل کو مستفید فرماویں۔ عین نوازش ہوگی۔

خادم

محمد ضمیر مصباحی

Mohammad Zamir, A.S.I. (Police) 42/5

XV BN P.A.C, Tajganj, Agra.

۴۸۶/۹۲ ہم

(بر تقدیر صدق سوال و صورت واقعہ)

الجواب: ایسا متولی مذکور جسکے یہ تمام افعال شنیعہ درج سوال ہوئے سخت فاسق ہے اور فاسق کو متولی رہنا جائز نہیں

درمختار میں ہے وینزع وجوبا بزازیۃ لو الواقف فغیرہ بالاولی در رغیر مامون او عاجزا او ظہر بہ فسق الخ اور اسکی امامت بھی مکروہ ہے اور اقتدا بھی گناہ اور نماز واجب الاعادہ ہے غنیہ میں ہے لو قدموا فاسقا یاثمون درمختار میں ہے کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا واللہ تعالیٰ اعلم

(مہر)

صح الجواب والمولیٰ تعالیٰ اعلم

قاضی محمد عبدالرحیم بستوی غفرلہ القوی

دارالافتاء منظر اسلام [illegible] بریلی

اعلیٰ حضرت بریلی جون ۱۹۷۹ء

۴۸۶

الجواب ۔ شعر مذکور میں سجدہ حقیقی ہرگز مراد نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے خاص ہے ۔ غیر خدا کے لئے سجدہ بہ نیت عبادت کفر و شرک ہے اور بہ نیت تعظیم ہماری شرع میں حرام ہے ۔ اس کا مرتکب کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوگا مگر مشرک نہ ہوگا ۔ شخص مذکور نے اپنی جہالت سے یا تو سجدہ کو سجدہ عبادت سمجھ لیا اور مولانا علیہ الرحمہ پر حکم شرک جڑ دیا یا سجدہ تعظیمی ہی کو بہ تقلید وہابیہ شرک جانا اور سجدہ سے مجرد تعظیم مراد ہونا اسکے خیال میں نہ آیا حالانکہ عرف میں سجدہ سے کبھی مجرد تعظیم بھی مراد ہوتی ہے ۔ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی تفسیر عزیزی میں ایک گروہ اولیاء کے متعلق فرماتے ہیں "مسجود خلائق گشتہ اند" اب کیا شاہ صاحب کو مشرک کہا جائیگا ۔ ؟ نہیں اور یہی وجہ ہر شخص موافق و مخالف بیان کریگا ۔ کہ یہاں مجازی معنی مراد ہیں ۔ اور جب یہاں شاہ صاحب کی عبادت میں مجازی معنی مراد ہوئے تو اس شعر میں حقیقت مراد [illegible] کا علم کیسے ہوگیا مگر یہ ہے کہ وہابیہ بڑی ہٹ دھرم قوم ہے جو بات دوسروں کے لئے شرک وہی بات اپنے [illegible] کے لئے عین ایمان ہو جاتی ہے ۔ پھر بالفرض اگر حقیقی معنی ہی مراد تو محض اتنی بات پر حکم شرک کیسے دیدیا ۔ منور سجدہ [illegible] دونوں قسموں کا احتمال ہے ۔ تعظیمی ۔ اور تعبدی ، پہلا حرام ہے دوسرا شرک ایسے پہلا نگ کر یہ دوسرا ہو [illegible] مگر یہ وہابیہ کو مشرک گری کی ہوس ہے ۔ کہاں ان منحوسوں کی بے تکی بول اور کہاں ہمارے علماء اہل سنت [illegible] احتیاط کہ فرماتے ہیں " لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامہ علی محمل حسن او کان فی کفرہ خلاف " یعنی [illegible] تو محمل حسن پر رکھنا جبتک ممکن ہو یا اسکے کفر میں خلاف ہو اسکے کفر کا فتویٰ نہ دیا جائے گا ۔ پھر شرک [illegible] حکم اور اسپر یہ کہنا کہ اگر بغیر توبہ کے وصال ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ بہتر جانے کہ بخشش ہو یا نہ ہو " طرفہ عجیب ۔ [illegible] مشرک جسکا خاتمہ شرک پر ہو وہ بھی اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت ہے چاہے بخشدے چاہے عذ[اب دے] ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ اللہ شرک کو معاف نہ فرمائیگا ۔ یہ [illegible] ت کریمہ اور عقیدہ ضروریہ دینیہ کا انکار ہے جو کفر ہے اور اس قول سے اسپر توبہ و تجدید ایمان [لازم] ہے اور بیوی رکھتا ہو تو تجدید نکاح بھی لازم ہے اور تجدید بیعت بھی اسی کو چاہیئے ۔ ترجمہ دونوں طرح درست ہے [illegible] دونوں ترجموں پر صحیح رہے عبارت کہ ہم اگر سجدہ کرینگے یا ہم اگر سجدہ کرلے شرطیہ ہے جو مستلزم وقوع نہیں [واللہ] تعالیٰ اعلم

الجواب صحیح و صواب والمجیب مصیب و مثاب والمولیٰ تعالیٰ اعلم
قاضی محمد عبدالرحیم بستوی غفرلہ القوی دارالافتاء منظر اسلام بریلی

(مہر)
قاضی عبدالرحیم بستوی غفرلہ

فقیر محمد اختر رضا خاں ازہری قادری غفرلہ
۲۰ ذیقعدہ ۹۸

(مہر)

بَابُ الاستفتا

مدینہ منورہ سے آئے ہوئے دس سوالوں کے جوابات

علامہ قاضی عبدالرحیم صاحب بستوی مولانا محمد اختر رضا خاں ازہری
دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین بیچ دراں مسائل کہ :۔

(۱) مقیم مدینۃ المنورہ بغیر احرام کے تجارت کی غرض سے یا نماز جمعہ یا صرف طواف کرنے کی نیت سے مکہ شریف جا سکتا ہے ؟

الجواب :۔ بغیر احرام کے اسے جانا جائز نہیں ہے درمختار میں ہے۔ وحرم تاخیر الاحرام عنھا لمن ای لا فاقی قصد دخول مکۃ یعنی الحرام ولو لحاجۃ غیر الحج ۔ ردالمحتار میں ہے۔ (قولہ غیر الحج) کمجرد رؤیۃ والنزھۃ او التجارۃ نہج واللہ تعالیٰ اعلم

ایضاً :۔ مندرجہ بالا مسئلہ میں مقیم جدہ کے لئے کیا حکم ہوگا ؟

الجواب :۔ وہی حکم ہے جو اوپر گزرا واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) بچوں کو جو پلاسٹک اور کپڑے کا بنا ہوا لنگوٹ (Pamper) بندھا ہوتا ہے کہ جس کی وجہ سے پیشاب وغیرہ باہر نہیں آئے اس صورت میں بچہ کا پاک یا ناپاک ہونا معلوم نہیں ہوتا۔ ایسی حالت میں بچہ کو گود میں لیکر طواف کیا تو کیا مسئلہ ہوگا ؟

الجواب :۔ جب تک نجس ہونا معلوم نہ ہو کوئی کراہت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ایضاً :۔ اگر طواف کے بعد کھول کر دیکھا گیا کہ لنگوٹ ناپاک ہو چکا ہے تو طواف کا کیا حکم ہوگا ؟

الجواب :۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے کہ نجس کپڑے میں طواف مکروہ ہے کفارہ نہیں ۔ حیث قال طواف الزیارۃ وفی ثوبہ نجاسۃ اکثر من قدر الدرھم اجزاہ لکن مع الکراھۃ ولا یلزمہ شیٔ کذا فی المحیط۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صورت مسئولہ میں صرف کراہت ہے کفارہ نہیں ہے صراحت سے کوئی جزیہ نظر سے نہیں گزرا۔ والمولیٰ تعالیٰ اعلم ۔

۷۸۶-۹۲

اخــتر رضــا خان
ازہری
قائم مقام مفتی اعظم ہند
۸۲- سوداگران بریلی شریف

Akhtar Raza Khan
AZHARI
Qaim Muqam
Mufti-e-Azam Hind
82,Saudagran Bareilly Shareef

صدر آل انڈیا سُنّی جمعیۃ العلماء صدر مفتی مرکزی دارالافتاء بریلی شریف

حکمنامہ

مرکزی سپریم شرعی عدالت و دارالافتاء رضا نگر سوداگران بریلی شریف

x — x — x — x — x

خطوط اور درخواستوں کے ذریعہ معلوم کیا جا رہا ہے کہ کیا شہر [illegible] راجستھان کے قاضی و امام عیدگاہ کے بارے میں اب بھی کوئی مرحلہ باقی رہ گیا ہے جیسے دہلی پہنچکر مسلم منسٹر صاحب کی نشست میں طے کر کے حکم دیا جائیگا۔

جواب

اس کے جواب میں واضح رہے کہ اس بابت تنازعہ پیدا ہونے پر کافی تحقیق کے بعد مولانا عبد الغفور صاحب چمن قادری کے حق میں قاضی اور امام عیدگاہ بنے رہنے کا حکم تحریری حکمنامہ کے ذریعہ گذشتہ سال ہی دیا جا چکا ہے جس میں کسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور وہ حکم بدستور مولانا چمن قادری کے حق میں قائم ہے۔ ان کو قاضی اور امام عیدگاہ بنے ہوئے اب اٹھائیس ۲۸ سال ہو گئے ہیں جو ان کی مقبولیت اور ہردلعزیزی کا ثبوت ہے اور ایسی صورت میں یہ امام نماذ دین میں گورنمنٹ یا گورنمنٹ کے طبقے یا وقف بورڈ وغیرہ کو قطعی یہ حق نہیں ہے کہ وہ ان کی قضا یا امامت میں دخل دیں۔ کسی بھی قسم کا دخل دینا مداخلت فی الدین مانا جائیگا جو قابل قبول نہ ہوگا۔

آستانہ اعلیٰحضرت بریلی شریف عالم اسلام کے تمام سنی مسلمانوں کا مرکز عقیدت ہے اور تمام ممالک اسلامیہ کے سنی علماء نیز سنی مسلمان اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ کے علم و فضل کی بناء پر بریلی شریف کو اپنا مرکز اعلیٰ اور سپریم شرعی عدالت مانتے ہیں۔ ایسی صورت میں جو بھی اس مسند پر بحیثیت جانشین مفتی اعظم کے متمکن ہوگا وہ مرکز کے وقار کو قائم رکھتے ہوئے فیصلہ دینے کیلئے اپنے کو کسی جگہ جانے کا پابند نہیں بنا سکتا۔

نیز مولانا چمن قادری (مولانا عبد الغفور صاحب چمن قادری) کے حق میں دعا کرتے ہوئے
نیز مسلمانان اہلسنت کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ سنیت کی فلاح و بہبود کیلئے مولانا چمن قادری کا تعاون کرتے رہیں

دعاگو:— ۱۹۸۸ء

محررہ عبد النعیم عزیزی

قادری [illegible]

٧٨٦
٩٢

الجواب: محققین علماء کرام کا مسلک یہ ہے کہ حضور پرنور شفیع المذنبین سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے تمام آباء کرام و امہات کرام سیدنا آدم علیہ السلام سے
حضرت عبداللہ و سیدہ آمنہ تک سب موحد تھے انہیں کوئی کافر نہ تھا اور آیہ کریمہ الذی یراک حین تقوم وتقلبک فی الساجدین یعنی جو تمہیں دیکھتا ہے جب تم قیام فرماتے ہو اور
مومنوں کے اصلاب میں تمہارے دورہ کو دیکھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کی تفسیر میں مروی کہ آپ نے فرمایا ای تقلبک من اصلاب طاہرۃ من اب بعد اب الی ان جعلک نبیا
فکان نور النبوۃ ظاہرا فی آبائہ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کے پاک پشتوں میں دورہ کو ایک باپ سے دوسرے باپ کی پشت میں منتقل ہوتا دیکھا ہے یہاں تک کہ حضور کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر پیدا کیا تو نبوت
کا نور آپ کے آباء کرام میں ظاہر تھا یہ تفسیر امام ابوالحسن ماوردی نے سیدنا عبداللہ بن عباس سے نقل فرمائی اور امام جلال الدین سیوطی نے مسالک الحنفا میں اس کو نقل فرما کر اسے مقرر رکھا
اور اسی طرح امام جلال الدین سیوطی نے چند رسالے تحریر فرمائے جن کا خلاصہ شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام تصنیف لطیف سیدنا اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کا افضل ہے اور آزر حضرت
ابراہیم علیہ السلام کے والد نہ تھے ان کے والد کا نام تارخ تھا اور آزر آپ کے چچا کا نام ہے جو کافر تھا یہی مسلک بکثرت انسابین (یعنی وہ لوگ جو شجرہ نسب تحریر کرتے ہیں) کا اور
عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور سلف کی ایک جماعت کا بھی یہی قول ہے چنانچہ مسالک الحنفا میں امام سیوطی فرماتے ہیں وہذا القول اعنی ان آزر لیس ابا ابراہیم ورد عن جماعۃ
من السلف أخرج ابن أبی حاتم بسند ضعیف عن ابن عباس فی قولہ (واذ قال ابراہیم لابیہ آزر) قال ان ابا ابراہیم لم یکن اسمہ آزر وانما کان اسمہ تارخ یعنی
کہ ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام آزر نہ تھا ایک جماعت سلف سے وارد ہوا ابن ابی حاتم نے بسند ضعیف ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت کریمہ (واذ قال ابراہیم لابیہ آزر) کی تفسیر میں
کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام آزر نہ تھا ان کے باپ کا نام تارخ تھا اسی میں مجاہد سے ہے لیس آزر ابا ابراہیم آزر ابراہیم علیہ السلام کا باپ نہ تھا ابن ابی حاتم
بسند صحیح بروایت ابن المنذر ہے کہ ابن جریج نے فرمایا لیس آزر بابیہ انما ہو ابراہیم بن تیرح او تارح بن شاروخ بن ناحور بن فالخ
بسند صحیح بطریق ابن ابی حاتم مروی ہوا کہ قیل لہ اسم ابی ابراہیم آزر فقال بل اسمہ تارح یعنی سدی سے کہا گیا ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام آزر تھا فرمایا بلکہ ان
کے والد کا نام تارح ہے اور یہی مسلک کی توجیہ باعتبار عرف ہے کہ خطاب کا اطلاق چچا پر شائع و ذائع ہے اور اس کی نظیر قرآن کریم میں موجود ہے قال
ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت اذ قال لبنیہ ما تعبدون من بعدی قالوا نعبد الٰہک والہ آبائک ابراہیم واسمٰعیل واسحٰق کیا تم موجود تھے
جب یعقوب علیہ السلام کی وفات کا وقت تھا جبکہ انہوں نے اپنے بیٹوں سے فرمایا میرے بعد کسے پوجو گے تو بولے ہم آپ کے خدا اور آپ کے آباء کرام ابراہیم و اسماعیل و اسحٰق کے خدا کو
آیت کریمہ میں اسماعیل علیہ السلام کو اب (باپ) فرمایا حالانکہ وہ چچا ہیں امام جلال الدین سیوطی نے ایک حدیث سے ثابت فرمایا کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کا چچا ہی تھا جس کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
دعائے مغفرت فرمائی تھی پھر جب آپ کو اس کا حال روشن ہوا تو آپ اس سے بیزار ہو گئے چنانچہ مسالک الحنفا میں ہے ویستأنس فیہ بما اخرجہ ابن المنذر فی تفسیرہ بسند صحیح عن سلیمان بن صرد
قال لما ارادوا ان یلقوا ابراہیم فی النار جعلوا یجمعون الحطب حتی ان کانت العجوز لتجمع الحطب فلما ان ارادوا ان یلقوہ فی النار قال حسبی اللہ ونعم الوکیل فلما القوہ قال اللہ
(یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراہیم) فقال عم ابراہیم من اجلی دفع عنہ فارسل اللہ علیہ شرارۃ من النار فوقعت علی قدمہ فاحرقتہ فقد صرح فی ہذا
الاثر بعم ابراہیم وفیہ فائدۃ اخری وہو انہ ہلک فی ایام القاء ابراہیم فی النار وقد اخبر اللہ سبحٰنہ فی القرآن بان ابراہیم ترک الاستغفار لہ لما تبین
لہ انہ عدو للہ ووردت الآثار بان ذلک تبین لہ لما مات مشرکا وانہ لم یستغفر لہ بعد ذلک الی قولہ فاستغفر لوالدیہ وذلک بعد ہلاک عمہ بمدۃ
طویلۃ فیستنبط من ہذا ان المذکور فی القرآن بالکفر والتبری من الاستغفار لہ ہو عمہ لا ابوہ الحقیقی فللہ الحمد علی ما الہم
ابن المنذر نے بسند صحیح سلیمان بن صرد سے روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا جب کافروں نے ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کا ارادہ کیا تو لکڑیاں جمع کرنے لگے یہاں تک کہ بوڑھی عورتیں بھی لکڑی اکٹھی کرتی
پھر جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنا چاہا آپ نے حسبی اللہ ونعم الوکیل فرمایا یعنی مجھے اللہ کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز ہے پھر جب آپ کو آگ میں ڈال دیا تو اللہ نے حکم دیا کہ اے آگ ابراہیم علیہ السلام کے
حق میں ٹھنڈی اور سلامتی ہو جا تو ابراہیم کے چچا نے کہا میری وجہ سے بچا لیا تو اللہ تعالیٰ نے آگ کا ایک شرارہ بھیجا جو اس کے پیر پر پڑا اور اسے جلا ڈالا
تو اس اثر میں ابراہیم علیہ السلام کے چچا کی صراحت ہے اور اس میں ایک دوسرا فائدہ یہ ہے کہ آپ کا چچا اس زمانہ میں ہلاک ہوا جب آپ کو آگ میں ڈالا گیا تھا اور قرآن عظیم نے بتایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
اس کے لیے دعائے مغفرت ترک فرما دی تھی جب انہیں اس کا دشمن خدا ہونا معلوم ہوا اور روایتوں میں آیا ہے کہ یہ حال ان کو جب معلوم ہوا کہ وہ کفر پر مرا اور انہوں نے اس کے لیے

اور مادر علی کی وفات کے طویل عرصہ کے بعد انہوں نے اپنے والدین کے لیے دعائے مغفرت کی تو یہاں سے ظاہر ہوا کہ قرآن مجید میں کفر اور اس کے لیے دعائے مغفرت سے تبری کا ذکر آیا وہ ابراہیم علیہ السلام کا چچا تھا اگر ان کے
[illegible] ابن عباس رضی اللہ عنہ کی عبارت تو وہ قیل سے مشہور ہے اور قیل سے قول ضعیف کو تعبیر کرتے ہیں اور کبھی مجرد قول کی حکایت مقصود ہوتی ہے مگر اکثر ضعف کی طرف اشارہ کرنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے تو باعتبار
امام راغب کے نزدیک بھی یہ قول ضعیف معلوم ہوتا ہے اور علی الاقل احتمال ہے اور محتمل کو مستدل بنانا صحیح نہیں اور ابن کثیر کی عبارت جو یہاں تحریر ہوئی ابن کثیر میں اس سے پہلے یوں ہے
قال الضحاک عن ابن عباس ان ابا ابراہیم لم یکن اسمہ آزر وانما کان اسمہ تارخ رواہ ابن ابی حاتم وقال ایضا حدثنا احمد بن عمرو بن ابی عاصم النبیل حدثنا ابی حدثنا ابو عاصم شبیب حدثنا عکرمۃ عن ابن عباس [illegible]
قال ابراہیم لابیہ آزر) یعنی بآزر الصنم وابو ابراہیم اسمہ تارخ وامہ اسمہا مثانی وامرأتہ اسمہا سارۃ وام اسمعیل اسمہا ہاجر وھی سریۃ ابراہیم وھکذا قال غیر واحد من علماء النسب ان اسمہ تارخ [illegible]
کی تفسیر میں ضحاک نے ابن عباس سے روایت کیا انہوں نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام آزر نہ تھا بلکہ تارخ تھا اور ضحاک کی سند سے [illegible] ابن عباس سے آیت کی تفسیر میں روایت کی کہ انہوں نے فرمایا آزر صنم کا نام ہے
علیہ السلام کے باپ کا نام تارخ اور والدہ کا نام مثانی اور بیوی کا نام سارہ اور آپ کی کنیز ام اسمعیل کا نام ہاجرہ ہے اور اسی طرح بہت سے علماء نسب کا قول ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام تارخ ہے تو ابن عباس رضی اللہ عنہما اور
کے مقابل تنہا ابن جریر علیہ الرحمہ یا ابن کثیر کا قول کیونکر لائق تسلیم ہے اور اتقان کی عبارت کا جواب خود حضرت امام سیوطی علیہ الرحمہ سے ہو گیا کہ خود اسی اتقان میں ہے ولو الدی اسمہ ابیہ تارخ وقیل
یا ذر [illegible] واسمہ لعلہ ثانی وقیل ہو فاعل لیوتا یعنی ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام تارخ تھا اور کہا گیا کہ آزر اور کہا گیا کہ یا ذر اور ماں کا نام ثانی اور کہا گیا کہ لوفی اور کہا گیا کہ یوفا تھا۔ اس سے صاف ظاہر
ہے کہ ان کے نزدیک راجح و معتمد یہی ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام تارخ تھا اسی لیے اسے مقدم کیا اور آزر کو قیل کر کے (مشعر بضعف ہے) لہٰذا یہ بات ظاہر کہ اتقان کی وہ عبارت [illegible] کے خلاف
طرف سے زلت قلم یا سہو ونسیان کا نتیجہ ہے۔ زید کے حوالوں کا جواب ہمارے اس فتوی سے ظاہر ہو گیا اور زید لاکھ دانستہ [illegible] مگر [illegible] صحیح
جمہور محققین کا منکر ہے اور [illegible] مسئلہ قول [illegible] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کی طرف کفر کی نسبت لازم کرتی ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء کرام میں ہیں لہٰذا
کرے یہ [illegible] اذیت ہے اور ان کی اذیت عذاب الیم کی موجب ہے قال تعالی ان الذین یؤذون رسول اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ اسی لیے علماء نے ابوین کریمین میں سے کسی کی
نسبت یہ کہنے کی ممانعت فرمائی کہ وہ جہنم میں ہیں [illegible] قال السہیلی فی الروض الانف بعد ایراد حدیث مسلم ولیس لنا نحن ان نقول ذلک فی ابویہ صلی اللہ علیہ وسلم لقولہ
لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات وقال تعالی (ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ) الآیۃ وسئل القاضی ابو بکر بن العربی احد ائمۃ المالکیۃ عن رجل قال ان ابا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی النار فاجاب
بان من قال ذلک فہو ملعون لقولہ تعالی (ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ) قال ولا اذی اعظم من ان یقال عن ابیہ انہ فی النار الخ لہٰذا اس قسم سے احتراز لازم
حضور علیہ السلام کے لیے اذیت کا سبب ہو یہاں سے انبیاء کرام حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے آباء کرام کا حال معلوم ہوا اور وہ یہ کہ وہ بعث کے بعد
موحد تھے حاشا للہ ان میں کوئی کافر نہ تھا اور دیگر انبیاء کرام کے والدین کے متعلق تحریر نظر سے نہ گزری اور ان کے مقام رفیع کے مناسب یہی ہے کہ ان کا نسب نجاست کفر سے پاک ہو چنانچہ
علامہ ابو الحسن ماوردی سے امام سیوطی نے نقل فرمایا لما کان انبیاء اللہ صفوۃ عبادہ وخیرۃ خلقہ لما کلفہم من القیام بحقہ والارشاد لخلقہ استخلصہم من اکرم العناصر واجتباہم بمحکم الاواصر فلم یکن لنسبہم
قدح ولمنصبہم من جرح الخ اس عبارت سے مستفاد ہوتا ہے کہ دیگر انبیاء کرام کا نسب بھی نجاست کفر سے پاک ہے واللہ تعالی اعلم

عبدہ محمد اختر رضا خاں الازہری غفرلہ
۱۴ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ

صح الجواب واللہ تعالی اعلم
قاضی محمد عبد الرحیم بستوی غفرلہ القوی

قاضی عبد الرحیم بستوی غفرلہ

محمد اختر رضا خاں ازہری

مرکزی دار الافتاء
سوداگران بریلی شریف

۱۸۷/۲ از طرف محمد غوث خاں حامدی رضوی قادری پرتاپوری بریلوی یکم شوال المکرم بروز یکشنبہ ۱۴۱۲ھ مطابق ۵ اپریل ۱۹۹۲ء

سوال کیا فرماتے ہیں علمائے دین متین مفتیان شرع مبین اس مسئلہ میں کہ چند روز سے پاکستان سے ایک مولوی صاحب جنکا نام الیاس قادری ہے انہوں نے ایک جماعت بنائی ہے اس کا نام دعوت اسلامی ہے انہوں نے پاکستان کے علاوہ بریلی شریف میں بھی ایک سنہری صورت میں قریب قریب پورے ہندوستان کا دورہ کر کے جا بجا اپنے نمائندے بنا کر ہری دستار عطا کر کے ہدایت کی ہے کہ ہماری جماعت کسی کی تردید نہیں کریگی اسوقت تردید کرنے سے لوگ چڑتے ہیں اور قریب نہیں آتے اسلئے کسی کی تردید نہیں کرنا ہے بلکہ بعض جگہ اپنی تقریر میں یہ بھی کہا ہے کہ ہمارے کچھ علمائے متشددی سے رہ گیا ہے اسلئے وہابی زیادہ ہو رہے ہیں بجائے دیوبندیوں وہابیوں رافضیوں اور دیگر فرقے والوں میں اتنی علامتیں ہیں کہ لوگ انکی اس بات سے خود بخود انکے بن جاتے ہیں اس لیے ہم اپنے اسٹیج سے کسی کی تردید نہیں کرینگے لہذا ان باتوں سے اعلیحضرت رضی اللہ تعالی عنہ کے فرمان کی اور انکی کتابوں کی تردید ہے اس لئے کہ اعلحضرت رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا ہے کہ فرقہ باطلہ اور بد مذہبوں کا رد فرض ہے آپ فرماتے ہیں کہ حدیث میں فرمایا اترعون عن ذکر الفاجر متی یعرفہ الناس اذکروا الفاجر بما فیہ یحذرہ الناس فاجر کو برا کہنے سے پرہیز کرتے ہو لوگ اسے کب پہچانیں گے فاجر کی برائی بیان کرو کہ لوگ اس سے بچیں یہ حدیث شریف گیارہ صحابہ کبار رضی اللہ تعالی عنہ سے گیارہ ہی کتابوں میں ہر ایک نے بیان فرمائی ہے اور یہ حدیثیں تحریر فرما کر فرماتے ہیں فسق عمل سے اسلام علاوہ بدرجہا بدتر ہے کیونکہ حضور جان نور شافع یوم النشور نے سب بدمذہبوں کو جہنمی بتایا کلہم فی النار الا واحدۃ اور آقا و مولا اعلیحضرت نے اپنی مسجد سے خاص جمعہ کے دن نام بنام ایک ایک کو فرمایا اخرج یا فلان فانک منافق اے فلاں نکل جا تو منافق ہے یہ منافقوں کے ساتھ برتاؤ الملفوظ حصہ اول صفحہ ۴۳ نظامی پریس بدایوں کی چھپی ہوئی میں ملاحظہ فرمائیں اور بہت جگہ قول موجود ہیں اور حضور کے ہر صحابی نے بدمذہب کا بلیغ رد فرمایا اور تمام بزرگان دین حضور شیخ حضرت عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالی عنہ اور تمام ہی اکابرین نے تردید کی فرمائی ہے یہ تردید کو منع کرنے والا کوئی قول کسی بزرگ کا دکھا دے لیکن ایسا نہیں کر سکتا اور تبلیغ اسلام اگر کرنا ہے تو پہلے بتانا ہوگا کہ جو لوگ رسول کو ابن اللہ وغیرہ کہتے ہیں یا بتوں کو خدا مانتے ہیں یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذرہ برابر توہین کرے وہ کافر ہے اور نماز کی ہی تبلیغ کرنا ہے تو یہ بتانا ہوگا کہ ہاتھ زیر ناف باندھنا سنت ہے اور جو ہاتھ سینے پر باندھتے ہیں یا جو ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھتے ہیں یا جو رفع یدین کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں یہ بھی تردید ہوئی بغیر اسکے لوگ اچھائی اور برائی میں تمیز کیسے کرینگے یہاں تک رد کا حکم رب تعالی کا سامنے ظاہر ہے کہ جو اسلام میں داخل ہونا چاہے تو پہلے رد کرے خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا جانے کیونکہ کلمہ طیبہ میں پہلے لفظ لا الہ نہیں ہے کر رہی ہے کہ لا الہ اردہ ہے کہ غیر کے دماغ و عقل میں تو اسلام میں داخلہ اور نام مسلمان رد کرکے ہی ہوا اور دوسرے کلمہ [illegible] تو یہ دعوت اسلامی جماعت رد کرنے کو منع کرے اور ہندوستان میں اپنے جو نمائندے بنائے ہیں انکو ہری پگڑی دستار باندھ دی ہے وہ بھی حجت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رد کرنا گالی دینا ہے تم لوگوں نے ایسے ہی وہابی بنائے ہیں اور تم وہابی بنا دیئے نمائندے جھگڑا کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں تو ایسی جماعت دعوت اسلامی نام والی میں ممبر بننا اسکی رکنیت قبول کرنے لیڈر رد کے تبلیغ کرنا اور یہ بتانا کہ ہماری ہی جماعت ایک ایسی ہے جو کسی کا رد نہیں کرتی ہے اسمیں شریک ہونا کیسا ہے جو حکم ہو وہ عمل میں لایا جائے فقط والسلام

۱۸۷/۹۲

بدمذہبوں کا رد فرض ہے اور دخول اسلام کیلئے عقائد باطلہ سے تبری و بیزاری کا اظہار بالاتفاق شرط لازم ہے بغیر اسکے کوئی کافر مسلمان نہ ہوگا کافر ہی رہیگا اسمعہ مطلق رد سے کوئی سچا مبلغ منع نہ کرے۔ کا جو کچھ مولانا الیاس قادری صاحب کے متعلق درج سوال ہے ان سے دریافت کرنا چاہئے اور ان پر لازم ہے کہ وہ معقول و مقبول صفائی پیش کریں ورنہ ان کی تحریک سے لوگ دور رہیں اجتناب و نفرت لازم ہے واللہ تعالی اعلم

فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ

۲ شوال ۱۴۱۲ھ

۱۹۹۲ء

مخدوم گرامی حضرت والا عظیم المرتبت نبیرۂ سرکار مفتی اعظم
علامہ اختر رضا خاں صاحب قبلہ مدظلہ العالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض ضروری یہ ہے تنظیم "دعوت اسلامی" جسکے بانی مولانا الیاس قادری پاکستانی ہیں، اس تنظیم کے طریقہ تبلیغ دین سے سنی صحیح العقیدہ مسلمانوں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے اس لئے کہ یہ بات "دعوت اسلامی" کے آئین سے ہے کہ بد مذہب بددین وہابیوں دیوبندیوں کے عقائد کے متعلق کچھ نہ کہا جائے اور دعویٰ ان کا یہ ہے کہ ہم سنیت کی اشاعت اور تبلیغ کرتے ہیں، جب خدا و رسول کے دشمنوں کے عیوب کو ظاہر نہ کیا جائے بلکہ ان کا نام لینے سے گھبرایا جائے کیا اسی کو سنیت کی تبلیغ کہتے ہیں، کیا باطل رد کئے بغیر سنیت کی اشاعت ہو سکتی ہے! ان کے اس طریقہ تبلیغ سے کیا عوام اہلسنت کے حق و باطل کو ایک ہی سمجھ کر گمراہ ہو جانے کا خطرہ نہیں،
لہٰذا حضور سے مؤدبانہ التماس ہے کہ بانیٔ دعوت اسلامی کو اپنی مقدس تحریر ہی کے ذریعہ سمجھادیں کہ سنیت کی تبلیغ کس طرح کی جاتی ہے،
خدا گواہ ہے کہ ہمارا مقصد انتشار وخلفشار ہرگز نہیں بلکہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ تبلیغ سنیت کا کام صحیح طریقے سے ہو تاکہ ہم سب مل جل کر کام کر سکیں

مولانا الیاس قادری صاحب پر لازم ہے کہ وہ ان کو [illegible] ظاہر کریں ورنہ لوگوں کو [illegible]
اور دوری حق کا سبب والسلام
فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ

खनऊ-गोरखपुर-वाराणसी (इला.)-झांसी-मेरठ-आगरा-बरेली-नई दिल्ली से प्रकाशित

जागरण

ा वर्ष

मई, १९९३

पोस्टल रजि. नं.बी.आर.-१८५/९३
ला.नं.जी.२२/बी.आर.-एल.पी.पी.-१/९३\

नगर संस्करण

मौलाना अख्तर रजा खां का फतवा

तलाक पर 'जमीयत' का रुख निन्दनीय

(शंभू दयाल वाजपेयी)

बरेली, ३० मई। तीन बार तलाक कह कर बीबी को तलाक देने की परम्परा को गैर काननी बताने वाले जमीयत अहले हदीस के फतवे की यहां अत्यन्त तीखी प्रतिक्रिया हुई है। आल इंडिया सुन्नी जमातुल उलमा के सदर और सेन्ट्रल दारुल इफ्ता, बरेली शरीफ के प्रधान मुफ्ती हजरत अल्लामा मौलाना मुफ्ती मो. अख्तर रजा खां कादरी अजहरी ने जवाबी फतवा जारी कर उक्त फतवे को नाकाबिले अमल और मरदूद (निंदनीय) बताया है।

जमीयत के तीन मुफ्तियों शेख अताउर्रहमान पटनी, शेख उबेदर्रहमान और शेख जमील अहमद मदनी के पिछले हफ्ते सुनाये गये फतवे में कहा गया है कि एक ही स्थान पर तीन बार तलाक कह कर बीबी को तलाक देने की परम्परा गैर काननी है और इसे अमल में नहीं लाया जा सकता। फतवे के अनुसार अब अगर कोई शौहर तीन बार तलाक कहे भी तो शरीयत के मुताबिक इसे तलाक नहीं माना जाएगा और इससे मर्द और उसकी बीबी के हकूक और जिम्मेदारियों पर कोई फर्क नहीं पड़ेगा। ये तीनों मुफ्ती जमीयत अहले हदीस की मजलिस तहकीक इल्मी से सम्बद्ध हैं।

सुन्नी जमात के दुनिया के सबसे बड़े अध्यात्मिक केन्द्रों में से एक बरेली शरीफ के मौलाना अख्तर रजा खां ने आज एक महत्वपूर्ण फतवा जारी कर जमीयत के फतवे की तीखी आलोचना की है। मौलाना अख्तर रजा खां साहब ने फतवे में कहा है कि नाम नेहाद जमीयत अहले हदीस मुसलमानों की कोई नुमाइंदा जमात नहीं है। इस लिए इसे उम्मते मुसल्लमा पर अपनी राय मुसल्लत करने का कोई अधिकार नहीं है।

उन्होंने कहा है कि जमीयत का बयान न सिर्फ हनफी, बल्कि शाफई, मालकी, हंबली सभी इमामों के पूरी तरह खिलाफ, नाकाबिले अमल, बातिल (अवैध) मरदूद और मुसलमानों में फूट डालने की नापाक कोशिश व सियासी चाल है।

उन्होंने फतवे में कहा है कि जमीयत का बयान कुरान व हदीस और अज्माए मुसलमीन के सरासर खिलाफ है। इसी से इस जमात का हाल और उसके बयान की हकीकत खुद जाहिर है। जो शख्स भी अपनी मनकूहा (निकाहशुदा) बीबी को तीन तलाकें देगा, उसकी बीबी पर बेशक तीन तलाकें वाके होंगी। अगर्चे एक साथ तीन तलाकें देना नाजायज व गुनाह है, मगर ये तलाकें चाहे एक ही मजलिस में एक ही जुम्ले में दे या अलग-अलग जुम्लों से, बहरहाल तीनों पड़ेंगी। इस पर सिर्फ मुसलमानों का अज्मा ही नहीं, बल्कि कुरान व हदीस से भी साबित है। खुद पैगम्बरे इस्लाम अलहेसलाम के सामने बाज लोगों ने अपनी बीबी को एक बारगी तीन तलाकें दीं और वे तीन ही मानी गयीं। इस सम्बन्ध में उन्होंने अपनी किताब 'तीन तलाकों का शरई हुक्म' का हवाला भी दिया है। मुफ्ती-ए-आजम हिन्द के जानशीन ने फतवे में जमीयत अहले हदीस को अपनी जाति राय को अखबारों में इस तरह छपवाने के लिए जैसे यह तमाम उम्मते मुसल्लमा का माना हुआ फैसला हो, आलोचना की है और इसे सबा फरेब और मुसलमानों को गुमराह करने की चाल बताया है।

(शेष पृष्ठ ११ पर)

Hazrat Allama Maulana Mufti
Mohammed
Akhtar Raza Khan Qadri Azhari
President: All India Sunni Jamiatul Ulema
Head Mufti: Central Darul Ifta-Bareilly
87 Raza Nagar Saudagran Bareilly Sharif
U.P. 243003 INDIA. ● Tel: 72166

[illegible]

मौलाना अख्तर रजा खां के फतवे की फोटो प्रति।

दिल्ली की रेक्सीन फैक्ट्री में भीषण आग लगी, ९ की मौत

नयी दिल्ली, ३० मार्च (भाषा)। पश्चिमी दिल्ली के पीरागढ़ी क्षेत्र में फोम और रेक्सीन की एक फैक्ट्री में आज सुबह भीषण आग लगने से करीब नौ कर्मचारी जल कर मर गये और दो व्यक्ति बुरी तरह आग से झुलस गये।

पुलिस ने बताया कि आग पर काबू पा लेने के बाद आठ जले हुए शव बरामद हुए। पश्चिम दिल्ली में ई.एस.आई. अस्पताल के डाक्टरों ने बताया कि सिर में चोट लगने से गंभीर रूप से घायल नौवें व्यक्ति ने दोपहर में अस्पताल में दम तोड़ दिया।

दिल्ली दमकल विभाग ने बताया कि इस भीषण आग पर काबू पाने के लिए दमकल की १५ गाड़ियों को दो घंटे तक जूझना पड़ा। उन्होंने मृतकों के बारे में कोई ब्यौरा नहीं दिया।

दमकल विभाग के अधिकारियों ने कहा कि फैक्ट्री में आग बुझाने की कोई सुविधा नहीं थी। फैक्ट्री का ढांचा इतना मजबूत नहीं था जो कि इस प्रकार की दुर्घटना को झेल पाता।

उन्होंने कहा कि फैक्ट्री के कर्मचारियों और ढांचे की आग से सुरक्षा के लिये कोई उपकरण नहीं था। फैक्ट्री के मालिक से इस दुर्घटना के एक-एक लाख रुपए का मुआवजा देने की मांग की है।

श्री सज्जन कुमार ने कहा कि आवासीय क्षेत्रों में रैक्सीन और प्लास्टिक की फैक्ट्रियां लगाने की अनुमति नहीं मिलनी चाहिए और इन्हें सुरक्षित स्थान पर ले जाया जाये।

इस अग्निकाण्ड की भेंट चढ़े नौ व्यक्तियों में से सात की दमकल विभाग ने पहचान कर ली है।

सात मृतकों के नाम इस प्रकार हैं- श्याम (३०), राज कुमार (२०), [illegible] गीर अली,

मंदिर तोड़े जाने के लिए इंका माफी मांगे

नयी दिल्ली, ३० मई (भाषा)। विश्व हिन्दू परिषद ने कहा है कि हिन्दू विरोधी नीतियों, विशेष कर कश्मीर घाटी में मंदिर तोड़े जाने के लिए कांग्रेस (इ) को देशवासियों से माफी मांगनी चाहिए।

विहिप के संयुक्त महासचिव आचार्य गिरिराज किशोर ने आज यहां कहा कि मानव संसाधन विकास मंत्री अर्जुन सिंह ने बाबरी ढांचे को गिराये जाने के लिये कांग्रेस (इ) से जनता से माफी मांगने को कहा है लेकिन जिस तरह जम्मू कश्मीर में हिन्दू मंदिर तोड़े गये हैं, कांग्रेस (इ) के नेता उस पर चुप्पी साधे हुये हैं।

आचार्य गिरिराज ने कहा कि जिस तरह कश्मीर घाटी से लाखों हिन्दू परिवारों ने पलायन किया है उसके लिए भी कांग्रेस (इ) को देशवासियों से माफी मांगनी चाहिये। घाटी से पलायन करने वाले हिन्दू परिवारों की [illegible]

باب ہفتم

نوادرات تاج الشریعہ

☆ —— سعودیہ عربیہ میں گرفتاری

☆ —— عدل وانصاف پر شب خون

☆ —— عالم اسلام کا احتجاج

☆ —— حکومت سعودیہ کی پسپائی واعلان

حضرت تاج الشریعہ نے کئی بار حج وزیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔ ۸/اگست ۱۹۸۶ء کو سفر حج کے لئے بریلی وایا بمبئی سے مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہوئے، حضور پیرانی امی صاحبہ (حضرت کی اہلیہ محترمہ) بھی شریک سفر تھیں، ۳۱/اگست ۱۹۸۶ء کو شب میں تین بجے مکہ معظمہ میں اچانک سعودی حکومت کی سی۔ آئی۔ ڈی۔ اور پولس قیام گاہ پر آئی اور بغیر جرم بتائے گرفتار کر لیا۔ اس گرفتاری پر عالم اسلام کے کروڑوں مسلمانوں میں شدید غم وغصہ پیدا ہو گیا۔ اور ہر طرف سعودی حکومت سے نفرت وبیزاری کی لہر دوڑ گئی، سعودی حکومت کے اس وحشیانہ سلوک، غیر آئینی اور غیر اخلاقی اقدام پر ہندوستان میں رضا اکیڈمی بمبئی، سنی جمعیۃ العلماء بمبئی، مسلم پرسنل لا کانفرنس دہلی، جماعت رضا مصطفےٰ بریلی اور ورلڈ اسلامک مشن لندن کے علاوہ پاکستان وبنگلہ دیش، ہالینڈ وانگلینڈ وغیرہ کی تنظیموں نے پر زور احتجاج کیا۔ بمبئی، دہلی، اسلام آباد اور لندن وغیرہ میں سعودی ایمبیسی وقونصل خانوں پر احتجاجی مظاہرے کئے گئے۔ مطالبہ تھا کہ سعودی حکومت حضرت تاج الشریعہ کو بلاشرط رہا کرنے اور انہیں مدینہ منورہ جانے کی اجازت دی جائے۔

ان شدید احتجاجی مظاہروں کی تاب نہ لا کر بالآخر سعودی حکومت نے بلاشرط ۱۱/دسمبر ۱۹۸۶ء کو حضرت تاج الشریعہ کو رہا کر کے مدینہ منورہ کی زیارت کے بغیر مکہ معظمہ سے سیدھے جدہ ہوائی اڈا پہنچا دیا۔ ایرانڈیا پرواز سے بمبئی واپس روانہ کیا، قیام گاہ سے لیکر جیل تک حضرت سعودی حکام سے بار بار یہی دریافت فرماتے رہے کہ مجھے بتایا جائے کہ کس جرم وقصور میں گرفتار کیا گیا ہے؟ لیکن اس سوال کا انہیں کوئی جواب نہیں دیا گیا، بلکہ رہائی کے وقت حضرت تاج الشریعہ سے ان الفاظ میں معذرت کی گئی کہ "ہم آپکے علم، آپکی شخصیت کا احترام کرتے ہیں، ہم آپ سے مخصوص اوقات میں دعا کے طالب ہیں۔

حضرت کے بمبئی پہونچنے پر ہوائی اڈا سے لیکر قیام گاہ تک انسانی سیلاب تھا، گرفتاری کے سلسلہ میں ایک تحریری بیان اخبارات کو دیا، حضرت کا وہ بیان ہفت روزہ اخبار نو دہلی بابت ۳ تا ۹/اکتوبر ۱۹۸۶ء کے شمارہ ۱۹ جلد ۴ص ۱۳ پر شائع ہوا۔ رضا اکیڈمی کے زیر اہتمام ابراہیم مرچنٹ بمبئی میں استقبالیہ جلسہ میں تقریر میں تفصیلات بیان کیں۔ گھر واپسی پر مسلمانان بریلی نے جامع مسجد میں استقبالیہ اجلاس کا اہتمام کیا۔ جس میں ڈھائی گھنٹہ تقریر فرمائی، راقم نے حضرت کی سب سے پہلی یہی تقریر سنی تھی۔ تقریر سننے اور بیان پڑھنے کے بعد کروڑوں اہل سنت وجماعت کو زبردست قلبی صدمہ پہونچا، دوسری طرف وہابی مکتبہ فکر اور سعودی ریال پر پلنے والے بغلیں بجانے لگے اور سعودی حکومت کے اس فعل ناروا کو سراہنے لگے۔ چنانچہ ہفت روزہ اخبار نو دہلی بابت ۷ تا ۱۳/نومبر ۱۹۸۶ء کے شمارہ ۲۴ جلد ۴ص ۲ پر ڈاکٹر خالد قاسمی سنبھلی کا ایک دل خراش مضمون بعنوان "مولانا اختر رضا بریلوی کی سعودی حکومت میں گرفتاری ٹھیک تھی"، شائع ہوا۔ جس نے جلتی آگ پر پیٹرول کا کام کیا۔ ہر طرف سے سعودی ایجنٹ کے اعتراضات کے منہ توڑ جوابات دیئے گئے۔ استاذ العلماء علامہ مفتی سید شاہد علی رضوی محدث رام پوری اور مولانا مفتی عبد المنان کلیمی مرادآبادی وغیرہ کے مضامین کو ایڈیٹر میم۔ افضل دہلوی نے نہ چھاپ کر صرف مولانا لیٰسین اختر مصباحی (مہتمم دار القلم دہلی) کا مضمون "سعودی عرب میں علامہ اختر رضا خاں ازہری کی گرفتاری ٹھیک نہیں تھی"۔ اس نوٹ کے ساتھ شائع کیا کہ اس سلسلہ کو ہم یہیں ختم کرتے ہیں مزید کوئی خط یا مضمون نہ لکھیں۔ ڈاکٹر قاسمی کے اہانت آمیز دل خراش مضمون کو مفتی سید شاہد علی رضوی محدث رامپوری نے "جوابات قادری بر الزامات قاسمی، انکشاف جرم" کے نام سے کتابی شکل میں طبع کرا کے ڈاکٹر قاسمی کے پاس بھیج دیا۔

حضرت کی حمایت اور سعودی کے خلاف احتجاجی مظاہروں کے دباؤ پر مجبور ہو کر بادشاہ سعودی شاہ فہد بن عبد العزیز کو یہ اعلان کرنا پڑا کہ حرمین شریفین میں ہر ایک شخص کو اپنے مسلک وعقائد کے مطابق معمولات کرنے کی اجازت ہوگی۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ کریں راقم السطور کی تصنیف حیات تاج الشریعہ مطبوعہ اسلامک ریسرچ سینٹر بریلی شریف) آگے اخبارات کے تراشے دیکھیں گے۔

اداریہ

فتنۂ نجدیت

ادارہ

اس الحاد و بے دینی کے پرفتن دور میں ہر طرف سے دین اسلام کو مٹانے کی کوشش و کاوش کی جارہی ہے۔ کہیں جماعت اسلامی کے روپ میں اور کہیں دیوبندیت کے بھیس میں اور کہیں وہابیت و نیچریت اور قادیانیت کی شکل میں اسلام کے خلاف بھرپور سازشیں کی جارہی ہیں لیکن یہ سب اسلام دشمن جماعتیں نجدیوں کی دین ہے۔

نجدیت ایک ایسا فتنہ ہے جسکی پیش گوئی سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے۔ مختلف مقامات پر انھوں نے اسلام دشمنی کا مظاہرہ کیا۔ سعودیہ عربیہ میں صحابۂ کرام کے مزارات مقدسہ اور بزرگان دین کے یادگاروں کو مٹادیا۔ یہیں پر بس نہیں بلکہ عاشقان رسول کو مختلف قسم کی اذیتیں دیتے رہتے ہیں۔ غیر ممالک سے جانے والے عازمین حج و علمائے اہلسنت کو صرف اس بنا پر اذیت دی جاتی ہے کہ وہ فاضل بریلوی امام احمد رضا خاں رضی اللہ عنہ کے مسلک کے مطابق عظمت رسول اور عشق رسول میں سرشار ہوکر بارگاہ رسالت میں ادب و احترام کے ساتھ حاضری دیتے ہیں۔ علمائے اہلسنت کے ساتھ جو ہوش ربا تشدد برتا جاتا ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ چند ہی سال قبل حضور مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب (رضی اللہ عنہ) کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی ابھی یہ واقعہ مسلمانان اہلسنت جماعت کے دلوں سے مٹ بھی نہ سکا تھا کہ حضرت علامہ مولانا مفتی الحاج محمد اختر رضا خاں صاحب قبلہ کو اسی سال حج کے موقع پر مکہ معظمہ میں گرفتار کرلیا گیا اور ہتھکڑیاں ڈالکر جیل بھیج دیا گیا اور مدینہ طیبہ کی حاضری سے روک دیا گیا اس کے بعد جیل سے انکو انکے وطن کی طرف بریلی شریف روانہ کردیا گیا۔ نہیں معلوم فتنہ نجدیت ابھی کیا کیا گل کھلائے۔ پروردگار عالم ہم تمام ہی مسلمانان اہلسنت کو مسلک اعلیحضرت (رضی اللہ عنہ) کا حامی ناصر بنائے اور فتنہ نجدیت سے محفوظ فرمائے۔

سعودی عرب میں علامہ اختر رضا خاں ازہری کے ساتھ وحشیانہ سلوک کا مسئلہ

علمائے اہلسنت کی طرف سے سعودی حکومت جس غلط فہمی میں مبتلا ہے اس کا ازالہ اب ضروری ہوگیا

(از علامہ ارشد القادری نائب صدر ورلڈ اسلامک مشن)

بها الخاصة والعامة ، فحفظوها وتغنى بها المنشدون وطرب بها المحبون ، وتصدى لها العلماء الربانيون شرحاً وذوقاً وتوضيحاً وإعراباً ، فمن أفضل الشروح التي اطلعت عليها في هذه الحقبة الموسوم بـ« الفردة بشرح البردة » لشيخنا المرشد الكامل والعالم العامل شيخ الإسلام في الديار الهندية ومفتي الأنام محمد أختر رضا خان حفيد مولانا شيخ الإسلام المجدد أحمد رضا خان فانبرى متصدياً لشرحها فأجاد وأفاد ، جامعاً بين ما تضارب وتعارض ظاهراً في شروح من سبقه ، كاشفاً اللثام عن حقائق ما استغلق على كثير من الشراح بتحقيق فائق ، وتخريج رائق وكأني به يقضي بالحق بين شراح البردة بسبر وتنقيح وتحقيق مناط ، فيجمع ما تباعد من أقوال بما تجود به قريحته بإنصاف بلا اعتساف فتراه موفقاً بين شرح العلامة ملا علي القاري والإمام المحقق ابن حجر الهيتمي ، والعلامة الخرفوتي وشيخ زادة والعلامة الباجوري وموضحاً ما غمض ودق مما خطته يراعهم ، ومستدركاً بواسع اطلاعه على اللغة العربية بما يفاجىء كل قارئ لها عازياً الكلام لقائله ، كيف لا وهو أزهري ابن بجدتها عالماً محققاً نظاراً لغوياً أصولياً مفسراً محدثاً متفنناً بالعلوم قادرياً نفع الله به العباد والبلاد فهو كالقطر أينما نزل نفع بإذن الله .

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

كتبه الأمين العام للمجلس الشرعي الإسلامي الأعلى ،
ومدير أزهر لبنان وفروعه في لبنان وإمام مسجد عبد الناصر
السيد الشيخ يوسف بن محمد إدريس الحسني الحسيني البيروتي
لبنان ، بيروت المحمية ٢١ ربيع الأول ١٤٣٥هـ
الموافق ٢٢/ ١/ ٢٠١٤م

باب چہاردہم

نوادرات تاج الشریعہ

☆ ——— سیاست سے نفرت

☆ ——— اقتدار سے اجتناب

☆ ——— وزیر اعظم ہند سے ملاقات کرنے سے انکار

۶ ردسمبر ۱۹۹۲ء کا دن اسلامیان ہند کے لئے نہایت ہی دردناک سانحہ کے طور پر یاد کیا جاتا رہے گا، کہ اس دن چار سو سالہ قدیم تاریخی بابری مسجد (اجودھیا ضلع فیض آباد) کو فرقہ پرستوں نے دن کے اجالے میں شہید کر دیا تھا۔ اس وقت اتر پردیش میں کلیان سنگھ (بی جے پی) وزیر اعلیٰ تھے، اور پی۔ وی نرسمہا راؤ (کانگریس) ملک کے وزیر اعظم تھے۔ دونوں کی ساز باز سے بابری مسجد کی شہادت کا المناک سانحہ پیش آیا، ملک کی جمہوری قدروں کو خوب پامال کیا گیا۔ مسلمانوں کے ساتھ خون کی ہولی کھیلی گئی، خواتین کی عصمتوں کو تار تار کر دیا گیا۔ بچوں کو گاجر مولی کی طرح ذبح کیا گیا۔ ایک عجیب سی ہیجانی کیفیت پورے ملک میں تھی۔ قانونی انارکی کا حال یہ تھا کہ قانون ساز ادارے اور انتظامیہ خود جرم کا ارتکاب کھلم کھلا کرتے پھر رہے تھے۔

ایسی صورت حال کے پیش نظر اپریل و مئی ۱۹۹۶ء میں ہونے والے عام پارلیمانی الیکشن میں مسلمان اور امن پسند غیر مسلم وزیر اعظم نرسمہا راؤ کو مجرم مان رہے تھے۔ ہندوستان میں ۸۰ فیصد اہل سنت و جماعت کی آبادی ہونے کی وجہ سے سنی عوام کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے وزیر اعظم نے حضرت تاج الشریعہ سے رابطہ قائم کیا۔ ان کے دو نمائندوں نے حضرت سے ملاقات کر کے وزیر اعظم کا پیغام دیا کہ وہ خود حاضر ہو کر نیاز مندی کا اظہار اور قدم بوسی کے لئے باریابی کی اجازت چاہتے ہیں۔ حضرت تاج الشریعہ نے بلا تکلف اور بغیر رو رعایت کے وزیر اعظم سے کسی بھی طرح کی گفتگو اور ملاقات کرنے سے منع کر دیا۔ فرمایا کہ وہ بابری مسجد کی شہادت میں ملوث ہیں، پہلے بابری مسجد کی تعمیر کرائیں پھر میرے پاس اور آستانہ پر حاضری کا ارادہ کریں۔ وزیر اعظم نے اپنے اثر و رسوخ کا استعمال کرتے ہوئے بہت منت و سماجت کی مگر حضرت نے بالکل بے نیازی اختیار کرتے ہوئے قطعاً منع فرما دیا، بعدہ صاحبزادہ گرامی مولانا عسجد رضا قادری اور راقم السطور کو لالچ بھی دی گئی مگر یہ تمام کوششیں بے سود ثابت ہو گئیں۔ وزیر اعظم نے بہر صورت آستانہ عالیہ پر حاضری کا پروگرام بنا لیا تھا، ۲۶ رجولائی ۱۹۹۵ء کو بریلی آ ہی گئے۔ ایک طرف آستانہ پر مجاہد سنیت مولانا منان رضا خاں کی قیادت میں لاحول کا ورد ہوتا رہا، تو دوسری طرف حضرت تاج الشریعہ شہر سے باہر بہیڑی چلے گئے۔ وہیں وزیر اعظم اپنی پوری کابینہ کے ساتھ سرکٹ ہاؤس میں سات گھنٹہ تک انتظار کرتے رہے مگر حضرت نے یک لخت بھی التفات نہ فرمایا۔

رئیس التحریر علامہ ارشد القادری رحمۃ اللہ تعالیٰ کے زیر اہتمام ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' رام لیلا میدان دہلی منعقدہ ۲۶ راگست ۱۹۹۵ء میں حضرت تاج الشریعہ نے شرکت کی، کانفرنس کے سیاسی مقاصد کا اظہار حضرت کے شرکت کی واپسی پر بمبئی میں ہوا۔ جس پر برأت کا اظہار اور اپنی ناراضگی سے کنوینر حضرات کو مطلع کر دیا۔ اور عوام کے درمیان غلط فہمی کو دور کرنے کی غرض سے اردو و ہندی میں اخباری اعلانیہ جاری کیا۔

215

कानपुर-लखनऊ- गोरखपुर- वाराणसी (इला.)- झांसी- मेरठ- आगरा (अलीगढ़)-

दैनिक जागरण

बरेली, शुक्रवार, २२ सितम्बर, १९९५

पोस्टल रजि. नं. बी.आर.-१८५
ला. नं. जी २२/बी-आर.-एल.

क अन्य ठकदारा का इसका पता चला ता व सब अधिशासी अभियन्ता के पास शिकायत लेकर पहुंच गये। अधिशासी अभियन्ता ने दोनों अभियन्ताओं को तलाश कराया तो उनमें से एक ही मिला। उसको उन्होंने आदेश दिया कि वह आज शाम को ही सारे

यां धारा ४-क का दुरुपयोग कर में कच्चे माल से निर्मित माल को ष्ट्रीय व्यापार न करके स्टाक

अजहरी मियां ने सुन्नी कान्फ्रेन्स में जाने पर अफसोस जताया

राव के समर्थन को लेकर उलेमाओं में मतभेद बढ़े

-जागरण संवाददाता-

बरेली, २१ सितम्बर। देश के चोटी के सुन्नी उलेमाओं में प्रधानमंत्री का समर्थन करने के मुद्दे पर मतभेद गहरे हो गये हैं। बहुत मुमकिन है कि इस मुद्दे पर दो गुट बन जायेंगे। इस तरह प्रधानमंत्री पी.वी.नरसिंहराव की बरेली शरीफ यात्रा की आड़ में सुन्नी मुसलमानों का दिल जीतने की जो कोशिश शुरू हुई थी, उस पर पानी फिरता नजर आ रहा है।

आल इंडिया सुन्नी कान्फ्रेन्स की गत २६ अगस्त को दिल्ली में हुई बैठक में जब कायम मुफ्ती-ए-आजम अल्लामा अख्तर रजा खां उर्फ अजहरी मियां शरीक हुए तो राव कांग्रेस को बाजी अपने हक में पलटती दिखी। सुन्नी कान्फ्रेन्स के आयोजक मौलाना अरशद अल कादरी थे। उन्होंने देश भर के सुन्नी उलेमा एकत्र कर लिये। बरेली चूंकि देश के सुन्नी मुसलमानों का मरकज है, इसलिए यहां के प्रतिनिधित्व को खास महत्व दिया गया। मौलाना कादरी ने अजहरी मियां को बुलाने के लिए एड़ी से चोटी का जोर लगा दिया। अजहरी मियां को बताया गया कि यह सियासी कान्फ्रेन्स नहीं है, इसलिए वह बेखटके इसमें शामिल होकर दुआ से नवाजें, आयोजकों ने यह भी कहा कि कान्फ्रेन्स में वीडियोग्राफी की अनुमति नहीं है।

मालूम हो कि प्रधानमंत्री की बरेली शरीफ यात्रा (२७ जुलाई) कराने में दिल्ली के एक मौलाना इफ्तखार और तांत्रिक एन.के. शर्मा की खास भूमिका रही है। इन लोगों की तमाम कोशिशों के बावजूद बरेली की उलेमा कान्फ्रेन्स में अजहरी मियां शामिल नहीं हुए। बरेली की उलेमा कान्फ्रेन्स बुरी तरह फ्लाप हो गयी। विरोध के कारण प्रधानमंत्री दरगाह आला हजरत की जियारत तक न कर सके।

दिल्ली की सुन्नी कान्फ्रेन्स में एन.के. शर्मा ने बड़ी होशियारी से मौलाना कादरी को आगे कर दिया। इस बार फजीहत से बचाने के लिए प्रधानमंत्री को अलग रखा गया। अजहरी मियां को इस कान्फ्रेन्स में अपने शरीक होने का बहुत अफसोस है। २६ अगस्त की सुन्नी कान्फ्रेन्स में शरीक होने के बाद वह सीधे अपने इलाज के सिलसिले में बम्बई चले गये। दो दिन पूर्व वह बरेली लौटे। आमतौर पर 'प्रेस' से और तमाम तरह के प्रचार से दूर रहने वाले अजहरी मियां ने जागरण संवाददाता यूसुफ किरमानी से खुलकर बातचीत की।

उन्होंने कहा कि सुन्नी कान्फ्रेन्स के नाम से जाहिर है कि यह मजहबी कान्फ्रेन्स होगी, इसलिए वह थोड़ी देर के लिए इसमें शरीक हुए। उन्हें यह जानकर बहुत मायूसी हुई कि कान्फ्रेन्स में वीडियो का इस्तेमाल खुलकर हुआ, इस मामले में उन्हें बिल्कुल अंधेरे में रखा गया। नजर कमजोर होने की वजह से वह स्टेज पर यह नहीं देख सके कि इसकी वीडियो फिल्म बनायी जा रही है या नहीं।

अजहरी मियां ने कहा कि कान्फ्रेन्स में छिपे हुए मकसद से वह बिल्कुल नावाकिफ थे, वर्ना हर्गिज शरीक न होते। उन्हें इस बात का अफसोस रहेगा कि दिल्ली की कान्फ्रेन्स सुन्नी उलेमाओं की कान्फ्रेन्स न होकर सियासी कान्फ्रेन्स थी। अजहरी मियां ने बातचीत के दौरान 'राव कांग्रेस' का नाम न लेते हुए कहा कि इसका मकसद एक पार्टी के समर्थन में चोटी के सज्जादानशीनों और उलेमाओं से बयान दिलाना था। जिससे इस संकेत को समझकर लोग चुनाव में उस पार्टी का समर्थन करें। अल्लामा ने साफ-साफ कहा कि बाबरी मस्जिद की दुर्भाग्यपूर्ण घटना को मुसलमान अभी भूला नहीं है। उस घटना के जिम्मेदार लोगों को माफ कर देने या उनको समर्थन कर देने का सवाल ही नहीं उठता है।

इस संवाददाता ने जब उनसे यह पूछा कि कान्फ्रेन्स के दूसरे दिन जो पोस्टर जारी हुआ, उसमें उन तमाम उलेमाओं व गद्दीनशीनों की तरफ से राव और कांग्रेस का समर्थन किया गया, इस सवाल पर अजहरी मियां ने कहा कि इसके लिए भी आयोजक जिम्मेदार हैं, जिन्होंने ऐसी बेसिर-पैर की बात हम जैसे लोगों पर थोपी है। आयोजक की अब जिम्मेदारी है कि वह उसका खंडन करें और अपनी स्थिति स्पष्ट करें। क्योंकि वह पोस्टर बिना उनकी मर्जी के जारी हुआ है। वर्ना यह ख्याल यकीन में बदल जायेगा कि इस कान्फ्रेन्स का मकसद सियासी लोगों का खुतबा पढ़ना और महज सियासी लक्ष्य हासिल करना था।


एक सवाल के जवाब में उन्होंने कहा कि कारी मोहम्मद मियां मजहरी ने प्रधानमंत्री की बरेली शरीफ यात्रा को लेकर जो एक किताब छापी है, उसमें तमाम तरह की झूठी बातें उनसे जोड़ दी गयी है। उस वक्त के तमाम समाचार पत्र गवाह है कि प्रधानमंत्री जिस दिन बरेली शरीफ आये, वह शहर छोड़कर बहेड़ी चले गये। क्योंकि वह सियासी लोगों से मिलना नहीं चाहते हैं। उन्होंने एक और राष्ट्रीय दैनिक का नाम लेकर कहा कि उसमें एक झूठी खबर छापी गयी कि उन्होंने विरोध के लिए काली झंडियों का इन्तजाम किया था। इसी तरह एक उर्दू साप्ताहिक तीसरा रास्ता ने भी बेबुनियाद बातें छाप दीं।

सुन्नी कान्फ्रेन्स में शरीक हुए अजहरी मियां ही सिर्फ अकेले उसकी आलोचना करने वालों में नहीं हैं। सांसद और मौलाना उबैदुल्ला आजमी ने काफी खुलकर सुन्नी कान्फ्रेन्स के आयोजकों को आड़े हाथों लिया है। 'सुन्नी दुनिया' मासिक पत्रिका के संपादक मौलाना शहाबुद्दीन रज़वी कहते हैं कि उनके पास इस सुन्नी कान्फ्रेन्स के बाबत जो पत्र आ रहे हैं, उनमें इसकी जमकर आलोचना की गयी है। पत्र भेजने वालों में कई नामी गिरामी उलेमा हैं।

मालूम हो कि राव कांग्रेस लगातार इस कोशिश में है कि सुन्नी उलेमाओं को अपने समर्थन में करके मुसलमानों को पटाया जाये। प्रधानमंत्री की बरेली शरीफ यात्रा इस सिलसिले की पहली कड़ी थी। प्रधानमंत्री उलेमा कान्फ्रेन्स को सम्बोधित करने बरेली आये और सर्किट हाउस में कैद होकर रह गये। बरेली की उलेमा कान्फ्रेन्स में मदरसों के बच्चों को लाया गया, चुनिन्दा उलेमा उसमें कहीं नजर नहीं आये।

Secretary : 308 59 22

Office : 307 55 85



مفتی محمد اختر رضا خاں ازہری کا تردیدی بیان

بمبئی ۔ ۹ ستمبر ۔ بمبئی اور ملک کے مختلف اخباروں میں دہلی میں منعقدہ سنی کانفرنس کی رپورٹ شائع ہوئی ہے ۔ جس میں حضرت مفتی محمد اختر رضا خاں صاحب ازہری صدر آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء سے منسوب ایک بیان شائع ہوا ہے ۔ جسکی وجہ سے عوام میں بے چینی پھیل گئی ہے ۔ حضرت علامہ ازہری کی شخصیت مکمل غیر سیاسی شخصیت ہے ۔ اس بیان کے بعد ارکان سنی جمعیۃ العلماء نے حضرت سے رابطہ قائم کرکے دریافت کیا تو مفتی اختر رضا خاں ازہری نے فرمایا کہ دہلی میں منعقدہ کانفرنس میں مجھ سے منسوب جو بیان اخبارات میں آیا ہے وہ قطعاً غلط ہے میں نے وہاں ایسا کوئی بیان نہیں دیا ۔ تحفظ شریعت کی وجہ سے اس کانفرنس میں میری شرکت ہوئی اگر معلوم ہوتا کہ یہ سیاست ہے تو میں اس کانفرنس میں شرکت ہی نہیں کرتا ۔ وزیر اعظم جب بریلی شریف آئے تو اس وقت میں نے بریلی شریف کے قریب ایک قصبہ بہیڑی میں قیام کیا ۔ تمام مسلمانان اہلسنت سے باخبر ہیں کہ مجھے ملکی سیاست سے نہ کبھی کوئی تعلق تھا اور نہ ہے ۔ یہ صرف مجھکو بدنام کرنے کی سازش ہے ۔ یہ اخباری بیان حضرت کے ایما پر جاری کیا جا رہا ہے کہ عوام کی بے چینی ختم ہو جائے ۔ اور وہ کسی فریب کا شکار نہ ہوں

جاری کردہ شعبۂ نشر و اشاعت
آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء

روزنامہ اخبار انقلاب بمبئی
" " اردو ٹائمز بمبئی
" " ہندوستان بمبئی
" " اخبار عالم بمبئی

تاریخ ۱۲ ربیع الآخر شریف

باب پانزدہم

نوادرات تاج الشریعہ

☆ ——— تحریک ہندو مسلم اتحاد کی مخالفت

☆ ——— سنی وہابی اتحاد کے مضر اثرات

☆ ——— کتاب ''مفتی اعظم اوران کے خلفاء'' پر تقریظ جلیل

☆ ——— متفرقات

حضرت تاج الشریعہ کی زندگی میں عشق مصطفےٰ ایسا رچ بس گیا ہے کہ پوری زندگی اسوہ حسنہ کا حسین مظہر ہے، راقم نے اکثر مشاہدہ کیا ہے کہ کتنا ہی بڑا دولت مند ہو یا رتبہ والا، آپ نے اس کو ذرا سا بھی شریعت سے ہٹا ہو دیکھا تو فوراً تنبیہ و ہدایت فرمائی۔ بڑے سے بڑے سربراہان اقتدار و جبہ و دستار والوں کی ''ٹائیاں'' گلوں سے اتروا دیں۔ اہل سنت و جماعت کے ساتھ بدمذہبوں کے اتحاد کے سخت مخالف ہیں، تحریر و تقریر کے ذریعہ ایسی تحریکات کا تعاقب کیا، اور عوام الناس کو احتراز و اجتناب کی ہدایت و نصیحت فرمائی۔ اس سختی کو بعض حلقوں میں شدت پسندی سے تعبیر کیا جاتا ہے جب کہ صحیح طریقہ اہل سنت و مطابق تعلیمات اسلاف و اخلاف ہے۔ مگر وہی ناقدین حضرت کی سیرت و کردار اور عظمت و وقار کے قائل بھی ہیں۔ ذیل میں چند دستاویزی عکوس ملاحظہ کریں۔

۱۔ اپلیٹہ ضلع راجکوٹ (گجرات) میں ہندو مسلم اتحاد شریعت سمیلن سے عوام و خواص کو محفوظ رکھا۔
۲۔ مدرسہ حنفیہ رتن پور کلاں ضلع مراد آباد میں ۲۰؍اکتوبر ۱۹۷۷ء کو منعقدہ اجلاس سے بیزاری کا اعلان
۳۔ مسٹر برہان الدین بوہری کے خلفاء راشدین کے خلاف بیان پر بمبئی میں احتجاجی اجلاس کی قیادت و توبہ نامہ
۴۔ شاہ بانو کیس کے معاملہ میں مسلم پرسنل لا میں حکومتی مداخلت پر ایک کمیٹی کی تشکیل۔
۵۔ راقم کی کتاب ''مفتی اعظم اور ان کے خلفاء'' جلد اول پر (۱۹۹۰ء) ۷؍ذی القعدہ ۱۴۱۰ھ کو تقریظ لکھی۔
۶۔ مرکزی دارالافتاء سوداگران بریلی کے رویت ہلال کمیٹی کی شہادت نامہ کا ایک نمونہ۔
۷۔ یکم جنوری ۲۰۰۰ء کو جامعۃ الرضا کے تعاون کے لئے مولانا الحاج محمد سعید نوری کو خصوصی خط بدست راقم السطور۔
۸۔ راقم کی غلطی سے رمضان کے پوسٹر میں چندہ کے تعلق سے کچھ غلط چھپ گیا تھا، اس کی تصحیح و نوعیت مسئلہ کی وضاحت۔
۹۔ شہر بریلی میں یکم محرم الحرام سے دس تاریخ تک بیہودہ خرافات کے ازالہ کے لئے پمفلیٹ کی اشاعت۔
۱۰۔ مزارات پر عورتوں کی حاضری کے تعلق سے انتباہ اور عرس رضوی میں عورتوں کو نہ لانے کے لئے اپیل۔
۱۱۔ ادارہ اشاعت تصنیفات رضا بریلی کے روداد کا سرورق۔
۱۲۔ اختر رضا بکڈپو بریلی کی فہرست کا پمفلیٹ۔
۱۰۔ جامع مسجد انتظامیہ کمیٹی بریلی کی طرف سے فریاد و شکایت۔

سند الإجازة

اللّٰه ربّ محمد صلّى عليه وسلّما وعلى ذرّيته الى الابد الدهور وكرّما

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلي على رسوله الكريم ـ الحمد لله تعالى الاعلى وكفى والصلاة الازهى والسلام الاسنى الاوفى على عباده الذين اصطفى خصوصا على حبيبه سيدنا محمد المصطفى ونبيه المجتبى رسوله المرتضى وعلى آله بيته اولى الصدق والصفا لا سيما الاربعة الخلفاء وعلى جميع التابعين وجميع ائمة الدين والاولياء العرفاء لا سيما الامام الاعظم والامام الافخم ابى حنيفة كاشف الغمة امام ائمة الشريعة الغراء والغوث الاعظم الغياث الاكرم سيدنا ابى محمد محى الدين والملة البيضاء سيدنا الشيخ عبد القادر الجيلانى رضوان الله تعالى عليه وعلى جميع الصلحاء اهالى الوفاء ثم علينا الى يوم الجزاء اما بعد فقد التمس منى عزيزى المولوى حضرت الشيخ مولينا محمد عبد الحكيم اختر الرضوى اجازة السلسلة العلية العالية القادرية البركاتية الرضوية المباركة واجازة الاوفاق والاعمال والاذكار والاشغال فاجزته على بركة الله تعالى ذى الجلال ثم على بركة رسوله الاعلى صاحب الجمال جل جلاله وعم نواله عليه الصلاة والتحية والثناء كما اجازنى شيخى وسندى وكنزى وذخرى ليومى وغدى حضرة نور العارفين قدوة الواصلين خاتم الكبراء مولانا الشاه ابو الحسين احمد نورى ميان صاحب شيخ الاسلام والمسلمين راس المحققين مجدد الملة والدين امام اهل السنة قامع الفتنة سيدى وسندى جناب الوالد الماجد الشيخ مولانا الشاه اعلى حضرت احمد رضا خان رضى الله تعالى عنهما وامطر شآبيب الرحمة والرضوان عليهما واوصيه بحماية السنن السنية ونكاية الفتن الدنية واكتساب الحسنات واجتناب البدعات الغير المرضية بارك الله لنا وله وحقق املى وآمله واصلح عملى وعمله آمين آمين برحمتك يا ارحم الراحمين قاله بفيه وامر برقمه.

[illegible] واجازه لمولانا عبد الحكيم اختر [illegible]

حضرة الكريم مصطفى رضا القادرى [illegible] فاجزته بروايته الحديث [illegible]

كما اجازنى به [illegible] خليفة جدنا الاكبر مجدد الملة الطاهرة الشيخ احمد رضا [illegible]

المعهودة من المشايخ [illegible]

[illegible]

۷۸۶
۹۲

ہم ذیل میں دستخط کنندگان یہ اعلان کرتے ہیں کہ قومی ایکتا سمیلن جس میں ہر فرقے کے لوگ شریک تھے
اور جسے مسلم سمیلن یا شریعت سمیلن کہا گیا ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے نہ ہم نے ایسے کسی سمیلن کی تائید
کی ہے فقط

غلام غوث الولوی الہاشمی — غلام غوث الولوی الہاشمی

سید محمد سلیم احمد رضوی — سید محمد سلیم احمد رضوی

محمد انور علی فیضی — محمد انور علی فیضی

رضاء المصطفیٰ نوری — رضاء المصطفیٰ نوری

محمد احسن رضا اشرفی — محمد احسن رضا رضوی اشرفی

محمد مظفر صدیقی — محمد لطیف صدیقی

خادم احمد میاں رضوی راجوی غفرلہ — خادم احمد میاں رضوی راجوی غفرلہ

محمد یعقوب ادریسی — محمد یعقوب ادریسی

نور محمد نوری رضوی غفرلہ — نور محمد نوری رضوی غفرلہ

محمد ممتاز بیگ خادم مدرسہ عرفانیہ اسلامیہ ایلیٹہ — [illegible] خادم مدرسہ عرفانیہ اسلامیہ ایلیٹہ گجرات

محمد شمس الدین کامل النعیمی رضوی — العبد محمد شمس الدین کامل نعیمی رضوی (خادم مدرسہ عرفانیہ الاسلام ایلیٹہ)

محمد صالح رضوی نوری

محمد عثمان درانی — محمد عثمان درانی

محمد یعقوب عثمان ایلیٹہ — محمد یعقوب عثمان ایلیٹہ

محمد یونس رضوی — محمد یونس رضوی

محمد اختر عالم نوری مدرسہ اسلامیہ پڑدھری

شبیر احمد رضوی

۱ ۱۲۳

ہوگیا ہوگا لیکن برسوں پہلے یہ معلوم کر لینے کا ذریعہ سوائے اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ انھیں علم غیب تھا۔

اور رشید احمد گنگوہی وجان رشید قاسم نانوتوی کی غیب دانی کا کیا کہنا وہ حضرات تو عین وقت ولادت سے دو گھنٹے پیشتر ہی اپنی اپنی قبروں سے نکل کر سیدھے مولوی سعید کے والد کے گھر پہنچ گئے۔ اور انھیں بیٹے کی آمد پر ایڈوانس مبارکباد دی اور نام تک تجویز فرما دیا۔

ایک طرف تو گرو گھنٹالوں کے حق میں یہ وشواش واعتقاد ہے اور دوسری سمت حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے انکار میں بخاری شریف کی یہ حدیث دیوبندی ملاؤں کی زبان وقلم کی نوک سے سدا لگی رہتی ہے۔

صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مفاتیح الغیب جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا وہ پانچ چیزیں ہیں جو سورہ لقمان کی آخری آیت میں مذکور ہیں۔ یعنی قیامت کا وقت مخصوص بارش کا ٹھیک وقت کہ کب نازل ہوگی، مافی الارحام یعنی عورت کے پیٹ میں کیا ہے؟ بچہ ہے یا بچی، مستقبل کے واقعات موت کا صحیح مقام"۔

(فتح بریلی کا دلکش نظارہ ص ۵۸)

(باقی آئندہ)

سنی کانفرنس اور دیوبندیوں کی شمولیت

حضرت مفتی اعظم ہند کا انتباہ اور برہمی

مدرسہ حنفیہ قصبہ رتن پور کلاں ضلع مرادآباد یو-پی میں ۲۷-۲۸-۲۹ر اکتوبر کو منعقد کیے جانے والے آل انڈیا سنی کانفرنس کے اشتہار میں "زیر سرپرستی" کے کالم میں حضرت مفتی اعظم ہند مدظلہ کا نام لکھا ہوا ہے۔ علاوہ اس کے شرکا میں دیگر سنی علما ومشائخ کے نام درج ہیں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ اس کانفرنس میں مہمانان خصوصی کے کالم میں ایک کھلا دیوبندی عبدالرؤف لاری اور شرکا میں ایک کھلا دیوبندی شاعر فرید احمد بھی ہیں۔ کیا یہ سنی کانفرنس ہے یا زمانہ سازی۔ اور سیاست سے بھرپور چند لوگوں کا اپنی شہرت اور اپنے مفاد کی خاطر سجائی گئی ایک دکان ہے

حضرت مفتی اعظم ہند نے اس پر برہمی کا اظہار فرمایا اور سخت تاکید کی ہے کہ ایسے جلسوں میں ان کا نام مت لکھا کریں۔ ساتھ ساتھ حضرت اختر رضا خاں ازہری بریلوی نے بھی ایسے لوگوں کو تنبیہ کرتے ہیں حضور مفتی اعظم ہند مدظلہ نے حضرت اختر رضا خاں صاحب کو اختیار دیا ہے کہ وہ اس بات کا اعلان کر دیں کہ ایسے جلسوں میں اگر ان کا نام ہو تو اسے فرضی مانا جائے۔ ہاں خالص سنی جلسوں میں سنی حضرات تبرکاً ان کا نام ضرور استعمال کر سکتے ہیں۔ یہی ہدایت حضرت اختر رضا خاں اپنے نام کے لئے بھی کرتے ہیں۔ ادارہ

انقلاب 01/09/1988

Page 6

بمبئی کے شب و روز

خلفائے راشدین کانفرنس احتجاجی جلسہ میں ضم

احتجاجی جلوس کا جماعت اہلسنت کیطرف سے کوئی پروگرام نہیں

بمبئی ۳۱ اگست۔ آل انڈیا تبلیغ سیرت کی جانب سے علما مشائخ ائمۂ مساجد، دانشوروں، انجمنوں اور تمام سنی اداروں کی آج ایک زبردست ہنگامی میٹنگ ہانڈی والی مسجد سیفی جوبلی اسٹریٹ نمبر ۳ میں منعقد ہوئی۔ جس میں بالاتفاق یہ فیصلہ ہوا کہ جماعت اہلسنت کی طرف سے ایک زبردست احتجاجی جلسہ منعقد ہوگا جس کی سرپرستی علامہ اختر رضا خان ازہری فرمائیں گے۔ جس میں تمام اہلسنت علماء و مشائخ اور ائمۂ مساجد شریک ہوں گے:

یہ جلسہ ۳ ستمبر ۱۹۸۸ء بروز سنیچر شب میں ابراہیم مرچنٹ روڈ مینارہ مسجد محمد علی روڈ بمبئی نمبر ۳ میں منعقد ہوگا۔

علمائے اہلسنت نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے۔ کہ حکومت ہند سے بڑی سختی کے ساتھ مطالبہ کیا جائے کہ وہ ملا برہان الدین کو گرفتار کرکے مقدمہ چلائے۔

احتجاجی جلوس کے متعلق علمائے اہلسنت نے فی الحال کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے، وہ آل انڈیا تبلیغ سیرت نے (جو سنی مسلمانوں کی مرکزی و نمائندہ تنظیم ہے) اس نے کسی طرح کے بند کا کوئی اعلان نہیں کیا ہے۔ اس میٹنگ کی صدارت مولانا سید ... اشرف صاحب نے فرمائی۔ یہ بات بھی واضح ہے کہ رضا اکیڈمی کیطرف سے جو خلفائے راشدین کانفرنس کا اعلان ہوا تھا۔ وہ اس احتجاجی جلسہ میں ضم ہوگیا۔

اس میٹنگ میں اس بات کا بھی فیصلہ ہوا کہ ہمارا احتجاج ملا برہان الدین کے خلاف ہوگا۔ آل انڈیا تبلیغ سیرت کسی بھی طرح کے عوامی تصادم کی سخت مخالف ہے۔ اور ساتھ ہی عوام اہلسنت سے اپیل کرتی ہے کہ وہ غیر ذمہ دار افراد کی اشتعال انگیزی سے متاثر نہ ہوں اور تصادم کے راستے سے گریز کریں۔

شادی سے انکار پر

لڑکی کو زندہ جلا دیا

بمبئی ۳۱ اگست۔ ۲۴ سالہ ایک شخص نے ۲۸ سال کی ایک لڑکی کو اس لئے زندہ جلا دیا کہ لڑکی نے اس کے ساتھ شادی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم



الحمد للہ رب العالمین ۔ وصلی اللہ علی محمد سید المرسلین [illegible]
وخاتم النبیین ۔ وعلی عترتہ وصحبہ اجمعین

اسلام کی عزت، ملت اسلامیہ کی [illegible] کو
مد نظر رکھتے ہوئے — جس کے لیے ہم اور ہمارے اسلاف کرام ہمیشہ
کوشاں رہے ہیں ۔ میرے چند کلمات [illegible]
کو کہے تھے، ان سے بعض مسلمانوں کے [illegible]
پہنچی — اس پر معذرت ظاہر کرتا ہوں۔

میری ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ ملت کی عقائد کے
اختلاف کے باوجود باہمی ربط اور آپس میں قربت [illegible] رہے، کیونکہ
ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہم کلمہ لا الہ الا اللہ پر متحد ہیں۔

Badri Mahal, Dr. D.N. Road, Bombay-400 001. Phones: 269071/2/3 Telex: MISR-IN 3508



گذشتہ شام جو ناخوشگوار حالات اس شہر میں پیدا ہوئے،
اس سے مسلم کا باہمی اخوت رشتہ کمزور ہوجاتا ہے ۔ ہم
سب کو ضرورت ہے کہ اس تلخی کو بھلا کر ہمیشہ کی طرح ایک
دوسرے سے محبت اور اخوت کے جذبے کے تحت بغل گیر ہوں

میں اللہ عز و جل سے دعا کرتا ہوں کہ رب العزت ہمیں صراط مستقیم
پر چلائے اور دین اسلام کی شان کو دوبالا کرے

الداعي الفاطمي
محمد برهان الدين

۱ ستمبر ۱۹۸۸ء

Signed before me
Today 5th Sep 1988

[signature]
5/9

C.M. - Maharashtra.

Badri Mahal, Dr. D.N. Road, Bombay-400 001. Phones. 269071-2-3 Telex: MISR-IN 3308

۴

ہمارے مطالبات (۱) مسلم پرسنل لا یا اسلامی شریعت کے قانون میں ہمیں کسی طرح کی ترمیم منظور نہیں اور ہمیں یہ یقین دہانی کرائی جائے کہ کسی بھی راستے سے کبھی بھی مسلم پرسنل لا میں کسی قسم کی ترمیم نہیں کی جائیگی اور ہماری مذہبی آزادی و ملی تشخص کو برقرار رکھا جائیگا

(ب) مطلقہ کے نان نفقہ کے متعلق سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلہ کو پارلیمنٹ کے ذریعہ ختم کرایا جائے

(ج) مسلمانوں کو یکساں سول کوڈ (دستور ہند کے آرٹیکل ۴۴) سے مستثنیٰ رکھا جائے۔

(د) قرآن مقدس پر مقدمہ دائر کرنے والوں کے خلاف فوراً تعزیری کاروائی کی جائے

ضروری نوٹ: (۱) اس کتابچہ کے ساتھ منسلک دستخطی فارم اور پوسٹر کو ہر شہر کے مسلمان اپنی اپنی تنظیموں اور اداروں کی طرف سے شائع کرا کر اپنے اپنے علاقوں میں تقسیم کرائیں اور تحفظ شریعت کے لئے ملت میں ایک نئی زندگی پیدا کر کے ثواب دارین حاصل کریں۔ (۲) دستخطی فارم پر زیادہ سے زیادہ دستخط کرا کر مسٹر راجیو گاندھی وزیر اعظم نئی دہلی کے نام روانہ کریں اور اسکی اطلاع کمیٹی کو دیں۔

ارکان کمیٹی

۱۔ حضرت مفتی اعظم اختر رضا خاں صاحب قادری (صدر) ۲۔ حضرت علامہ تحسین رضا خاں صاحب (نائب صدر)

۳۔ حضرت مولانا منان رضا خاں منانی (جنرل سکریٹری) ۴۔ عبد النعیم عزیزی (سکریٹری نشر و اشاعت)

ممبران کمیٹی

۱۔ حضرت سید سخاوت حسین صاحب امام جامع مسجد (۲) حضرت مولانا حبیب رضا خاں (۳) عبد النفیس خاں

(۴) حاجی خالد صاحب نوری (۵) حاجی عبد القیوم سوئیوں والے (۶) مرزا طاہر بیگ

(۷) حکیم محمد اجمل خاں

کل ہند مسلم پرسنل لا بچاؤ کمیٹی ۸۲ سوداگران رضا نگر بریلی شریف

مسلم پرسنل لا کیا ہے؟

اس کے دفاع کے لئے ہمیں کیا کرنا ہے

کل ہند مسلم پرسنل لا بچاؤ کمیٹی

محلہ سوداگران رضا نگر بریلی شریف

اردو الیکٹرک پریس ذخیرہ بریلی

مسلم پرسنل لاء شریعت اسلامی کا ایک حصہ ہے جسکی بنیاد قرآن و حدیث ہے۔ شریعت اسلامی کا وہ قانون جس کا تعلق شادی نکاح طلاق فسخ نکاح خلع ترکہ کا بٹوارہ، وصیت، ہبہ، بچہ کی پرورش وغیرہ مسلمانوں کے باہمی اور گھریلو معاملات سے ہے اُسے مسلم پرسنل لاء کہا جاتا ہے

ہندوستان پر جب انگریزوں کا تسلط ہوا تو انھوں نے فوجداری وغیرہ کے اسلامی قانون کا نفاذ ختم کر کے صرف مسلم پرسنل لاء کو باقی رکھا ۱۹۴۷ء کے بعد بھی ہندوستان میں مسلم پرسنل لاء کا نفاذ رہا۔ مگر کچھ سالوں سے اس بات کی کوشش برابر ہو رہی ہے کہ مسلم پرسنل لاء کو ختم کر دیا جائے

سپریم کورٹ کا فیصلہ

۲۳ اپریل ۱۹۸۵ء کو محمد احمد بنام شاہ بانو کے مقدمہ میں سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ دیا ہے کہ "مطلقہ اپنے سابقہ شوہر سے اسوقت تک نان ونفقہ پانے کی حقدار رہیگی جب تک وہ (مطلقہ) دوسری شادی نہ کرلے" یہ فیصلہ اسلامی قانون کے قطعی خلاف ہے اور یہ مسلم پرسنل لاء میں کھلی ہوئی مداخلت ہے

سپریم کورٹ نے یہ بھی لکھا ہے کہ اگر اس قانون کو مسلم پرسنل لاء کے خلاف بھی مان لیں تو بھی ضابطہ فوجداری کا یہ قانون مسلم پرسنل لاء کے قانون پر غالب مانا جائیگا" اور سپریم کورٹ نے اس فیصلہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ گورنمنٹ یکساں سول کوڈ نافذ کرنے کے لئے اقدام کرے" ظاہر ہے کہ یکساں سول کوڈ کے نفاذ کا مطلب ہوا۔ مسلمانوں کے شرعی قانون کو ختم کر دینا۔ اور یہ سراسر اسلامی قانون، میں مداخلت ہے اور ہماری مذہبی آزادی کو ختم کرنا ہے جو کسی بھی حالت میں مسلمانوں کیلئے ناقابل قبول ہے

ہمارے ساتھ کیا برتاؤ ہو رہا ہے ۔ ہمیں فسادات کی چکی میں پیسا جاتا رہا ہم برداشت کرتے رہے لیکن اب قرآن مقدس پر مقدمہ دائر کیا جا رہا ہے قرآنی آیات کے مطلب کو توڑ مروڑ کر تفسیروں میں ردوبدل کر کے اور قرآن و حدیث ہی کو دلیل بنا کر اسلامی قانون یعنی قرآن وسنت، شریعت مطہرہ کو مسخ کیا جا رہا ہے ہم جان پر ظلم تو برداشت کرسکتے ہیں لیکن ایمان پر حملہ کبھی بھی حالت اور کسی بھی قیمت پر ہرگز برداشت نہیں کر سکتے۔

عظمت سرورِ کونین ہے پونجی اپنی — جان دیکر بھی بچے یہ تو بچائے رکھئے
جو جان مانگو تو جان دیدیں جو مال مانگو تو مال دینگے — مگر یہ ہم سے نہ ہو سکے گا نبی کا جاہ و جلال دینگے

ہمیں کیا کرنا چاہئے

(۱) ہمارے ائمہ مساجد، اساتذہ مدارس، علماء و مفتیان کرام خانقاہوں کے سجادگان و متولیان، مقررین و مصنفین، مدیرین و منکرین دینی و فلاحی انجمنوں کے ارکان ذمہ داران غرضیکہ ہر مسلم کا یہ ملی فریضہ ہے کہ وہ مسلم مرد اور عورت کو مسلم پرسنل لاء اور شریعت اسلامیہ کی فرضیت و اہمیت سمجھائے اور پرسنل لاء کے بارے میں بتائے اور ہر گھر سے صدائے احتجاج بلند ہو کہ ہمیں شریعت اسلامیہ میں تبدیلی ناقابل قبول ہے اور ہم اسے ہرگز برداشت نہیں کر سکتے۔

(۲) ہر شہر قصبہ اور گاؤں میں اس سلسلہ میں جلسہ و جلوس کا انعقاد کیا جائے دستخطی مہم چلائی جائے اور گھر گھر سے دستخط کرا کر پرائم منسٹر آف انڈیا کو روانہ کیا جائے ٹیلی گرام بھی کئے جائیں۔

(۳) مسلم پرسنل لاء میں تبدیلی چاہنے والوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے اور تبدیلی چاہنے والے نام نہاد مسلمانوں کا بائیکاٹ کیا جائے۔ (۴) ہمیں یہ عہد بھی کرنا چاہئیے کہ ہم اپنے معاشرہ سے غیر شرعی رسم و رواج کو ختم کریں گے اور خدا و اس کے رسول اور علماء حق کا اتباع اور انکی اطاعت کریں گے اور شریعت مطہرہ کی حفاظت کی خاطر ہر طرح کی قربانی دینے کے لئے تیار رہیں گے۔

(۵) اسلامی زندگی اسلامی قوانین اور مسلم پرسنل لاء کے مسائل پر مختلف زبانوں میں لٹریچر شائع کر کے غیر مسلموں کے سامنے بھی پیش کئے جائیں تاکہ فرقہ پرست عناصر کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیاں دور ہوں اور دنیا جان جائے کہ اسلام نے ہی صحیح معنی میں حیات انسانی کے لئے ایک مکمل ضابطہ پیش کیا ہے

۷۸۶
۹۲

عزیزی مولوی شہاب الدین سلمہ کی دوسری تالیف تذکرہ
خلفاء مفتی اعظم علیہ الرحمہ والرضوان کو فقیر نے کہیں کہیں سے مطالعہ
کیا ماشاء اللہ اچھا لکھا ہے۔ حضور مفتی اعظم علیہ الرحمہ پر گذشتہ
چند سالوں میں بہت کچھ لکھا گیا ہے مگر خلفاء کے حالات میں
ابتک کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی۔ انہوں نے اس کمی کو پورا
کیا ہے

مولوی شہاب الدین سلمہ ایک ہونہار طالب العلم ہیں۔
تعلیم سے ابھی فارغ نہیں ہوئے ہیں دور طالب علمی میں
یہ انکی دوسری تالیف ہے۔ کچھ کتابوں کے مسودے تیار ہیں
مولی تعالیٰ ان کی عمر و علم و عمل میں اضافہ فرمائے اور
بیش از بیش توفیق خیر رحمت فرمائے آمین

فقیر محمد اختر رضا خاں ازہری قادری غفرلہ
۲۷ ذیقعدہ سنہ ۱۴۱۸ھ

Hazrat Allama Maulana Mufti
MOHAMMED
AKHTAR RAZA KHAN QADRI AZHARI
President: All India Sunni Jamiatul Ulema
Head Mufti: Central Darul Ifta-Bareilly Sharif

82, Raza Nagar, Saudagran, Bareilly Sharif,
U.P. - 243003 (India) • Tel: 0581-472166



حضرت علامہ مولانا مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری
قائم مقام حضور مفتی اعظم
صدر: آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء
صدر مفتی: مرکزی دار الافتاء بریلی شریف
۸۲ سوداگران، بریلی شریف، یو۔پی، (انڈیا)

پیش کردہ: محمد سعید نوری

Ref. No. ______________ حوالہ Date : ______________ تاریخ:

۷۸۶

کل بروز جمعہ بعد مغرب بتاریخ ۲۹ رمضان [illegible] بعد مغرب [illegible] سے شرعی
شہادت شرعیہ دی اور متعدد لوگوں نے اپنی آنکھ سے چاند دیکھنے کی گواہی دی لہذا
حکم کیا اور فتوی دیا کہ کل بروز ہفتہ بتاریخ ۸ جنوری ۲۰۰۰ء یکم شوال روز عید الفطر [illegible]
فقیر محمد اختر رضا [illegible]

فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دار الافتاء بریلی شریف

MARKAZI DARUL IFTA

82, Saudagran Raza Nagar Bareilly. Shareef. U.P.

Ph: 458543,472166 Fax: 472166



Ref............. Date:..................

۴۸۶
―
۹۲

آج بتاریخ ۲۹ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ مطابق ۳ اکتوبر ۲۰۰۵ء بروز جمعرات بعد نماز عشاء میرے پاس شہادت شرعیہ گذری شاہدین نے شہادت دی کہ ہم نے خود اپنی آنکھوں سے امسال عید الفطر کا چاند دیکھا اور لوگوں کو دکھایا جن کے نام یہ ہیں۔

۱۔ حافظ محمد عقیل ولد حبیب احمد محلہ پکھر یا شہر پیلی بھیت ۲۔ محمد عمران ولد عابد حسین محلہ سرفراز خاں پیلی بھیت ۳۔ محمد عثمان ولد محمد ظہور محلہ سرفراز خاں پیلی بھیت۔ ۴۔ محمد مقیم رضا ولد محمد اعظم امام مسجد نرسمہا ہیشن پور بریلی شریف

لہذا میں حکم کرتا ہوں کہ کل بروز جمعہ یکم شوال المکرم ۱۴۲۶ھ عید الفطر ہے۔

۵۔ عبد الرشید خاں ولد شمشیر خاں موہن پور ٹھریا بریلی شریف

(۶) مولانا عطاء الرحمٰن والد شرافت حسین امام جامع مسجد ملپور

فالحکم و امر ہم ہو
الفقیر محمد اختر رضا القادری الازہری
شب یکم شوال المکرم ۱۴۲۶ھ



محمد ناظم علی قادری بارہ بنکوی
مرکزی دار الافتاء ۸۲ سوداگران بریلی شریف
شب یکم شوال المکرم ۱۴۲۶ھ

بہاء المصطفیٰ قادری
شب یکم شوال ۱۴۲۶ھ



Hazrat Allama Maulana Mufti
MOHAMMED
AKHTAR RAZA KHAN QADRI AZHARI
President: All India Sunni Jamiatul Ulema
Head Mufti: Central Darul Ifta-Bareilly.
82, Raza Nagar, Saudagran, Bareilly Sharif
U.P. 243003. (INDIA) • Tel: 0581-472166



حضرت علامہ مولانا مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری
قائم مقام حضور مفتیٔ اعظم
صدر: آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء
صدر مفتی: مرکزی دار الافتاء بریلی شریف
۸۲ سوداگران، بریلی شریف، یو۔پی، (انڈیا)

پیش کردہ محمد سعید نوری

Ref. No. ______ حوالہ

تاریخ: یکم جون ۲۰۰۰ء Date

برادر دینی و یقینی عالی جناب عزیزم الحاج محمد سعید نوری (زید مجدہ) سلام مسنون و دعاء خیر مشحون

(رضا اکیڈمی بمبئی)

بعد سلام مسنون ------ امید کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ فقیر نے بعض مخلص احباب کے اصرار پر بریلی شریف میں ایک عظیم الشان مدرسہ کے قیام کا مکمل ارادہ کر لیا ہے۔

بریلی شریف اہل سنت و جماعت کا مرکز ہے۔ اور یہاں پر بریلی کے شایان شان ایک ہمہ جہت ادارے کی ضرورت تھی۔ اسی ضرورت کا اظہار سالوں قبل تاجدار اہل سنت حضور مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا تھا اور اس بات کی طرف کوشش بھی فرمائی تھی کہ مرکزی ادارہ قائم ہو جائے، انہیں آرزوں کی تکمیل کیلئے فقیر نے

مرکز الدراسات الاسلا میہ جامعۃ الرضا

کے نام سے ادارہ کا کام شروع کرا دیا ہے۔ درگاہ اعلیحضرت (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے صرف ڈھائی کلومیٹر کے فاصلے سے رام پور دہلی روڈ سے بالکل متصل ایک وسیع قطعہ اراضی کی خریداری کا عزم مصمم کیا ہے۔

مرکز کے شعبہ جات میں حفظ و قرات، مکمل درس نظامیہ، تربیت افتاء، لائبریری، کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر، ہندی، انگریزی، سائنس، اشاعت و تصنیف اور مختلف شعبہ جات قائم کرنے کا ارادہ ہے۔

اس مرکزی دار العلوم کو قومی ادارہ کی شکل دینے کیلئے چند مخصوص اشخاص پر مشتمل ایک ٹرسٹ تشکیل دیا جا رہا ہے۔

حامل رقع جناب مولانا محمد شہاب الدین رضوی سلمہٗ ____ آپ کے پاس آ رہے ہیں۔ آپ ہر ممکن سطح سے خود تعاون کریں اور دوسرے حضرات سے تعاون کروائیں۔ تاکہ یہ عظیم منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل کو پہونچ سکے۔ فقیر آپ سب کی صحت و سلامتی کیلئے دعا کرتا ہے۔

دعا گو:

محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ

(فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہٗ)

۷۸۶
۹۲

ایک ضروری وضاحت

رمضان المبارک سے کئی مہینے پہلے فقیر کی آنکھ کا آپریشن ہوا۔ جس کے بعد بہت دنوں تک لکھنا پڑھنا بند رہا۔ اب بھی خود بہت کم لکھ پڑھ رہا ہوں۔ پھر رجب، شعبان کے مہینے مسلسل ملکی اسفار میں گذرے اور رمضان المبارک میں زیارت مدینہ طیبہ کے لئے حاضر ہوا۔ غیر حاضری میں یہاں دفتر کے لوگوں نے رمضان کا پوسٹر مرتب کرکے شائع کرا دیا۔ جس میں مرکزی دار القضا کے مزید اخراجات کی تکمیل کے لئے لوگوں سے چندہ، عطیات اور صدقات نافلہ دینے کی اپیل کی۔ وہیں بعض جگہ سے صدقہ فطر، زکوٰۃ اور عشر کے الفاظ بھی اس میں شامل کر دئے۔ شوال کے اواخر میں بریلی شریف میری واپسی ہوئی تو میں اس پر مطلع ہوا۔ چونکہ یہ بھی ممکن ہے کہ پوسٹر پہ چھپا اور کہیں اس طرح کی کوئی اپیل شائع ہو گئی تھی جس کی اطلاع مجھے نہیں۔ مرکزی دار القضاء کے تمام تر اخراجات فقیر اپنی جیب خاص اور کچھ ملت کے بہی خواہوں کے عطیات سے پورا کر رہا ہے۔ اس میں زکوٰۃ و صدقات واجبہ کی رقم صرف نہیں کی جاتی ہے۔

احقر محمد اختر رضا الازہری غفرلہ

محرم شریف اور ہم ۔ ہم محرم کیسے منائیں

محرم شریف اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے۔ اس ماہ میں اور خاص کر اس ماہ کی دسویں تاریخ کو بہت سارے تاریخی واقعات رونما ہوئے ہیں اور اسی ماہ کی دسویں تاریخ کو ہمارے نبی و رسول سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے لاڈلے نواسے، ان کے شہزادگان و خاندان کے نونہالان اور رفقائے اسلام کی بقا کے خاطر اپنے آپ کو قربان کردیا۔ حضرت حسین اور ان کے ساتھیوں نے دین کے خاطر کیسی بڑی قربانیاں پیش کیں۔ کیسے کیسے ظلم سہے۔ انہیں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ سنکر ہی کلیجہ خون ہوجاتا ہے۔

توکیا ایسے مقدس مہینے میں اور اس ماہ کی یکم تاریخ سے عشرہ تک ہمارے مسلم عوام جو میلہ تماشے اور خرافات و خرابات پھیلاتے ہیں کیا وہ اسلامی اور حسینی طریقہ ہے اور ان خرافات سے ہم حسین رضی اللہ عنہ کو خوش کرسکتے ہیں، ہرگز نہیں ـــ یہ سارے غیر شرعی طور طریقے ہیں اور ان سے اسلام اور مسلمان دونوں بدنام ہوتے ہیں۔

لہٰذا سُنّی بھائیو اور بہنو! روافض کے طور طریقے سے پرہیز کرو۔ فرضی کربلاؤں اور امام باڑوں کی آرائش اور وہاں میلے ٹھیلے لگانے سے بچو اور دور رہو۔ عورتیں پردہ کریں۔ علم۔ تعزیہ ضریح اور تخت وغیرہ کے جلوس کو نہ دیکھیں اور نہ ہی چھتوں پر کھڑی ہوں۔ گھروں میں رہیں۔ نوافل پڑھیں۔ قرآن خوانی کریں نویں دسویں کو ہرگز باہر نہ نکلیں، مرد بھی جاہلانہ رسوم اور بدعات و حرام کاموں سے پرہیز کریں۔ سبیل لگائیں نذر و نیاز کریں۔ لنگر تقسیم کریں مگر روٹیوں کو پھینکیں نہیں نیاز اور لنگر کی بیحرمتی نہ کریں۔

اعلیٰ حضرت اور مفتی اعظم کے ماننے والے

اعلیٰ حضرت نے اپنی کتاب رسالہ تعزیہ داری میں مروجہ تعزیہ داری، ماتم، جلوس علم و تخت اور عورت مرد کے اختلاط کو ناجائز و حرام بتایا ہے۔ البتہ امام اور کربلا والوں کے لئے ایصال ثواب نذر و نیاز اور لنگر و ان کے صحیح روایت کے ساتھ ذکر سننے اور کربلا شریف کے صحیح نقشہ کو رکھنے اور دیکھنے (گھمانے کو نہیں) جائز و ثواب اور نیک کام بتایا ہے لہٰذا مسلک کو بدنام نہ کرو اور اپنے روحانی پیشواؤں اور پیروں کے فرمان پر عمل کرو۔ جنکو کوئی مسئلہ اس سلسلہ میں معلوم کرنا ہو وہ مرکزی دارالافتاء محلہ سوداگران میں رابطہ کریں۔

المعلنین۔ جانشین مفتی اعظم اختر رضا خان ازہری، عبد النعیم عزیزی، ڈاکٹر نفیس، و مریدان مفتی اعظم

(اردو [illegible] بریلی [illegible])

Hazrat Allama Maulana Mufti
MOHAMMED
[A]khtar Raza Khan Qadri Azhari
[Pr]esident: All India Sunni Jamiatul Ulema
Head Mufti: Central Darul Ifta-Bareilly.
[8]2. Raza Nagar, Saudagran, Bareilly Sharif
U.P. 243003. (INDIA) • Tel: 72166

۹۲ ۷۸۶
فیضان رضا

علامہ مولانا مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری
قائم مقام حضور مفتی اعظم
صدر: آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء
صدر مفتی: مرکزی دار الافتاء بریلی شریف
۸۲ سوداگران، بریلی شریف، یو۔پی، (انڈیا)

پیشکش: محمد سعید نوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم —— نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بڑے افسوس کی بات ہے کہ اب اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کے مزار پر بھی عورتیں آنے لگی ہیں۔ جبکہ اعلیٰحضرت نے عورتوں کو ایام عرس اور غیر عرس دونوں میں مزارات پر حاضری دینے سے منع فرمایا۔ اور اپنی کتاب فتاویٰ افریقہ میں تاتارخانیہ سے امام قاضی کا وہ قول نقل فرمایا، جو انہوں نے مزارات پر عورتوں کی حاضری کے سلسلہ میں جواباً ارشاد فرمایا —— کیا عورتوں کو قبرستان کا جانا جائز ہے، تو آپ نے ارشاد فرمایا ایسی بات میں جائز ناجائز نہیں پوچھتے، یہ پوچھو کہ جائیگی تو اس پر کتنی لعنت ہوگی۔ خبردار جب وہ جانے کا ارادہ کرتی ہے تو اللہ اور اس کے فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔ اور جب گھر سے چلتی ہے، سب طرف سے شیطان گھیر لیتے ہیں۔ اور قبر پر آتی ہے تو میت کی روح اسے لعنت کرتی ہے اور پلٹتی ہے تو اللہ کی لعنت کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس کے بعد بھی فرماتے ہیں۔ البتہ حاضری و خاک بوسی آستانہ عرش نشان حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعظم مندوبات بلکہ قریب واجبات میں سے ہے۔

اس لیے خود اپنے مریدین و متوسلین سے آج ہی نہیں بلکہ پہلے بھی یہ گزارش کرتا آیا ہوں کہ اللہ کے رسول کی خاطر اپنے ساتھ عورتوں کو ہرگز ہرگز نہ لائیں۔

دعاگو!
فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ

٧٨٦/٩٢

روداد

ادارہ اشاعتِ تصنیفاتِ رضا

خواجہ قطب بریلی شریف

زیر سرپرستی

حضور مفتی اعظم ہند

रुदाद

इदारा इशाते तसनीफाते रज़ा

ख्वाजा कुतुब बरेली शरीफ़

ज़ेरे सरपरस्ती

हुज़ूर मुफ्तीए आज़म हिन्द

(بریلی الیکٹرک پریس بریلی)

۲۸۶
۹۲

مورخہ [illegible] اکتوبر سنہ ۹۶ء

بخدمت جناب علامہ مولانا مفتی حضرت اختر رضا خاں صاحب ازہری
جانشینِ مفتی اعظم ہند مدظلہ عالی

السلام علیکم

حضرت سے التماس ہے کہ قدیم انتظامیہ کمیٹی جامع مسجد بریلی شریف کے صدر و سیکریٹری اور اراکین کمیٹی نے اپنی دھاندلی سے جامع مسجد کی آمدنی کو اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرتے رہے ہیں۔ اور کبھی ماہانہ اور سالانہ آمد و خرچ کی کوئی فہرست مسجد میں عوام برائے مصلیان چسپاں نہیں کی ہے جس کی وجہ سے نمازیوں اور اہل محلہ کو ہمیشہ اعتراض رہا ہے۔ اور ۱۹۷۰ء سے لیکر آج تک جو بھی سرمایہ و وقف جامع مسجد کی جائداد کا آتا ہے اپنے نجی نام سے بینک کے کھاتوں میں جمع کرتے رہے ہیں۔ جامع مسجد کے نام سے آج تک کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں کھولا گیا ہے

ہر جمعہ کو جو چندہ مسجد میں ہوتا ہے اس کے بارے میں بھی مسجد کے نمازیوں کو آج تک کوئی پتہ نہیں کہ اس مد سے آئی ہوئی رقم کتنی جمع ہو چکی ہے۔
اس سلسلے میں ایک نوٹس بھی ۳۱ اگست ۱۹۹۶ء کو نئی کمیٹی کے صدر کی جانب سے پرانی کمیٹی کے صدر کو دیا جا چکا ہے جس کی کاپی ہمرشتہ ہے۔

یہ بتانا بھی بہت ضروری ہے کہ نئی کمیٹی جو ترتیب دی گئی ہے وہ پرانی کمیٹی کی بڑھتی ہوئی بدعنوانیوں کو دیکھتے ہوئے وجود میں لائی گئی ہے تاکہ مسجد کی آمدنی کو خرد برد نہ کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے واقعات ہیں جن کو یہ اہل محلہ و مصلیان مسجد سے معلومات کی جا سکتی ہے۔

یہ بریلی شریف کی جامع مسجد ہے جس کا اپنا ایک خصوصی مقام ہے لہٰذا اس کا صدر و سیکریٹری اور اراکین کا پابند شرع ہونا اشد ضروری ہے تاکہ مسجد کی کمیٹی کا ایک وقار قائم رہے۔ ان تمام باتوں کو بہت اختصار کے ساتھ بیان کیا ہے۔

ہم لوگ بدرجہ مجبوری اس قضیہ کو آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں اس امید پر کہ آپ اہل سنت والجماعت و مرکز اہلسنت کے صدر مفتی الافتاء اور جانشین مفتی اعظم بھی ہیں۔ شریعت کی روشنی میں اس تنازعہ کو حل فرما کر ملت پر احسان فرمائیں گے۔
امید ہے کہ ان تمام باتوں کی تحقیق اپنی جانب سے کروائیں۔ حضرت مولانا محمد غوث خاں صاحب مبلغ اہلسنت جو حق گوئی اور صاف گوئی میں بھی مشہور ہیں انکو حکم صادر فرما کر تحقیق کروائیں تاکہ ملت فتنوں سے محفوظ ہو جائے فقط خاکسار

۱- حاجی ببو — محلہ ۱۴۹ کنگھی ٹولہ
۲- ظہیم میاں — [illegible]
۳- زاہد بیگ — محلہ کنگھی ٹولہ
۴- صغیر احمد — بازار صندل خاں جامع مسجد
۵- خلیل احمد — جامع مسجد کنگھی ٹولہ

۱۸ شکیل احمد کنگھی ٹولہ — شکیل احمد
ببو میاں
۷- چندہ میاں ۱۱ چندو میاں
زاہد بیگ — حافظ مرتضیٰ حسین — حافظ [illegible]
صغیر احمد — عبدالعزیز خان کنگھی ٹولہ — [illegible]
[illegible] — محمد نعیم [illegible] — محمد حنیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم
سلام قولا من رب رحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

۳۱۱	۹۹۶	۹۹۱	۹۹۲
۹۹۲	شافی	سلام	۹۹۵
۳۶۰	حفیظ	حفیظ	۱۳۳
۹۹۷	۹۹۳		۹۹۰

یا سلام یا کبیر یا رشید یا مجیب [illegible]
وصلی اللہ تعالی علی سید محمد وآلہ وصحبہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
سلام قولا من رب رحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

۳۸	۳۹۲	۳۸۸	۳۸۵
۳۸۹	۳۸۳	۳۷۶	شافی
سلام	۳۸۶	۳۹۳	۳۸۰
۳۸۳	شفا	۳۸۲	۳۸۷

اللہ الشافی اللہ الکافی بحرمت المصطفی اللہ اللطیف
[illegible] وصلی اللہ تعالی علی سید محمد وآلہ
وصحبہ وبارک
وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
سلام قولا من رب رحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

۳۹۹	۶	۳	۸
۴	ف	ت	۵
۷	۱	ح	۱۲
ک	۱۲	۸	۲

یا فتح یا فتاح [illegible]
وصلی اللہ تعالی علی سید محمد وآلہ وصحبہ وسلم

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحيم

سلام قولا من رب رحيم

لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم

٣٩٢	٩٩١	٩٩٦	٣١٢
٩٩٥	سلام	شاف	٩٩٢
١٣٢	حفيظ	حافظ	٣٩٠
٩٩٠		٣٨٩	٩٩٧

يا سلام يا كبير يا رشيد يا حكيم [illegible]

وصلى الله تعالى على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم

بسم الله الرحمن الرحيم

سلام قولا من رب رحيم

لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم

٨	٣٠	٦	٣٩٩
٥	ت	ف	٤
١١	ح	١	٤٧
٢	٨٧	٤٢	٧

يا فتاح يا [illegible]

وصلى الله [illegible]

Hazrat Allama Maulana Mufti
MOHAMMED
AKHTAR RAZA KHAN QADRI AZHARI
President: All India Sunni Jamiatul Ulema
Head Mufti: Central Darul Ifta - Bareilly.
82, Raza Nagar, Saudagran, Bareilly Sharif
U.P. 243003, (INDIA)- Tel: 0581- 2472166, 2458543



حضرت علامہ مولانا مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری
قائم مقام حضور مفتی اعظم
صدر: آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء
صدر مفتی: مرکزی دار الافتاء بریلی شریف
۸۲ سوداگران، بریلی شریف، یو۔پی۔(انڈیا)۔

Ref No. ________ حوالہ

Date: 11/3/08 تاریخ:

بیان

قاضی القضاۃ جانشین مفتی اعظم ہند تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی اختر رضا خاں ازہری نے آج ازہری مہمان خانہ محلہ سوداگران میں سوال و جواب کی مجلس میں ایک سائل کے جواب میں فرمایا کہ: جولوگ رضوی واشرفی اتحاد کا اعلان کر رہے ہیں وہ درحقیقت رضوی اور اشرفی کا اختلاف تھا ہی نہیں، تو اتحاد کی بات کہاں سے آئی۔ اختلاف ان لوگوں سے تھا جن لوگوں نے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی، میرے دادا حضرت حجۃ الاسلام، میرے نانا حضور مفتی اعظم ہند اور میرے والد ماجد مفسر اعظم ہند، شیخ المشائخ حضرت نوری میاں مارہروی اور حضرت میر عبد الواحد بلگرامی کی شان میں کھلم کھلا توہین کی۔

حضرت نے آگے فرمایا کہ کچھوچھہ کے ان لوگوں نے بریلی شریف، مارہرہ شریف اور بلگرام شریف کے بزرگوں کے خلاف اپنی تحریروں و تقریروں میں ایک درجن سے زائد مرتبہ گستاخیاں کی ہیں۔ مجھے حیرت ہو رہی ہے کہ ان بزرگوں کی اولادیں گستاخیاں اور توہین کرنے والوں سے ہاتھ ملا کر عوام اہل سنت کو اتحاد کا کیسا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ یہ اتحاد اپنے آپ میں ایک اختلاف کی بنیاد ڈالنا ہے۔

حضرت نے مزید فرمایا کہ: کچھوچھہ کے مخصوص لوگوں نے ہندوستان ہی نہیں بلکہ بیرون ممالک میں بھی درگاہ اعلیٰ حضرت میں آرام فرما بزرگان دین کے خلاف تقریریں کی ہیں ان کی کیسٹیں آج بھی موجود ہیں، ان لوگوں نے آج تک نہ توبہ کی اور نہ ہی رجوع کیا ہے، اس لئے ان سے اتحاد کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور ان سے اتحاد اسی وقت ممکن ہے جب اپنی تحریروں اور تقریروں سے توبہ اور رجوع کرلیں۔ اگر ایسا نہیں کرتے تو کسی غیر ذمہ دار شخص کے جاکر ملنے سے یا اسلامیہ کالج کے اسٹیج پر اعلان کرنے یا کسی شخص کے کچھوچھہ سے آجانے پر اتحاد قائم نہیں ہو سکتا۔

حضرت نے فرمایا کہ جن علماء سے اختلاف تھا وہ آج بھی باقی ہے، اختلاف ختم نہیں ہوا ہے، ایسی صورت میں کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ وہ اتحاد کا اعلان کرے یا اتحاد زندہ باد کے نعرے لگائے، یہ بات بھی ظاہر کردینا ضروری ہے کہ یہ اختلاف کوئی ذاتی رنجش نہیں بلکہ بزرگان دین کی شان میں کی گئی گستاخی ہے، اور دینی وشرعی مسائل میں نئی راہیں پیدا کرنا ہے، وہ آج اپنی گستاخیوں سے رجوع اور توبہ کرلیں تو اتحاد خود بخود ہو جائے گا، نہ یہاں آنے کی ضرورت ہے اور نہ جانے کی۔

حضرت نے آخر میں عوام اہل سنت اور بالخصوص مریدین و معتقدین سے ایسے اتحاد کے نعرہ لگوانے والوں کا بائی کاٹ کرنے کا حکم فرمایا۔

فقیر محمد اختر رضا قادری ازہری غفرلہ

فقیر حبیب رضا قادری غفرلہ

فقیر محمد سلمان رضا غفرلہ

محمد افروز قادری

فقیر محمد سبحان رضا خاں سبحانی غفرلہ

محرر: محمد شہاب الدین رضوی غفرلہ
قومی جنرل سکریٹری
آل انڈیا جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی شریف

تصانیف

حضرت تاج الشریعہ علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں ازہری بریلوی

حضرت کی اردو میں شائع ہونے والی تصنیفات درج ذیل ہیں:

تصویروں کا شرعی حکم	تین طلاقوں کا شرعی حکم
ایک غلط فہمی کا ازالہ	ٹی وی ویڈیو کا آپریشن
دفاع کنز الایمان	آثار قیامت
ہجرت رسول	شرح حدیث نیت
ٹائی کا مسئلہ	جدید ذرائع ابلاغ
چلتی ٹرین میں نماز کا مسئلہ	جلوس محمدی کا ثبوت
سنو چپ رہو	ذکر حضور مفتی اعظم

تصانیف مولانا محمد شہاب الدین رضوی

مفتی اعظم اور ان کے خلفاء	تاریخ جماعت رضائے مصطفیٰ
مفتی اعظم کے سیاسی افکار	سوانح مولانا نقی علی بریلوی
مولانا رضا علی خاں بریلوی اور جنگ آزادی	مولانا حسنین رضا بریلوی حیات وخدمات
حیات تاج الشریعہ	نوادرات تاج الشریعہ
دعوت شریعت	تحریک عدم تقلید اور جامع الشواہد
تاریخ وعقائد جماعت اہل حدیث	اسلامیان ہند کے قومی ملی مسائل
دنیا اسلام کی تلاش میں	جہاد آزادی روہیل کھنڈ
عدل وانصاف کا قرآنی مفہوم	گستاخ رسول کی سزا
سوانح برہان ملت	حیاۃ اعلیٰ حضرت (ہندی)

ملنے کا پتہ

اسلامک ریسرچ سینٹر محلہ سوداگران، رضا نگر، بریلی شریف (یوپی)

اسلام وسنیت کا تصنیفی اور اشاعتی ادارہ

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ اور دیگر اکابرین اہل سنت وجماعت کے افکار ونظریات، اور تعلیمات کی نشر واشاعت کے جامع منصوبہ پر عمل پیرا ہو کر ''اسلامک ریسرچ سینٹر'' درجنوں کتابیں شائع کر چکا ہے۔ ہمارے اشاعتی مقصد کے ساتھ ہی دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ کو مصنف، مضمون نگار، ترجمہ کار، اور قلم کا شاہکار بنانے کی بھی کوشش ہے۔ بین الاقوامی تقاضوں کے تحت مختلف زبانوں میں اپنی آواز ہر ایک فرد تک پہنچانے کی مخلصانہ جد وجہد کی جارہی ہے۔ جدید طرز فکر ونگارش میں علمی وتحقیقی انداز سے سیرت وتاریخ، دعوت وتبلیغ، اور رضویات کے موضوعات پر کتابیں تصنیف کی جارہی ہیں، اور خوبصورت انداز میں شائع کر کے عالم اسلام کے سامنے منظر عام پر لایا جارہا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ بریلی شریف میں تصنیف وتالیف، ترجمہ وتخریج، اور تنظیم وتحریک کا ایک مضبوط وموثر ادارہ ثابت ہو۔

تاج الشریعہ جانشین حضور مفتی اعظم علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری دامت برکاتہم العالیہ کی اکثر تصانیف جدید طباعت وکتابت کے ساتھ آپ کے ہاتھوں میں ہیں۔ راقم السطور حضرت کی شخصیت، جلالت علم وفضل، دینی وفقہی خدمات اور کارناموں پر مسلسل لکھ رہا ہے، آپ ان کتابوں کا مطالعہ ضرور کریں۔

محمد شہاب الدین رضوی بریلوی

Islamic Research Centre
58, Kasgaran, Saudagran, Bareilly Shareef, (U.P.) INDIA
Mob.: 9837549282, 9897385339
E-mail: mrazvi.razvi@gmail.com

www.alahazratbooks.com Rs. 200/-